پروگرام کی میزبانی عمران اے ایم خان طور پر شاعر اور ناقد معین شاداب شریک ہوئے۔ گفتگو کے دوران معین شاداب نے کیفی اعظمی کی شاعری میں عورت، محنت کش اور عام انسان کے تصور پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ ان کے مطابق کیفی اعظمی عورت کو مظلوم شئے کے طور پر پیش نہیں کرتے بلکہ سماج کی ایک ناگزیر اور فعال قوت کے طور پر دیکھتے ہیں۔ اسی طرح محنت کش طبقے اور سماجی ناانصافی کے موضوعات بھی ان کی شاعری میں پوری دیانت کے ساتھ سامنے آتے ہیں۔

نشست میں ان نظموں کا حوالہ بھی دیا گیا جو تاریخ کے نازک اور کڑے لمحوں میں لکھی گئیں اور جن میں ردعمل کے بجائے اخلاقی جرا?ت اور فکری استقامت نمایاں ہے۔ مجموعی طور پر یہ قسط کیفی اعظمی کی شاعری کو آج کے سماجی تناظر میں سمجھنے کی ایک سنجیدہ کوشش ہے۔

منور رانا: ماں کی دعا میں پلنے والا شاعر، برسی کے موقع پر ایک ماں اور ایک کنویں کی کہانی



اردو شاعری میں منور رانا کی شناخت ایک ایسے شاعر کے طور پر قائم ہے جس نے ماں کے رشتے کو محض جذباتی استعارہ نہیں بنایا بلکہ اسے زندگی کے سب سے مضبوط سچ کے طور پر پیش کیا۔ ان کی آواز، لب ولہجہ اور سادہ مگر گہرے اشعار آج بھی سامعین کے دلوں کو چھو لیتے ہیں۔ منور رانا کی شاعری میں ماں صرف ایک کردار نہیں بلکہ مکمل کائنات بن کر سامنے آتی ہے۔

منور رانا کی برسی 14 جنوری کو منائی جاتی ہے۔ اس موقع پر ان کی شاعری ایک بار پھر یہ احساس دلاتی ہے کہ انہوں نے ماں کے پیار، قربانی اور بے لوث دعا کو کس طرح لفظوں میں ڈھالا۔ ان کی شاعری میں ماں کا ذکر اس شدت اور سچائی کے ساتھ ملتا ہے کہ سننے والا خود کو اپنے بچپن اور اپنی ماں کی یادوں میں گھرا ہوا پاتا ہے۔

منور رانا نے ایک انٹرویو میں بچپن کا ایک واقعہ بیان کیا تھا جو ان کی پوری شاعری کی بنیاد سمجھا جاسکتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بچپن میں انہیں نیند میں چلنے کی عادت تھی۔ گھر کے قریب ایک کنواں تھا اور اہل خانہ کو یہ اندیشہ رہتا تھا کہ کہیں وہ نیند کی حالت میں اس میں گر نہ جائیں۔ اس خوف کے باعث ان کی ماں رات بھر کنویں کے کنارے بیٹھی رہتی تھیں۔ وہ روتے ہوئے کنویں سے کہتیں، "میرے بیٹے کو مت ڈبونا، یہ میرا اکلوتا بیٹا ہے۔"

یہ منظر منور رانا کے دل و دماغ میں ہمیشہ کے لیے ثبت ہوگیا۔ یہی وہ تجربہ تھا جس نے ان کے اندر ماں کے لیے وہ حساسیت پیدا کی جو بعد میں ان کی شاعری کا مرکزی حوالہ بن گئی۔ وہ کہتے تھے کہ ماں کی دعا وہ طاقت ہے جو انسان کو گرنے نہیں دیتی، چاہے حالات کتنے ہی سخت کیوں نہ ہوں۔

منور رانا کی شاعری میں ماں کے لیے محبت بار بار مختلف صورتوں میں جلوہ گر ہوتی ہے۔

لبوں پہ اس کے کبھی بددعا نہیں ہوتی،
بس ایک ماں ہے جو کبھی خفا نہیں ہوتی۔
اس طرح میرے گناہوں کو وہ دھو دیتی ہے،
ماں بہت غصے میں ہوتی ہے تو رو دیتی ہے۔

یہ اشعار محض شاعری نہیں بلکہ ایک مکمل تجربہ ہیں، جو ہر اس شخص کو چھو لیتے ہیں جس نے ماں کی شفقت کو قریب سے محسوس کیا ہو۔

تاہم، منور رانا کی زندگی کا آخری دور صرف شاعری تک محدود نہیں رہا۔ انہوں نے مختلف سیاسی اور سماجی موضوعات پر سخت اور بے باک بیانات دیے، جن کے باعث وہ مسلسل بحث کا مرکز بنے رہے۔ کسان تحریک کے دوران سوشل میڈیا پر ان کے تبصرے، رام مندر سے متعلق ان کے سوالات اور بعض عالمی واقعات پر ان کے بیانات شدید تنقید کا سبب بنے، مگر وہ اپنے موقف پر قائم رہے اور حق بیانی سے گریز نہیں کیا۔ اسی تناظر میں انہوں نے 2015 میں ملک میں بڑھتی ہوئی عدم برداشت کا حوالہ دیتے ہوئے اپنا ساہتیہ اکادمی ایوارڈ بھی واپس کردیا تھا۔

منور رانا کی ادبی شناخت ان کی شاعری ہی سے قائم رہے گی۔ وہ ماں کو دنیا کی سب سے بڑی طاقت مانتے تھے اور کہتے تھے کہ ماں کے قدموں تلے جنت محض ایک مذہبی تصور نہیں بلکہ ایک زندہ حقیقت ہے۔ ان کی شاعری میں ماں، وطن اور مٹی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ وہ کہتے تھے، "ہم تو اس ملک کی مٹی کو بھی ماں کہتے ہیں۔"

14 جنوری 2024 کو منور رانا کا انتقال ہوا، لیکن ان کی شاعری آج بھی زندہ ہے۔ ان کی برسی پر یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ منور رانا نے ماں کو محض لفظ نہیں بنایا، بلکہ اسے ایک ایسا احساس بنا دیا جو نسلوں تک زندہ رہے گا۔

☆☆☆

ادب نامہ: جاں نثار اختر کی شاعری، فکری سفر اور سماجی شعور پر بامعنی گفتگو

عمران اے ایم خان

نیشنل ہیرالڈ، نوجیون اور قومی آواز کے مشترکہ ادبی پروگرام ادب نامہ کی تازہ قسط اردو کے ممتاز شاعر جاں نثار اختر کے نام رہی۔ اس خصوصی نشست میں جاں نثار اختر کی شاعری کو محض رومان یا نظریاتی خانوں میں محدود کرنے کے بجائے، ان کے فکری سفر، سماجی شعور اور عہد سے مکالمے کے تناظر میں سمجھنے کی کوشش کی گئی۔

پروگرام کی میزبانی عمران اے ایم خان نے کی، جبکہ مہمان کے طور پر معروف شاعر اور ناقد معین شاداب شریک ہوئے۔ گفتگو کے دوران معین شاداب نے جاں نثار اختر کی زندگی کے مختلف مراحل پر روشنی ڈالی، خاص طور پر علی گڑھ سے ممبئی کے سفر کو ایک اہم تخلیقی موڑ کے طور پر پیش کیا۔ ان کے مطابق علی گڑھ میں تعلیم اور تدریس سے وابستگی کے بعد جاں نثار اختر کو یہ احساس ہوا کہ اپنے خوابوں اور اظہار کی وسعت کے لیے ایک بڑے سماجی اور ثقافتی دائرے کی ضرورت ہے، جس نے انہیں ممبئی کی طرف متوجہ کیا۔

نشست میں جاں نثار اختر کی شاعری میں انسان، سماج اور عہد کے باہمی رشتے پر تفصیل سے گفتگو ہوئی۔ ان کے منتخب اشعار کے ذریعے یہ واضح کیا گیا کہ ان کا کلام سوال سے زیادہ ایک تلخ حقیقت اور گہرے دکھ کی ترجمانی کرتا ہے۔ پروگرام کے ایک حصے میں معین شاداب نے جاں نثار اختر کے اشعار کی قر?ت بھی کی، جس سے شاعری کا داخلی آہنگ اور معنوی گہرائی ناظرین کے سامنے آئی۔

امریکہ، ایران کو جنگ کی گیدڑ بھبھکیاں دیکر ہراس پھیلانا چاہتا ہے

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ایران میں فوجی کارروائی کرنے کا مصمم ارادہ کرلیا ہے اور بہت ممکن ہے اس تحریر کے سامنے آنے تک حالات یکسر تبدیل ہوجائیں، یعنی امریکی بمبار ایران میں تباہی مچانا شروع کردیں۔ امریکہ نے دو دہائی قبل جھوٹے الزام لگا کر عراق اور افغانستان کو کھنڈر بنادیا تھا۔ عراق پر اس لئے حملہ کیا کہ اس وقت کے عراقی صدر صدام حسین نے ایک بہت ہی خطرناک ہتھیار تیار کرلیا ہے جس کا اگر استعمال کیا گیا تو وہ ہیروشیما اور ناگاساکی سے زیادہ خطرناک ہوگا اور پھر عراق کو تہس نہس کرکے رکھ دیا صدر صدام حسین کو گرفتار کیا اور انہیں بہت ہی بے دردی کے ساتھ قتل کردیا۔ افغانستان پر اس لئے حملہ کیا کہ امریکہ کے ٹوین ٹاور پر دہشت گردانہ حملے کے ساتھ دونوں ٹاور کو گرادیا اور اس دہشت گردی میں ملوث اصل شخصیت اسامہ بن لادن ہے جو افغانستان میں کہیں روپوش ہے لیکن نہ تو عراق سے وہ خطرناک ہتھیار ہی برآمد ہوا اور نہ ہی افغانستان سے اسامہ بن لادن۔ اسامہ کے بارے میں بتایا گیا کہ بارک اوبامہ دور میں امریکہ نے پاکستان کے ایبٹ آباد کے ایک سرنگ میں روپوش اسامہ بن لادن کو ڈھونڈ نکالا اور اسے گولی مار کر ہلاک کردیا اور اس کی نعش کے ساتھ بھاری پتھر باندھ کر بحر احمر میں ڈبو دیا۔ لیکن اسامہ کو ہلاک کرنے اور اس کی لاش کو پتھر سے باندھ کر گہرے سمندر میں غرق کرنے کی کوئی تصویر سامنے نہیں آئی جس سے کئی سوالات اٹھ کھڑے ہوئے۔ اس وقت امریکہ کے صدر ٹرمپ پر تمام چھوٹے چھوٹے اور بڑے دشمن ممالک کے خلاف اپنی سرگرمی تیز کردی ہے۔ وینی زیولا پر بغیر کسی الزام کے حملہ کردیا اور اس کے صدر کو اغوا کرکے امریکہ کی جیل میں ڈال دیا اور بڑے بے شرمی کے ساتھ یہ اعلان کردیا کہ اب اسے ہی وینی زیولا کا قائم مقام صدر تصور کیا جائے۔ وینی زیولا کو اپنی تحویل میں لے لئے جانے کے بعد ٹرمپ نے دوسرے چھوٹے ممالک اور ان کے سب سے بڑے دشمن ملک ایران کے خلاف سازش شروع کردی ہے اور پورے طور پر اپنے برّی، بحری اور فضائیہ فورس کو تیار ہوجانے کے لئے کہا کہ وہ جیسے ہی "شو" کریں وہ ایران پر لپک پڑیں اور پہلے ہی حملے میں ان کا اس قدر نقصان پہنچادیں کہ وہ اس قابل نہ رہے کہ جوابی کارروائی کرسکے اس وقت امریکہ اپنی خونی سازش کو پوری طرح سے تیار کرچکا ہے اور بہت ممکن ہے ٹرمپ ایران میں حملہ کرکے فضائیہ کے افسروں کو موقع دے کہ اس نے جس طرح سے عراق، افغانستان اور حال میں اسرائیل کی مدد سے فلسطین کو کھنڈرات کا ڈھیر بنایا، بالکل وہی حالت ایران کا کریں۔ ویسے لندن ٹائمز کی رپورٹ یہ ہے کہ امریکہ اس وقت دھونس دھڑلے سے کام لیکر ایران کو دھمکانے کی کوشش کررہا ہے تاکہ وہ امریکہ کے خلاف کچھ کرنے کی ہمت نہ کرسکے۔ دوسری طرف دنیا میں یہ تاثر دینے کے لئے کہ امریکہ سچ مچ ایران کے خلاف فوجی کارروائی شروع کردے گا، اس کے لئے اس نے امریکی شہریوں کو جو ایران میں ہیں انہیں فوری طور پر ایران چھوڑ دینے کی ہدایت کی ہے۔ ایران میں امریکہ کے ورچوئل سفارتخانے نے اپنے شہریوں کو فی الفور ایران کا انخلاء کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں ہونے والے احتجاج تیزی کے ساتھ شدت اختیار کرتے جارہے ہیں اور مختلف شہروں میں تشدد کی وارداتیں ہونے لگی ہیں لہٰذا ایران میں موجود امریکی کسی بھی مدد یا امکانی تعاون کا انتظار نہ کریں اور فوری طور پر ایران چھوڑ دیں۔ سفارتخانے نے امریکی شہری کو مشورہ دیا کہ ممکن ہو تو زمینی راستے سے آرمینیا یا ترکیہ کے ذریعہ چھوڑ دیں اور ایسے انتظامات کریں جن میں امریکی حکومت کی مدد کا انحصار نہ ہو۔ جو امریکی شہری ایران چھوڑنا نہیں چاہتے، وہ کسی محفوظ جگہ پر جاکر گھروں کے اندر رہیں اور باہر نکلنے کی کوشش ہرگز نہ کریں۔ دوسری طرف ایران میں جاری احتجاج اور پرتشدد مظاہروں کو جواز بناکر خوں آشام بھیڑیے کی طرح سے ٹرمپ نے ایران کے خلاف جنگ کا عندیہ پیش کردیا۔ ابھی امریکہ اور اسرائیل کی فوجوں پر صحیح معنوں میں ترس آتا ہے کہ ان دونوں ملکوں کے فوجی دستے اپنے حکمرانوں کے پاگل پن کی وجہ سے مہینوں بلکہ سالوں سے جنگ کے میدان میں اپنی زندگی گزار رہے ہیں اور انہیں خود یہ اندازہ ہے کہ وہ زندہ واپس اپنے گھر بھی جاسکتے ہیں، لیکن اس مرتبہ اگر دو ممالک کے درمیان جنگ ہوئی تو وہ جنگ نیوکلیائی جنگ ہوگی، اگر امریکہ پورے ایران کو تباہ کرنے میں کامیاب بھی ہوتا ہے تو ایران بھی اس کے دو تین شہروں کو مردہ پرستوں کی بستی بنا سکتا ہے لیکن ایران قوم کے نڈر فوجی نہ صرف امریکہ کے حملوں کا رخ بدل سکتے ہیں بلکہ شایان شان جواب بھی دے سکتے ہیں۔ (خ الف ف)

صوبہ بہار کے ایک عظیم صوفی بزرگ

حضرت مخدوم سیدنا پیر بدرالدین بدر عالم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

محمد توصیف عالم بہاری

شہر بہار شریف ایک ایسی جگہ ہے جہاں ہر دور میں صوفیائے کرام، دور دراز کی مسافتیں طے کرکے محض تبلیغ اسلام کے لئے جلوہ افروز ہوئے۔ اور اپنے فیوض و برکات سے لوگوں کو نوازتے رہیں۔ اسلام کا پیغام پہنچایا۔ اور لوگوں کے دلوں کو روشن ومنور کیا۔

اس سلسلے میں حضرت سیدنا پیر بدرالدین بدر عالم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا نام نمایاں ہے۔ آپ کا آستانہ عالیہ شہر بہار شریف کے بڑی درگاہ سے پورب تقریباً دو کیلومیٹر کا فاصلہ سرائی پر واقع چھوٹی درگاہ کے نام سے مشہور ومعروف ہے۔

بعض تذکرہ نگاروں نے اور حضرت مفتی عبد المتین سہروردی بہاری علیہ الرحمہ نے اپنی مشہور کتاب تحفہ بہار، میں آپ کا اصلی نام حضرت سید جلال الدین لکھا ہے۔ مگر آپ پیر بدرالدین بدر عالم رحمۃ اللہ علیہ کے نام سے مشہور ومعروف ہوئے۔ حضرت سیدنا پیر بدرالدین بدر عالم رحمۃ اللہ علیہ سلطان المحققین مخدوم جہاں حضرت شیخ شرف الدین احمد یحییٰ منیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہم عصر بزرگ ہے۔

حضرت مخدوم جہاں شیخ شرف الدین احمد یحییٰ منیری نے دعوت و تبلیغ اور اشاعت اسلام کے لئے بے شمار علماء ومشائخ کو دعوت دے کر بہار بلوایا تھا۔ اور بہار کے مختلف علاقوں میں ولایت تفویض فرمائی تھی۔ حضرت مخدوم جہاں نے آپ کو میرٹھ سے بہار طلب فرمایا۔ مگر جب آپ بہار تشریف لائے تو اس وقت حضرت مخدوم جہاں کا وصال ہو چکا تھا۔ ملاقات نہ ہونے سے بہت مغموم ہوئے اور افسوس کیا۔ چند روز حضرت مخدوم جہاں کے مزار پر دو زانوں ہوکر بیٹھے اور مراقب ہوئے۔ ارشاد ہوتا جاتا تھا کہ قریب آؤ، اور قریب آؤ، اور قریب آؤ یہاں تک کہ زانو مبارک قبر سے جالگا۔ یہ حالت دیکھ کر بعض خدام مزار نے کہا کہ کیسا بے ادب فقیر ہے۔ مزار پر چڑھا جاتا ہے۔

حضرت سیدنا پیر بدرالدین بدر عالم رحمۃ اللہ علیہ صوبہ بہار کے ساتھ آپ نے اپنے روحانی جذب وکشش سے بنگال کے لوگوں کو بھی سرفراز فرمایا۔ آپ بہار سے بنگال تشریف لے گئے۔ جس وقت آپ بنگال گئے تھے۔ اس وقت پورا بنگال جادوگری کے لئے مشہور تھا۔ اور خصوصی طور پر چاٹگام کا پورا علاقہ بھوت، پریت، اور جادوگروں کا مسکن تھا۔ مؤرخوں نے لکھا ہے کہ جب چاٹگام پہنچے تو آپ نے ایک پہاڑ پر قیام فرمایا۔ اور اسی پہاڑ پر آپ نے ایک چراغ روشن کیا۔ اس چراغ کی روحانی طاقت سے وہاں ظلمت وکفر دور ہوئی۔ بدروحوں، جادوگروں، اور کاہنوں کا مکمل صفایا ہوگیا۔ چراغ کو بنگلہ زبان میں چاٹی کہا جاتا ہے۔ اس لئے جس پہاڑ پر آپ نے چراغ روشن کیا، اس پہاڑ کا نام چٹی پہاڑ ہوگیا۔ اور اس پورے علاقے کا نام چاٹگرام ہوگیا۔ چاٹی کا معنی چراغ، اور گرام کا معنی گاؤں کے ہے۔ یعنی چراغ والا گاؤں، اس طرح بعد میں چاٹگام کے نام سے مشہور ہوا۔ مگر موجودہ نام چٹاگانگ اور موجودہ بنگلہ دیش کا دوسرا سب سے بڑا اور مشہور ومعروف شہر ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ بنگال کے چاٹگام میں آپ کے تشریف آوری سے اس ملک کی ظلمت وتاریکی ختم ہوکر نور اسلام یہ زمین روشن ومنور ہوگئی۔ اس پہاڑ پر آج بھی آپ کا چلہ گاہ موجود ہے۔ وہاں کے لوگ ہر سال قندیلیں روشن کرکے آپ کی یاد مناتے ہیں۔ (شرفا کی نگری)

مختصر آپ نے کئی شادیاں کی جن کے ذریعے سے کئی اولاد بھی ہوئی۔ اس کے بعد پھر واپس آپ بنگال سے بہار شریف تشریف لائیں۔ اور مستقل طور پر بہار شریف میں قیام رہے۔

آخر ایک دن تمام لوگوں کو سفر آخرت پر جانا ہے۔ آپ بھی 27 رجب المرجب 844 ہجری کو اس دار فانی سے رخصت ہوکر دار البقا کی طرف تشریف لے گئے۔ حضرت سیدنا پیر بدرالدین بدر عالم رحمۃ اللہ علیہ کے آستانے پر ہندو مسلم تمام مذہب کے لوگ جاتے ہیں۔ اور روحانی فیوض وبرکات سے مالامال ہوتے ہیں۔ آج اس علاقے میں مسلم آبادی تو نہیں ہے۔ مگر پورا علاقہ پیر بدر عالم کے نام سے مشہور ومعروف ہے۔ سینکڑوں سال گذر گئے، کیسا سیلاب، اور زلزلہ آیا ہوگا۔ تاریخ نے کتنی کروٹیں بدلی، ماحول نے کتنی مرتبہ انگڑائیاں لی ہوں گی، ہندو مسلم فسادات سے یہ زمین لرز اٹھا تھا۔ مگر حضرت سیدنا پیر بدر الدین بدر عالم رحمۃ اللہ علیہ کا آستانے سے روحانی فیوض وبرکات کل بھی جاری تھا۔ اور بھی جاری وساری ہے۔ اور خاص کر آسیب زدہ ہندو مسلم تمام مذہب وملت کے لوگ آتے ہیں اور اپنے مقصد میں کامیاب ہوتے ہیں۔ سال رواں حضرت مخدوم سیدنا پیر بدر عالم زاہدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا عرس 25 رجب المرجب بمطابق 15 جنوری بروز جمعرات شان وشوکت کے ساتھ منعقد ہوگا تمام عاشقان اولیا سے گذارش ہے کہ شریک عرس ہوکر بزرگان دین کے فیوض وبرکات سے مالامال ہوں۔

ابر رحمت ان کی مرقد پر گہر باری کرے
حشر تک شان کریمی ناز برداری کرے
خدا کی رحمتیں ہوں اے امیر کارواں تجھ پر
فنا بعد بھی باقی ہے شان رہبری تیری

رابطہ: 9709680137

شعور سخن: دانشوروں کی نظر میں



احسن امام احسن

عزیز حمزہ پوری پڑھے لکھے اور قابل شخص کا نام ہے۔ ایک باصلاحیت شخص کے متعلق کئی لوگ لکھنے کو تیار رہتے ہیں اور واقعی عزیز صاحب پر کئی لوگوں نے لکھا ہے۔ عزیز حمزہ پوری سے نہ کوئی خط وکتابت نہ ملاقات ہی ہے۔ یوں ہی کوئی کسی پر نہیں لکھ دیتا میں نے بھی موصوف پر قلم اُٹھایا ہے اس کی وجہ ہے کہ موصوف میں کچھ نہ کچھ بات ہے۔ موصوف سے کچھ دنوں سے جان پہچان ہے۔ ایک دو بار فون پر بات ہوئی ہے۔ بات کرنے سے ان کی صلاحیت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

عزیز حمزہ پوری کا اصل نام سید عزیز احمد ہے۔ ان کی پیدائش 26 نومبر 1960 کو حمزہ پور، شیرگھاٹی، گیا میں ہوئی۔ عزیز حمزہ پوری کے نام سے ادب کی دنیا میں مشہور ہیں۔ ان کا شعری مجموعہ "شعور سخن" اور دوسری کتاب اظہار افکار ہے جسے رضیہ شاہین نے ترتیب دیا ہے۔ اس کتاب میں بہت کچھ ہے۔

عزیز حمزہ پوری کے کلام میں جذبات کی رنگارنگی، خیالات کی ہمہ جہتی اور ندرت بیان، جذبہ اور احساس کو الگ رنگ میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔ عزیز حمزہ پوری کے اندر تخلیقی شعور موجود ہے۔ فنی پختگی اور فکری بالیدگی سے مملو ان کی شاعری میں موضوعات اور طرز بیان دونوں ہی بہترین ہیں۔ اشراق حمزہ پوری رقم طراز ہیں:

" جہاں شعر وسخن میں عشق ومحبت کے مضمون مرکزی حیثیت رکھتے ہیں، وہیں میدان شعر وسخن میں شاعری اپنی علمی وثقافتی استعداد کے مطابق ماحول کے تئیں بڑا احساس ہوتا ہے، حائل شدہ مسائل پر دور رس نظر رکھتا ہے۔ کب کون سا منظر دل کو بھا جائے کب کون سا منظر کھٹک جائے اسے بالضرور موضوع سخن بناتا ہے اور یہی تمام کیفیت عزیز حمزہ پوری میں محسوس کی جاسکتی ہے۔"

عزیز حمزہ پوری نے اپنے اشعار میں کئی موضوعات کو سمیٹا ہے اور مثبت وروشن پہلو کو عوام کی فلاح کے لئے شعری جامہ پہنایا ہے۔ عزیز صاحب کے کچھ شعر سے آپ بھی لطف اندوز ہوں

ہر طرف دھند ہے ایسے میں کدھر جاؤ گے
روشنی ہونے دو پھر چاہے جدھر جاؤ گے

اب تو اللہ کی رسی کو پکڑ لو کس کے
اب بھی جو ہوش نہ آیا تو بکھر جاؤ گے

ہوئی تعلیم اب پیشہ ورانہ
تو انساں بھی وسائل ہوگیا ہے
سبھی کی مشکلیں حل کرتے کرتے
یہ دل وجہ مسائل ہوگیا ہے

جو شمع جل رہی ہے تمہاری پناہ میں
وہ کب کی بجھ چکی ہے ہماری نگاہ ب
لگنے نہ پائے راہ میں ٹھوکر غریب کو
رکھ دو چراغ جلتا ہوا کوئی راہ میں

کوئی تو شہر میں پرسان حال ہے میرا
وگرنہ پیری میں کس کو خیال ہے میرا
جو ہمسفر ہے مرا جسم وجاں میں شامل ہے
ہے اس کا جسم مگر خد وخال ہے میرا

عزیز حمزہ پوری کی شاعری بازارو شاعری نہیں ہے۔ کچھ شعراء ایسے ہیں جنہیں پڑھ کر آپ محسوس کریں گے کہ شعر میں گہرائی ہے۔ آپ شعر کی گہرائی میں اتریں گے تو معلوم ہوگا کہ بہت گہرا اور پر معنی شعر ہے۔ عزیز حمزہ پوری کی شاعری نیا پن اور تازہ کاری کی عمدہ مثال ہے۔ عزیز صاحب ایک منجھے ہوئے شاعر ہیں۔ اور انھوں نے غزلیہ شاعری کے تقاضوں کو بھی بحسن وخوبی نبھایا ہے۔ ایک عمر کی مشاقی، تجربات زندگی، ندرت فکر و خیال سے بھی شاعری میں وہ کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ چھوٹی بحروں میں بھی اچھا شعر نکال لیتے ہیں۔ عزیز صاحب کے یہاں لفظیات کے ساتھ مواد اور خیال کی ہم آہنگی بھی ہے اور موضوعات میں گہرائی وگیرائی بھی ہے۔

عزیز حمزہ پوری نے شعور سخن میں حمدیہ قطعات، نعت، نعتیہ قطعات، رباعیات، نظمیں، ماہیے اور غزلیات سبھی کو ایک جگہ جمع کر دیا ہے۔ مگر فوقیت غزل کو دی گئی ہے۔ غزل کہنے میں بڑی ہنرمندی کی ضرورت ہوتی ہے۔ عزیز حمزہ نے اسے ہنرمندی سے پیش کیا ہے جس میں پیکر تراشی، علامت اور انسانی زندگی کے مسائل کی گونج سنائی دیتی ہے۔ ان کی غزلیہ شاعری پر روشنی ڈالتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر منظر حسین فرماتے ہیں

" عزیز حمزہ پوری کی غزلیہ شاعری میں افکار کے پارہ صفت شعور اور کرب کے ہلکے اشارے بھی ملتے ہیں اور موجودہ عہد کا اضطراب اور انتشار بھی۔ روزمرہ کی زندگی میں رونما ہونے والے حادثات، واقعات اور ذاتی تجربات کا بیان بھی ہے اور کلاسیکی غزل کی روایت کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ذہنی کیفیات اور سوز وگداز کا صحتمند اور دلکش اظہار بھی۔ ان کا کلام نہ صرف عصری حسیت سے روشناس کراتا ہے بلکہ ان کا لب ولہجہ شعری آہنگ قاری کو متاثر کئے بغیر نہیں رہتا۔ ان کی



شاعری میں روایت اور جدیدیت کا امتزاج ہے"

عزیز حمزہ پوری کی شاعری سرسری طور پر پڑھ جائیں تو کچھ لوگوں کو یہ محسوس ہوسکتا ہے کہ ان کی شاعری میں کوئی خاص بات نہیں مگر انہوں نے اپنی شاعری میں انفرادی لب ولہجہ اپنا کر اپنے اسلوب کو نئے ڈھنگ میں ڈھالا ہے۔ لہجے کی انفرادیت اور تخلیقی قوت سے ان کی فکری بصیرت کی روشنی ان کی شاعری میں جگمگاتی نظر آئے گی۔ اردو ادب کا ایک اہم نام جو اردو ادب کی بلندی پر فائز ہے وہ نام ہے جناب ناوک حمزہ پوری صاحب کا۔ یہ میری خوش قسمتی ہے کہ ان کے ساتھ کئی نشستوں میں پڑھنے کا موقع ملا ہے۔ ان سے بیٹھ کر گھنٹوں ادب پر بات کرنے کا موقع بھی۔ یہ قریب تیس پینتیس سال پہلے کی بات ہے

ناوک صاحب نے چند سطروں میں عزیز صاحب کے لئے بہت کچھ کہہ ڈالا اور ان کا تعارف بھی کرا ڈالا۔ وہ لکھتے ہیں

"یہ (عزیز حمزہ پوری) جو بھی کہتے ہیں خود اعتماد ہو کر کہتے ہیں۔ ویسے بلحاظ عمر یہ مجھ سے کافی چھوٹے ہیں لیکن بلحاظ علم وعمل یہ کافی تعلیم یافتہ اور تجربہ کار بھی ہیں۔ یہ رنگ لال ہائی اسکول شیرگھاٹی سے میٹرک پاس کرنے کے بعد بقیہ تعلیم کے لئے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی گئے جہاں سے انہوں نے سول انجینیئرنگ میں ڈگری حاصل کی۔ بعدہ اپنی پوسٹنگ کے دوران زیویر انسٹیٹیوٹ آف سوشل سروسز رانچی سے کمپیوٹر سائنس میں پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما بھی حاصل کیا۔"

عزیز حمزہ پوری کی شاعری دراصل جذبوں اور احساسات کی ترجمانی کرتی نظر آتی ہے جس میں کشمکش حیات، تلخ تجربات اور مسائل کائنات قرطاس پر بکھرے نظر آتے ہیں۔ پہلے یہ شعر دیکھیں

یہ حال آج ہے اونچی حویلیوں کا عزیز
سسک رہی ہے جوانی اداس خانوں میں

سورج تمام عمر رہا جاگتا مگر
آنگن میں میرے گھر کے اندھیرا پسر گیا

ساحل پہ بیٹھا بیٹھا سمندر نگل گیا
تشنہ مگر ہوں آج بھی میں تشنگی طرح

عجب حالت ہے اپنے شہر کی کچھ روز سے یارو
نہ جانے کیسی حالت میں گھرا میرا مکاں ہوگا

یوں کہیں رشتے سمٹ جائیں نہ ہیلو ہائے تک
سو کبھی اپنوں کے گھر بھی آنا جانا چاہیے

ان اشعار پر اپنی قیمتی رائے دیتے ہوئے خورشید پرویز صدیقی رقمطراز ہیں

"عزیز حمزہ پوری کی غزلوں میں داخلیت اور خارجیت کے متوازی امتزاج کو قاری محسوس کئے بغیر نہیں رہ سکتا ہے۔ شاعر عصری حسیت سے بے بہرہ نہیں ہے اس لیے غزلوں میں زندگی کی کھردری عکاسی کرنے والے اشعار بکھرے ہوئے ہیں۔

عزیز حمزہ پوری کی شاعری میں عصر حاضر کی بازگشت سنائی دیتی ہے۔ اگر ہم خورشید پرویز صدیقی کی کہی باتوں پر غور کریں تو موصوف کی فکری تازہ گری کی طرف دھیان جاتا ہے

اس میں زبان کا احترام بھی دیکھنے کو ملتا ہے۔

عزیز حمزہ پوری اب کے سنجیدہ حلقوں میں پسند کی جانے والی شاعری کرتے ہیں۔ ڈاکٹر وکیل احمد رضوی اپنے خیالات کا اظہار کچھ یوں کرتے ہیں

" عزیز حمزہ پوری کی شاعری بھی مختلف مشاہدات اور جذبات سے مشتق ہے۔ لیکن ایک خاص بات یہ ہے کہ ان کا پورا مجموعۂ کلام پڑھ جائیے آپ کو کہیں غیر سنجیدگی اور غیر شائستگی کا احساس نہیں ہوگا۔ بلکہ ایک مخصوص فضا سے آشنائی ملے گی جس میں تخلیقی پہلو کے ساتھ تعمیری اور اخلاقی پہلو کا اظہار ہوتا ہے۔ جس طرح انسان کے اپنے اعمال و افعال خود اس کے علاوہ دوسروں کے لئے بھی باعث خیر ہونا چاہئے اسی طرح دوسروں کو اس کے کلام سے مستفیض ہونے کا موقع بھی ملنا چاہیے اس کے اندر دل ودماغ کو سکون اور راحت بخشنے والے عناصر کی کارفرمائی ہونی چاہئے۔"

غزل حسن وعشق سے زیادہ زندگی کے قریب ہو گئی۔ ان میں زندگی کے مسائل پوری طرح پیوست ہونے لگے۔ اب یہ عورتوں سے گفتگو کی زبان کم رہ گئی مگر پوری طرح نہیں اب بھی روایت باقی ہے۔ عزیز حمزہ پوری نے غزل کو اپنا میدان بنایا مگر نظمیں بھی خوب کہی ہیں۔ اس دیش کا یارو کیا کہنا، موبائل، علیگ کے نام، معلوم نہیں کیوں، نیا رشتہ، وغیرہ متاثر کرنے والی نظمیں ہیں۔ قطعات بھی قاری کے لئے غور وفکر کے در کھولتے ہیں۔ موصوف نے ماہیے پہ بھی طبع آزمائی کی ہے اور خوب کیا ہے۔ چند ماہیے دیکھیے

1۔ یہ زخم پرانا ہے
کس نے کیا گھائل
دنیا کو بتانا ہے

2۔ دنیائے فانی میں
کوئی نہیں اپنا
جیون کی کہانی میں

3۔ ہر شخص پریشاں ہے
ویران سی بستی میں
ایک شہر خموشاں ہے

4۔ دنیا میں جھمیلے ہیں
کس سے کہیں یہ ہم
بے بس ہیں اکیلے ہیں

5۔ پہلے تو بھگاتا ہے
پھر دے کے صدائیں وہ
کیوں مجھکو بلاتا ہے

6۔ وہ حسن کی دیوی ہے
کیوں نہ کروں ظاہر
میری ہی تو بیوی ہے

عزیز حمزہ پوری نے دھیرے دھیرے ادب میں اپنی شناخت قائم کر لی ہے، لوگ انہیں جاننے لگے ہیں اور ان کے کلام سے واقف ہو رہے ہیں۔ عزیز صاحب اپنے مخصوص انداز کے لئے جانے جاتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ دانشوروں نے ان پر قلم اٹھایا۔ جتنی بھی چیزیں ہیں انہیں عزیز حمزہ پوری نے اپنی باتوں کو اپنے قاری کے سامنے پروس دیا اور کچھ باتوں کو لفظوں میں ڈھک لیا ہے اور فکر واحساس کو قاری اور نقاد کے لئے کھلا چھوڑ دیا ہے۔

اردو ایک میٹھی بولی ہے تو بھی اردو بول

فہیم حیدر ندوی

اردو کو ہم اک روز مٹا دیں گے جہاں سے
یہ بات بھی کمبخت نے اردو میں کہی ہے

اردو ترکی زبان کا لفظ ہے جس کے لغوی معنی لشکر یا لشکر گاہ یعنی لشکر کے ٹھہرنے کی جگہ ہوتے ہیں اردو زبان کے لئے یہ لفظ سب سے پہلے "مرزا غلام حسین تحسین" نے اپنی کتاب "نوطرز مرصع" میں استعمال کیا شعراء میں سب سے پہلے "غلام ہمدانی مصحفی" نے اس لفظ کو استعمال کیا۔ اردو کی تاریخ پیدائش اور فروغ پانے کی جگہ کو متعین نہیں کیا جاسکتا۔ کچھ محققین کے نزدیک دہلی تو کچھ کے نزدیک لکھنؤ کسی نے پنجاب تو کسی نے دکن کو اردو کا گہوارہ قرار دیا ہے۔ اردو زبان پیار و محبت کی زبان ہے جس سے محبت کی خوشبو آتی ہے اردو زبان ہندوستان کا فخر ہے ہمارے ملک ہندوستان کو "انقلاب زندہ باد" کا نعرہ دینے والی زبان کا نام ہندوستان ہے اردو صرف ایک زبان کا نام نہیں ہے بلکہ یہ ایک چلتی پھرتی تہذیب کا نام ہے ہمیں یہ بات اپنے دل ودماغ اور ذہن سے نکال دینا چاہیے کہ ہمارے بچے اردو زبان نہیں جانتے بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ ہم سب اردو جانتے ہیں اردو صرف مادری زبان نہیں ہے بلکہ یہ ہندوستان کی کثیر آبادی بھی اردو بولتی اور جانتی ہے غفلت جہالت اور نادانی اتنا ہے کہ اردو بولنے کے باوجود ہمیں یہ معلوم نہیں ہے کہ ہماری زبان سے نکلنے والے الفاظوں میں اردو بھی شامل ہوتا ہے ہندوستان کے سبھی علاقوں کی بول چال بلاتفریق مذہب، رنگ ونسل اور ذات پات کے اردو زبان آج بھی ہندوستانی ہے اردو زبان کو روزمرہ کے کام تک محدود رکھنا ہی کافی نہیں ہوتا بلکہ اس کا لکھنا اور پڑھنا ان کے لئے خاص طور پر ضروری ہوتا ہے جن کی یہ مادری زبان ہے کسی شاعر نے اردو زبان کی تعریف کچھ یوں بیان کی ہے کہ

نمایاں میرا جو ہر صورت شمشیر ہو جائے
تمنا ہے کہ اردو لفظ عالمگیر ہو جائے۔

اردو زبان کا کام نا آشناؤں کے درمیان آشنائی کے ربط کو مستحکم کرنا ہوتا ہے یہی وہ زبان ہے جو دلوں میں محبت کے جذبات ابھارتی ہے اور زندہ قومیں اس سے نفرت نہیں بلکہ اس پر فخر وناز کرتی ہے کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے کہ

تجھ کو بیگانے بھی اپناتے ہیں میں جانتا ہوں
میرے اپنے بھی پرائے ہیں تمہیں کیا معلوم

اردو زبان تمام مسلمانوں کے درمیان رابطے کا واحد ذریعہ ہے برصغیر پاک وہند کی جد وجہد آزادی میں اردو زبان ہی رابطے کا ذریعہ رہی۔ "گاندھی جی سے لے کر نہرو تک' ابوالکلام آزاد سے لے کر مولانا شبیر احمد عثمانی" تک سبھی نے اس زبان کو اپنایا ہے

اردو کے ساتھ ہمارا رشتہ بہت قدیم ہے موجودہ دور میں اردو ہی لوگوں کے درمیان رابطے کا ذریعہ ہے اردو خوبصورت اور وسیع زبان ہے وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اردو نے بہت سی دیگر زبانوں کے الفاظ کو اپنایا ہے اس میں بہت سی زبانوں کے الفاظ کو جذب کرنے کی صلاحیت موجود ہے اس میں علمی، ثقافتی اور ادبی سرمایہ بھی محفوظ ہے اردو زبان ہماری تہذیب وثقافت کی عکاس ہے اردو اسلامی نظر وفکر کی حامل ہے ہمیں ہر صورت اردو کو سیکھنا چاہیے اور اردو کو ذریعہ تعلیم بنانا چاہیے۔

جب تک ہم اپنے گھر اہل وعیال اور بچوں کو اردو پڑھنے لکھنے کے لائق نہیں بنائیں گے تب تک اردو کے روشن مستقبل کی امید ناممکن ہے ہمیں انفرادی طور پر اردو کے استعمال کو لازمی کرنا ہوگا تبھی اردو کا تحفظ اور فروغ ممکن ہے، کسی شاعر کا قول ہے کہ

سیکھا انگریزی کا تو علم وادب
پر اپنی زباں سے ہیں سب جاہل
جانتے ہی نہیں زباں کا لطف
مانتے ہی نہیں بیاں کا لطف

آج کل اردو درس وتدریس کے مسائل اور ان کے حل کی طرف دھیان کی ضرورت اور مقاصد کی تعین ایک اہم مسئلہ ہے عام طور پر کسی بھی زبان کے درس وتدریس کے مقاصد (۱) سننا (۲) بولنا (۳) پڑھنا (۴) اور لکھنا۔ ہوتے ہیں اردو زبان کی درس وتدریس کو اردو پڑھنے لکھنے والے اجنبی زبان کے طور استعمال کرتے ہیں اردو کی درس وتدریس کو جب میں دیکھتا ہوں تو محسوس ہوتا ہے کہ اردو زبان' زبان نہیں بلکہ صرف ایک مضمون ہے لیکچر دے کر یا چند عبارت درجہ اور کلاس میں یا پھر کالج اور یونیورسٹی میں لکھوا کر کام نہیں چلایا جا سکتا ہے اسکولوں میں اردو درس وتدریس کے لئے بی۔ ایڈ اور ڈی۔ ایڈ اساتذہ کی ضرورت ہے کیونکہ سرکاری اسکولوں میں اردو زبان پڑھانے والے اساتذہ کرام جدید تکنیک سے ناواقف ہوتے ہیں اور زبان سکھانے کی تربیت و Training سے بھی محروم و نابلد ہوتے ہیں جبکہ زبان سکھانے کی نت نئی تکنیکیں سامنے آچکی ہیں۔ اردو زبان کی تدریسی مسائل میں "متن خوانی' تحریر واملا کی تدریس' انشاء پردازی کی تدریس وغیرہ سب سے اہم مسئلہ ہے اردو پڑھانے والے زیادہ تر اساتذہ کرام ایسے ہیں جنہوں نے یا تو اردو کو بطور مضمون مخلصانہ انداز میں پڑھا ہی نہیں ہے یا اردو پڑھانے کے حوالے سے ان کی تربیت ہی نہیں ہوئی ہے کچھ اساتذہ کرام کے معاملے میں ایسا بھی ہے کہ انہوں نے اردو میں اعلی تعلیم تو حاصل کی ہے مگر صرف ڈگری لینے کی حد تک۔ اس لئے اسکولوں میں اردو درس وتدریس کی ناپختگی ان اساتذہ کرام کی کارکردگی کو بری طرح متاثر کرتی اور کر رہی ہے میرا مشاہدہ ہے کہ بہت سے اردو پڑھانے والے اساتذہ کرام اردو میں نہایت کمزور ہیں جس کی وجہ تعلیمی لیاقت بھی ہوسکتی ہے لہذا میٹرک تک پہونچتے پہونچتے زیادہ تر بچے مناسب طرز میں اردو کے دو چار جملے تک نہیں لکھ پاتے ہیں اس لئے اردو کے درس و تدریس کے کچھ مسائل پر نظر کرنے کی ضرورت ہے۔ اردو کا پہلا (۱) بڑا مسئلہ جدید ٹکنالوجی سے ناواقفیت ہے اردو اساتذہ کرام روایتی تدریس کے محدود حصار سے نکلنے کے لئے ذہنی طور پر تیار نہیں ہیں انہیں کمپیوٹر اور انٹرنیٹ استعمال کرنے کی مہارت سیکھنی ہوگی۔ اس کے مقابلے میں دوسری زبان ومضامین کے اساتذہ کرام اسمارٹ ٹیچنگ وتدریس سے اپنے آپ کو ہم آہنگ کرکے اپنی تدریس کو بہتر کر رہے ہیں اور طلبہ ان کی کلاسز میں دلچسپی بھی لیتے ہیں جبکہ اردو کی روایتی تدریس کی وجہ سے اردو طلبہ کی دلچسپی کم ہوتی جا رہی ہیں۔ (۲) دوسرا بڑا مسئلہ اردو میں تدریسی مواد کا فقدان ہے دوسری زبان میں بہت سارے تدریسی مواد بازار اور انٹرنیٹ پر بآسانی میسر ہوتا ہے لیکن اردو کے تدریسی مواد بازار اور انٹرنیٹ پر میسر نہیں ہوتے ہیں اردو کے مواد اور TLM بازار اور انٹرنیٹ پر دستیاب نہیں ہونے کی وجہ سے طلبہ اور اساتذہ کرام دونوں کے اندر اس کی کمی کا احساس اور اس کی درس وتدریس میں ایک بڑا رکاوٹ ومسئلہ بن گیا ہے (۳) تیسرا بڑا مسئلہ والدین اور طلبہ دونوں ہیں جو اردو کو وہ اہمیت نہیں دیتے ہیں جس کی وہ مستحق ہیں۔

ماہ رجب اور شب معراج

مولانا ڈاکٹر محمد اصغر مصباحی

رجب اسلامی تقویم کے لحاظ سے ساتواں مہینہ ہے، رجب کے معنی لغت کے اعتبار سے ڈرانا اور تعظیم کرنا ہے۔ عرب والے اس مہینہ کی بڑی عظمت اور احترام کرتے تھے اور قتل وقتال لڑائی جھگڑے کو حرام سمجھتے تھے اسی مناسبت سے اس مہینہ کا نام رجب رکھا گیا۔ یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ یہ مہینہ عظمتوں اور برکتوں سے پر ہے اور اس کی سب سے عظیم الشان فضیلت یہ ہے کہ اللہ کے لاڈلے پیغمبر حضرت اقدس محمد رسول اللہ ﷺ کو اسی مبارک مہینہ میں جسم عنصری کے ساتھ معراج شریف کا شرف حاصل ہوا جو تاریخ اسلام کا عدیم النظیر اور بے مثال واقعہ ہے۔ معراج شریف کا واقعہ اس قدر عظیم الشان ہے کہ قرآن مقدس میں اللہ تعالیٰ نے اس کا خصوصی طور پر ذکر فرمایا ہے۔

رجب المرجب مہینہ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ حضرت محمد ﷺ جب بھی رجب کا چاند دیکھتے تو اللہ کی بارگاہ میں یہ دعا فرماتے اے اللہ ہمارے لئے رجب اور شعبان کے مہینہ میں برکت عطا فرما اور ہمیں رمضان تک پہنچا دے۔ گویا رجب سے ہی رمضان شریف کی تیاری شروع ہو جاتی ہے۔ اس مہینے کی فضیلت کا اندازہ اس سے بھی ہوتا ہے کہ رجب ان چار مہینوں میں شمار ہوتا ہے جن میں جنگ وجدال اور لڑائی جھگڑا ممنوع رہا ہے۔ اس مہینہ کی عظمت اور اہمیت کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نماز جیسی جلیل القدر اور اہم ترین بالشان عبادت مسلمانوں کو اسی مہینہ میں عطا فرمایا۔

جیسا کہ مندرجہ بالا سطور میں یہ تحریر کیا ہے کہ رجب مہینہ کی سب سے عظیم الشان فضیلت حضور پاک ﷺ کا معراج کا شرف حاصل ہونا ہے۔ تاریخ اسلامی کے مطالعہ سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ یہ پیغمبر کی زندگی میں کوئی خاص بات موجود ہے جو اس پیغمبر کی نہ صرف تاریخی یادگار ہے بلکہ اس پیغمبر کے درجہ کی بلندی اور برتری کی ایک کھلی دلیل بھی ہے۔ اسی طرح خدا کے محبوب پیغمبر حضرت محمد ﷺ کی زندگی کے بہت سے واقعات ہیں جن میں انسانوں کی اصلاح وترقی کے راز پوشیدہ ہیں انہیں واقعات میں ایک خصوصی واقعہ معراج کا ہے جو آپ کی بلندی اور خدا کے قرب کی ایک واضح اور کھلی دلیل ہے۔ اس موقع پر اللہ نے اپنے محبوب پیغمبر کو وہ مقام عطا فرمایا کہ دوسرے پیغمبر کو نہیں ملا معراج سے متعلق قرآن مقدس میں اللہ تعالیٰ نے خصوصی آیت نازل فرمائی جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ معراج کا واقعہ کوئی معمولی واقعہ نہیں ہے۔ بلکہ ایک عظیم الشان اور عدیم النظیر واقعہ ہے۔ قرآن مقدس میں دو مقام پر خاص طور پر معراج کا ذکر کیا گیا ہے۔ اگر ہم غور کریں تو یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ معراج کے سفر کے دو حصے ہیں ایک حصہ تو وہ ہے جو مکہ کے مسجد حرام سے شروع ہو کر فلسطین کی مسجد اقصیٰ پر ختم ہو جاتا ہے۔ دوسرا حصہ وہ ہے جو مسجد اقصیٰ سے شروع ہو کر عرش اعلیٰ اور لامکاں تک پہنچ کر ختم ہوتا ہے۔ قرآن مقدس میں ایک جگہ معراج کا سبب بیان کیا گیا ہے اس میں خدا نے فرمایا کہ ہمیں اپنے بندے کو اپنی قدرت کی نشانیاں دکھانی تھیں اور دوسری جگہ فرمایا کہ اس نے اپنے رب کی قدرت کے بڑے بڑے نمونے دیکھے۔

معراج کے سفر کا جائزہ لیا جائے تو اس کی شروعات مسجد حرام سے ہوتی ہے جہاں حضرت جبرئیل علیہ السلام نے خدا کے حکم سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا روحانی آپریشن کیا۔ آپ کے قلب اطہر کو سینہ سے نکال کر آب زمزم سے دھویا اور سفر کا آغاز ہوا۔ راستے میں آپ کو خدا کی قدرت کے بہت سے عجائبات دکھائے گئے۔ اسی دوران آپ ﷺ مسجد اقصیٰ پہنچے جہاں تمام انبیاء آپ کا انتظار کر رہے تھے۔ وہاں آپ نے تمام نبیوں کی امامت فرمائی پھر آپ کی سواری آسمان کی طرف چلی گئی پہلے آسمان پر حضرت آدم علیہ السلام سے ملاقات ہوئی دوسرے آسمان پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔ کو اہم آسمان پر کسی نہ کسی نبی سے ملاقات ہوئی اور آخر میں حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔ آسمانوں کی سیر کرنے کے بعد آپ سدرۃ المنتہیٰ پہنچے جس کا ذکر قرآن میں آیا ہے اور جو عالم روحانی کا انتہائی مقام ہے یہی وہ جگہ ہے جہاں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے جنت اور دوزخ کو اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ جب آپ یہاں پہنچ گئے جہاں خدا کے مقرب فرشتہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کی رسائی نہیں۔ چنانچہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے بقول شاعر اپنی بے بسی کا اظہار یوں فرمایا۔

اگر یک سرِ موئے برتر پرم
فروغِ تجلی بسوزد پرم

عرش اعظم پر حضور ﷺ کی خدا سے ملاقات ہوئی راز ونیاز کی بات ہوئی اور اسی مقام پر اللہ تعالیٰ نے امت محمدیہ کو ایک عظیم الشان تحفہ نماز کی شکل میں دیا۔ اسی لئے حضور ﷺ نے ایک موقع پر ارشاد فرمایا "نماز ایمان والوں کے لئے معراج ہے" خلاصہ یہ ہے کہ رجب کا مہینہ امتیازی مقام رکھتا ہے جس میں معراج کا واقعہ ظہور میں آیا۔

ڈاکٹر منظور عالم: اعتدال اور علم ودانش کا استعارہ

پروفیسر مشتاق احمد

آج جب ایک قدآور اسلامک اسکالر اور اعتدال پسند دانشور ڈاکٹر منظور عالم (9 اکتوبر 1945۔13 جنوری 2026) کے مرحوم ہونے کی خبر ملی تو ان کی بہت سی یادیں ایک فلم کی طرح آنکھوں کے سامنے چلنے لگیں۔۔ مرحوم سے انسیت کی پہلی وجہ یہ رہی کہ وہ ہمارے ضلع مدھوبنی کے رانی پور، بینی پٹی کے تھے اور دوسری یہ کہ ان کی تقریر وتحریر چشم کشا ہوتی تھی۔ مذہب اسلام کا گہرا مطالع اور پختہ سماجی شعور ان کی تحریروں میں جان ڈال دیتی تھی۔ غرض کہ ان کی رحلت سے علم ودانش کی دنیا آج ایک ایسے سنجیدہ، باوقار اور بصیرت افروز قلمکار ومفکر سے محروم ہوگئی ہے جس نے اپنی پوری زندگی علم، اعتدال اور سماجی مکالمے کے فروغ کے لیے وقف کر رکھی تھی۔ معروف اسلامک اسکالر اور انسٹیٹیوٹ آف آبجیکٹو اسٹڈیز، دہلی کے بانی چیئرمین ڈاکٹر منظور عالم کا انتقال محض ایک فرد کی رحلت نہیں بلکہ ایک ایسے فکری رویے کا نقصان ہے جس کی آج کے انتشار زدہ سماج کو شدید ضرورت ہے۔ ڈاکٹر منظور عالم ان اہل علم میں شامل تھے جنہوں نے روایت اور جدیدیت کے درمیان کسی تصادم کے بجائے ایک بامعنی ربط قائم کیا۔ ان کا ماننا تھا کہ اسلامی فکر اگر زمانے کے سوالات سے آنکھ چرائے تو وہ محض ماضی کا حوالہ بن کر رہ جاتی ہے، اور اگر روایت سے کٹ جائے تو اپنی شناخت کھو بیٹھتی ہے۔ اسی توازن نے ان کی فکری شخصیت کو ممتاز بنایا۔ وہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے پروردہ تھے۔ اس عالمی سطح کی یونیورسٹی سے انہوں نے اکنومکس میں ماسٹر ڈگری حاصل کی تھی اور برسوں سعودی عرب میں بطور مشیر اور استاد اپنے فرائض انجام دیے تھے۔

انسٹیٹیوٹ آف آبجیکٹو اسٹڈیز کا قیام دراصل ایک ادارہ نہیں بلکہ ایک نظریہ تھا۔ یہ نظریہ دلیل، مکالمے اور اخلاقی استدلال پر مبنی تھا۔ ڈاکٹر منظور عالم نے اس ادارے کے ذریعے یہ پیغام دیا کہ مذہب کو نعروں کے بجائے فکر کے میدان میں پیش کرنے کی ضرورت ہے۔ ان کے نزدیک علمی اختلاف دشمنی نہیں بلکہ ذہنی بالیدگی کی علامت ہے بشرطیکہ اس میں شائستگی اور دیانت باقی رہے۔

آج جب معاشرہ فکری انتہاؤں میں بٹا ہوا ہے، ڈاکٹر منظور عالم کی آواز اعتدال کی ایک مضبوط دلیل تھی۔ وہ مذہبی سخت گیری کے بھی ناقد تھے اور مذہب سے لاتعلقی کے بھی۔ ان کا کہنا تھا کہ دین انسان کو جوڑنے آیا ہے، توڑنے نہیں؛ اور علم کا اصل امتحان اس کی سماجی افادیت ہے۔ اسی سوچ کے تحت وہ بین المذاہب اور بین المسالک مکالمے کے سرگرم حامی تھے۔ ان کی گفتگو اور تحریر کا سب سے نمایاں وصف اسلوب کی شائستگی تھی۔ وہ جذبات کو بھڑکانے کے بجائے عقل کو مخاطب کرتے تھے۔ ان کی تقریر سننے والا اختلاف کے باوجود یہ محسوس کرتا تھا کہ سامنے والا خیرخواہ ہے، مخالف نہیں۔ یہی وصف انہیں خطیبانہ مقبولیت کے بجائے فکری وقار عطا کرتا تھا۔ ڈاکٹر منظور عالم نے تعلیم کو محض اسناد کے حصول کا ذریعہ نہیں سمجھا بلکہ کردار سازی کا عمل قرار دیا۔ نوجوانوں کے لیے ان کا پیغام سادہ مگر گہرا تھا: سوال کرو، مگر ذمہ داری کے ساتھ؛ اختلاف کرو، مگر تہذیب کے ساتھ؛ اور عمل کرو، مگر سماج کے لیے مفید بن کر۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے شاگرد اور متاثرین آج مختلف میدانوں میں تعمیری کردار ادا کر رہے ہیں۔ ان کی درجنوں تصانیف اور سینکڑوں مضامین ان کی تعمیری فکر ونظر کے غماز ہیں۔ جو آنے والی نسلوں کے لئے مشعل راہ ثابت ہوں گی۔

ان کی شخصیت میں علمی وقار کے ساتھ انکسار اور انسان دوستی نمایاں تھی۔ منصب اور شہرت کے باوجود وہ سادہ مزاج، نرم گفتار اور شفیق انسان تھے۔ یہی اوصاف انہیں محض ایک عالم نہیں بلکہ ایک مربی بناتے تھے۔

ڈاکٹر منظور عالم کا انتقال یقیناً ایک خلا ہے، مگر ان کی فکر، ان کے ادارے اور ان کے شاگرد اس بات کا ثبوت ہیں کہ وہ اپنا فکری قرض ادا کر کے گئے ہیں۔ اصل خراج عقیدت یہی ہے کہ ان کے چھوڑے ہوئے چراغ کو بجھنے نہ دیا جائے اور علم، مکالمے اور اعتدال کی اس روایت کو آگے بڑھایا جائے۔

اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی رحمت خاص میں جگہ دے اور اہل علم کو ان کے مشن کو آگے بڑھانے کی توفیق عطا فرمائے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

شعبۂ عربی، دہلی یونیورسٹی کے مسابقاتی پروگرام میں عربی زبان کی دھمک

نئی دہلی،14 جنوری (یو این آئی) عربی زبان کے عالمی دن کے موقع پر شعبۂ عربی، دہلی یونیورسٹی کے زیر اہتمام دوروزہ مسابقاتی وثقافتی پروگرام منعقد کیا گیا، جس کے تحت پانچ مسابقاتی پروگرام اور ایک عربی ڈرامہ پیش کیا گیا۔اس دوروزہ پروگرام کے دوران یونیورسٹی انتظامیہ کے سینئر ذمہ داران اور مختلف یونیورسٹیوں سے آئے ہوئے عربی کے اساتذہ نے عربی زبان کی دھمک اور اس کی مہک کو محسوس کرتے ہوئے شعبہ کی تعلیمی سرگرمیوں کو خوب سراہا۔شعبۂ عربی دہلی یونیورسٹی کی ایک ریلیز کے مطابق پروگرام کے پہلے دن شعبۂ عربی دہلی یونیورسٹی، ذاکر حسین کالج، سینٹ اسٹیفن کالج، جامعہ ملیہ اسلامیہ، جواہر لعل نہرو یونیورسٹی، اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے طلبہ وطالبات کے مابین جونیئر اور سینئر زمروں میں تقریری مقابلے، خطاطی، عربی بیت بازی اور عربی نغمات کے مسابقے منعقد کیے گئے۔ان مسابقاتی پروگراموں میں جواہر لعل نہرو یونیورسٹی سے پروفیسر رضوان الرحمٰن اور پروفیسر اشفاق احمد، جامعہ ملیہ اسلامیہ سے پروفیسر نسیم اختر اور پروفیسر فوزان احمد، اگنو سے پروفیسر محمد سلیم اور دہلی یونیورسٹی سے پروفیسر نعیم الحسن، ڈاکٹر مجیب اختر اور ڈاکٹر محمد اکرم نے بطور حکم (جج) فرائض انجام دیے۔ججز نے طلبہ کی کارکردگی، عربی زبان سے ان کی وابستگی اور ہندوستانی تہذیب کو عربی زبان کے ذریعے عالمی سطح پر پیش کرنے کے جذبے کو سراہا۔

قابل ذکر ہے کہ ان مسابقاتی پروگراموں میں بڑی تعداد میں شعبۂ عربی دہلی یونیورسٹی کے پارٹ ٹائم کورسز سرٹیفکیٹ، ڈپلومہ اور ایڈوانس ڈپلومہ سے وابستہ طلبہ وطالبات نے شرکت کی اور نمایاں پوزیشن حاصل کیں۔مختلف زمروں میں ضیاء القمر، تاجدار احمد، محمد آفاق، محمد زکریا، محبوب عالم اور جویریہ (دہلی یونیورسٹی) نے "مصنوعی ذہانت اور عربی زبان" اور "موجودہ دور میں عربی زبان: مواقع اور چیلنجز" کے عنوان سے عربی تقریر میں، محمد مونس، محمد عاصم، محمد امجد علی، فیض احمد اور محمد سعد (جامعہ ملیہ اسلامیہ) کی ٹیم نے بیت بازی میں، تزکیہ ازکی، آفرین اور ارم یامین (دہلی یونیورسٹی) نے خطاطی میں جبکہ حافظ محمد شارق (ذاکر حسین کالج)، محمد مونس (جامعہ ملیہ اسلامیہ) اور نمرہ (سینٹ اسٹیفن کالج) نے عربی نغمات کے مقابلے میں بالترتیب اول، دوم اور سوم پوزیشن حاصل کی۔تمام کامیاب طلبہ کو نقد انعامات اور مولانا محمد یوسف اصلاحی ،مولانا سید محمد عبادت، پروفیسر ولی اختر ندوی اور پروفیسر نثار احمد فاروقی کے نام سے موسوم مجلسی اسناد سے نوازا گیا۔پہلے دن کے سیشن کی نظامت پروگرام کے کنوینر ڈاکٹر اصغر محمود نے کی، جبکہ اظہار تشکر شعبہ کے استاد ڈاکٹر محمد اکرم نے ادا کیا۔دوسرے دن منعقدہ تقریب تقسیم انعامات سے قبل شعبۂ عربی کے صدر پروفیسر سید حسنین اختر نے افتتاحی گفتگو میں عربی زبان کی لسانی وثقافتی روایت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ شعبۂ عربی گزشتہ دو برسوں سے عالمی یوم عربی کے موقع پر مسابقاتی پروگرام منعقد کر رہا ہے اور ہر سال اس کا دائرہ وسیع ہوتا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ان پروگراموں کا بنیادی مقصد طلبہ کو ایک ایسا پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے جہاں وہ اپنی خوابیدہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاسکیں۔ججز کے تبصروں کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے اس بات پر مسرت کا اظہار کیا کہ پارٹ ٹائم کورسز کے طلبہ کی کارکردگی دیگر جامعات کے لیے ایک نمونہ بن کر سامنے آئی ہے۔تقریب کی صدارت کررہے ڈین کلچر کونسل، دہلی یونیورسٹی پروفیسر رویندر سنگھ نے اپنے صدارتی خطاب میں شعبۂ عربی کی ثقافتی وادبی سرگرمیوں اور پروگرام میں پیش کی گئی تقریروں کے موضوعات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ موضوعات نہایت اہم اور حساس ہیں، چنانچہ مصنوعی ذہانت نے تقریباً تمام زبانوں کو متاثر کیا ہے ،انھوں نے ہندوستانی ثقافت ومختلف زبانوں کے کلاسیکی متون کو عربی زبان میں منتقل کیے جانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے عربی زبان کی صوتی نغمگی کو ایک نظم کے ذریعے پیش کیا۔پروگرام کی مہمان خصوصی پروفیسر نیرا اگنی مترا، چیئر پرسن شعبۂ بین الاقوامی تعلقات، دہلی یونیورسٹی نے شعبۂ عربی کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ دور میں جامعات کی عالمی درجہ بندی بہتر بنانے کے لیے عربی زبان اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔انہوں نے شعبۂ عربی دہلی یونیورسٹی اور عرب ممالک کی جامعات کے درمیان تعلیمی معاہدات پر بھی زور دیا۔اس سے قبل شعبۂ عربی دہلی یونیورسٹی کے سابق صدر پروفیسر محمد نعمان خان نے عالمی دن برائے عربی زبان کے ابتدائی دنوں کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ عرب ممالک کو اگر چھوڑ دیا جائے تو ہندوستان میں جس انداز، سرگرمی اور دلچسپی کے ساتھ شعبۂ عربی، دہلی یونیورسٹی اس دن کو مناتا ہے،اس کی مثال دیگر جامعات کے شعبۂ عربی میں کم ہی ملتی ہے۔انہوں نے یہاں کے طلبہ کی مؤثر کارکردگی پر انہیں مبارکباد پیش کی اور شعبۂ عربی سے اپنے دیرینہ تعلقات کا بھی اعادہ کیا۔تقریب کی نظامت ڈاکٹر مجیب اختر نے کی جبکہ اظہار تشکر ڈاکٹر اصغر محمود نے ادا کیا۔پروگرام میں شعبۂ فارسی کے سینئر استاد پروفیسر علیم اشرف، ڈاکٹر ضیاء الرحمٰن، کشمیر سے آئے ڈاکٹر ریاض احمد، ڈاکٹر شمیم احمد، ڈاکٹر مشتاق (سینٹ اسٹیفن کالج)، ڈاکٹر آصف اقبال، ڈاکٹر ابوتراب، پریتی بھارتی، محمد اسامہ اور دیگر گیسٹ فیکلٹیز کے علاوہ بڑی تعداد میں طلبہ و طالبات نے شرکت کی۔

☆☆

مودی نے ملک کی معیشت برباد کردی، 2025 میں ایشیائی کرنسیوں میں روپیہ کی سب سے زیادہ گراوٹ: کانگریس

Country-Currency	13 Dec 2024	15 Dec 2025	Difference (%)
India - Rupee	85.66	90.72	(-) 6.03%
Vietam - Dong	25,480	26,303	(-) 3.76%
Indonesia - Rupiah	16,244.80	16,663.00	(-) 2.57%
South Korea - Won	1,476.69	1,471.86	(+) 0.23%
China - Yuan	7.30	7.05	(+) 3.42%
Singapore - Dollar	1.36	1.29	(+) 9.14%
Thailand - Bahot	31.14	3.49	(+) 0.50%

نئی دہلی، 14 جنوری (یو این آئی) کانگریس پارٹی نے وزیر اعظم نریندر مودی کو نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی غلط اقتصادی پالیسیوں سے ملک کی معیشت برباد ہوگئی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ہندوستانی روپیہ 2025 میں ایشیا کی سب سے کمزور کرنسی ثابت ہوا ہے۔

کانگریس پارٹی نے کہا کہ روپیہ میں دیگر ایشیائی کرنسیوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ گراوٹ درج ہوئی ہے، جبکہ چینی یوآن نے ہندوستانی روپے سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔پارٹی نے کہا کہ ڈالر کے مقابلے روپیہ کی ریکارڈ گراوٹ سے نہ صرف ہماری معیشت پر بلکہ ہمارے وقار پر بھی سوال اٹھتا ہے۔

پارٹی نے بدھ کے روز اپنے آفیشل سوشل میڈیا پیج پر ایک پوسٹ میں کہا، "روپیہ ایشیا میں بدترین کارکردگی والی کرنسی بن گیا ہے اور 2025 میں، روپیہ کی قیمت میں دیگر تمام ایشیائی کرنسیوں کے مقابلے سب سے بڑی گراوٹ درج ہوئی ہے۔ڈالر کے مقابلے ہندوستانی روپیہ 6.03-فیصد کمزور ہوا، جبکہ چینی یوآن نے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔"

پارٹی نے کہا کہ روپیہ میں اتنی ریکارڈ گراوٹ سے نہ صرف ہماری معیشت پر بلکہ ہندوستان کے وقار پر بھی سوال اٹھ رہا ہے۔وزیر اعظم کو گھیرتے ہوئے پارٹی نے کہا کہ مسٹر نریندر مودی ملک کو برباد کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑ رہے ہیں۔

☆☆☆

پونگل تہوار ہمیں فطرت کے تحفظ کی ترغیب دیتا ہے: وزیر اعظم مودی

نئی دہلی، 14 جنوری (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کے عوام کو پونگل تہوار کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ تہوار ہمیں فطرت کے تحفظ کو اپنی طرز زندگی کا حصہ بنانے کی ترغیب دیتا ہے۔وزیر اعظم مودی بدھ کے روز مرکزی وزیر ایل مروگن کی رہائش گاہ پر منعقدہ پونگل تہوار میں شریک ہوئے۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ "پونگل کا تہوار ہمیں یہ تحریک دیتا ہے کہ کرہ ارض کے تئیں ہمارا شکر گزاری کا جذبہ صرف الفاظ تک محدود نہ رہے، بلکہ ہم اسے اپنی طرز زندگی کا حصہ بنائیں۔" انہوں نے کہا کہ جب یہ زمین ہمیں اتنا کچھ دیتی ہے تو اس کی حفاظت کی ذمہ داری بھی ہماری ہی ہے۔آنے والی نسل کے لیے مٹی کو صحت مند رکھنا، پانی کو محفوظ کرنا اور وسائل کا متوازن استعمال انتہائی ضروری ہے۔مشن لائف، ایک پیڑ ماں کے نام، امرت سروور جیسی ہماری مہمات اسی سوچ کو آگے بڑھاتی ہیں۔ہم زراعت کو زیادہ پائیدار اور ماحول دوست بنانے کے لیے مسلسل کام کر رہے ہیں۔وزیر اعظم نے کہا کہ پونگل اب ایک عالمی تہوار بن چکا ہے۔دنیا بھر میں تمل برادری اور تمل ثقافت سے محبت کرنے والے لوگ اسے جوش وخروش سے مناتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تمل زندگی میں پونگل ایک خوشگوار احساس کی مانند ہے، جس میں اناج پیدا کرنے والے کسان کی محنت، زمین اور سورج کے تئیں شکر گزاری کا جذبہ شامل ہے۔ساتھ ہی یہ تہوار ہمیں فطرت، خاندان اور سماج کے درمیان توازن قائم کرنے کا راستہ دکھاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ "اس وقت ملک کے مختلف حصوں میں لوہڑی، مکر سنکرانتی، ماگھ بیہو اور دیگر تہواروں کی خوشیاں بھی چھائی ہوئی ہیں۔میں ہندوستان اور دنیا بھر میں رہنے والے تمام تمل بھائیوں اور بہنوں کو پونگل اور دیگر تمام تہواروں کی دل سے مبارکباد دیتا ہوں۔" وزیر اعظم نے کہا کہ تمل ثقافت دنیا کی قدیم ترین تہذیبوں میں سے ایک ہے۔یہ ثقافت صدیوں کو آپس میں جوڑتی ہے، تاریخ سے سبق لے کر کے حال کو مستقبل کی راہ دکھاتی ہے۔اسی ترغیب کے تحت آج کا ہندوستان اپنی جڑوں سے قوت حاصل کرتے ہوئے نئی امکانات کی سمت آگے بڑھ رہا ہے۔پونگل کے اس مقدس موقع پر ہم اس یقین کو محسوس کر رہے ہیں جو ہندوستان کو آگے لے جا رہا ہے، ایک ایسا ہندوستان جو اپنی ثقافت سے جڑا ہوا ہے، اپنی زمین کا احترام کرتا ہے اور مستقبل کے تئیں پُر اعتماد ہے۔

دہلی این سی آر میں، سردی، کہرے کے ساتھ ہوا کے خراب معیار سے عام زندگی متاثر

نئی دہلی، 14 جنوری (یو این آئی) قومی دارالحکومت اور آس پاس کے علاقوں میں بدھ کی صبح شدید سردی کی لہر اور اچانک گھنے کہرے نے عام زندگی کو بری طرح متاثر کیا۔محکمہ موسمیات کے مطابق، دہلی میں کم از کم درجہ حرارت 3.8 ڈگری کے ساتھ شدید سردی کی لہر برقرار ہے۔صبح کے وقت دہلی-دہلی نیشنل کیپٹل ریجن (این سی آر) میں گھنا کہرا رہا، جواب آہستہ آہستہ صاف ہونے لگا ہے۔کہرے کے باعث حد نگاہ کم ہوگئی۔دہلی ایئرپورٹ نے کم مرئیت کے حوالے سے ایک ایڈوائزری جاری کی اور مسافروں کو مشورہ دیا کہ وہ پرواز کی معلومات کے لیے اپنی ایئر لائنز سے رابطہ کریں، حالانکہ فلائٹ آپریشن معمول کے مطابق رہا۔محکمہ موسمیات نے اطلاع دی ہے کہ این سی آر میں سردی کی لہر مسلسل تیسرے دن بھی جاری رہی، صبح کے وقت گھنی دھند چھائی رہی۔محکمہ نے پیش گوئی کی ہے کہ سردی کی یہ لہر برقرار رہے گی اور دہلی اور آس پاس کے علاقوں میں کم سے کم درجہ حرارت معمول سے بہت کم رہنے کی امید ہے۔رات اور صبح کے وقت دھند جب کہ دن کے وقت آسمان زیادہ تر صاف رہنے کی توقع ہے۔دریں اثنا، اوسط ایئر کوالٹی انڈیکس (اے کیو آئی) 360 کے ارد گرد رہنے کے ساتھ ہوا کا معیار "انتہائی خراب" کے زمرے میں رہا۔کچھ مقامات پر، اے کیو آئی کی سطح 400 کے قریب پہنچ گئی۔قابل غور ہے کہ 301 اور 400 کے درمیان اے کیو آئی کو "بہت خراب" اور 401 سے 500 کے درمیان "شدید" سمجھا جاتا ہے۔مرکزی آلودگی کنٹرول بورڈ (سی پی سی بی) کے اعداد و شمار کے مطابق، آنند وہار میں صبح 7 بجے اے کیو آئی 366، جبکہ بوانا میں 361 ریکارڈ کیا گیا۔صورتحال خاص طور پر جہانگیر پوری میں تشویشناک تھی، جہاں اے کیو آئی 420 تک پہنچ گیا۔آر کے پورم میں 407، دوارکا سیکٹر 8- میں 403، پنجابی باغ میں 366، وزیر پور میں 386 اور چاندنی چوک میں اے کیو آئی 397 درج کیا گیا۔

صدر جمہوریہ مرمو کو امریکہ، ٹرینیڈاڈ ٹوباگو اور آسٹریا کے سفارت کاروں نے اسانید پیش کیں

نئی دہلی، 14 جنوری (یو این آئی) صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے بدھ کے روز راشٹرپتی بھون میں منعقدہ تقریب کے دوران ہندوستان میں امریکہ اور آسٹریا کے نئے سفیروں اور ٹرینیڈاڈ ٹوباگو کے نئے ہائی کمشنر سے اسانید تسلیم کیں۔امریکی سفیر سرجیو گور، ٹرینیڈاڈ ٹوباگو کے ہائی کمشنر چندر دت سنگھ اور آسٹریا کے سفیر رابرٹ زیشگ نے رسمی طور پر صدر جمہوریہ سے ملاقات کی اور اپنی اسناد پیش کیں۔صدر جمہوریہ کی سکریٹریٹ سے جاری ہونے والے بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ تقریب ہندوستان اور ان ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کو مضبوط بنانے کا اہم موقع ہے۔سفارتکاروں کی اسناد تسلیم کرنا ان کی سفارتی ذمہ داریاں سنبھالنے کا رسمی آغاز ہے، جس سے عالمی سفارت کاری میں قابل اعتماد شراکت دار کے طور پر ہندوستان کا کردار اور ایشیاء و بحر الکاہل خطے کے ممالک کے ساتھ تال میل کی اس کی کھلی پالیسی اجاگر ہوتی ہے۔

مکر سنکرانتی پر اہل وطن کو کھڑگے، راہل گاندھی اور پرینکا گاندھی کی مبارکباد

نئی دہلی، 14 جنوری (یو این آئی) کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے، سابق صدر راہل گاندھی اور پارٹی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے مکر سنکرانتی، پونگل، سوگی حب، ماگھی، بھوگلی بیہو، کھچڑی، پوش، اترائن، اور مکر ویلکو تہوار کے موقع پر اہل وطن کو مبارکباد دی ہے۔مسٹر کھڑگے نے بدھ کے روز سوشل میڈیا پر ایک پیغام میں کہا، "فصلوں کی روایات کو ایک ساتھ منانے کے اس تہوار پر، میری تمنا ہے کہ ماحول میں احساس تشکر، خوشی اور اتحاد پیدا ہو۔اترائن، اور مکر ویلکو سب کے لیے لامحدود خوشی، اچھی صحت اور دیرپا خوشحالی لائے۔" مسٹر راہل گاندھی نے کہا، "مکر سنکرانتی، پونگل، سوگی حب، ماگھی، بھوگلی بیہو، کھچڑی، پوش پروا، اترائن، اور مکر ویلکو کے موقع پر نیک خواہشات۔فصل کی کٹائی کے یہ تہوار نئی شروعات، امید، خوشی، اور آپ کی زندگیوں میں خوشی اور خوشحالی لائے۔" "محترمہ پرینکا گاندھی نے کہا، "سورج دیوتا کی اترائن اور نئی فصل کے استقبال کے تہوار مکر سنکرانتی اور ماگھ بیہو کے لیے دل کی گہرائیوں سے مبارکباد۔یہ تمام تہوار ہمارے تنوع اور فطرت سے گہری محبت کی علامت ہیں، جن سے ہماری سماجی اور ثقافتی روایات کو مزید تقویت ملتی ہے۔" میں ایشور سے دعا کرتی ہوں کہ یہ تہوار تمام ہم وطنوں کی زندگیوں میں خوشی، امن اور خوشحالی لائے۔

الیکٹرک گاڑیاں: کیا واقعی سرسبز مستقبل کی ضامن ہیں؟

نئی دہلی، 14 جنوری (ممتاز احمد/ یو این آئی) موجودہ عہد کے ماحولیاتی چیلنجوں سے نبرد آزما ہوتے ہوئے الیکٹرک وہیکلز (ای وی) کی طرف منتقلی کی ضرورت تیزی سے بڑھتی جارہی ہے۔ماحولیاتی تبدیلی، فضائی آلودگی اور قدرتی ایندھن کے کم ہوتے ذخائر کے تئیں بڑھتی تشویش نے نقل وحمل کے صاف وشفاف اور زیادہ پائیدار ذرائع کی ضرورت پر زیادہ زور دیا ہے۔یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ قدرتی ایندھن کے محدود وسائل ہیں اور ان کے نکالنے اور استعمال کے شدید ماحولیاتی اثرات ہوتے ہیں۔چوں کہ ای وی بجلی پر منحصر ہوتی ہے، جو قابل تجدید ذرائع جیسے شمسی، ہوا اور پن بجلی سے پیدا کی جاسکتی ہے اور وہ طویل مدتی پائیداری کو فروغ دیتی ہے۔بیٹری ٹیکنالوجی اور الیکٹرک ڈرائیوٹرین کے شعبے میں تیزی سے ترقی نے الیکٹرک وہیکل کی کارکردگی، رینج اور قابل استطاعت میں بہتری پیدا کی ہے جو انہیں روایتی گاڑیوں کا قابل عمل متبادل بناتی ہیں۔الیکٹرک گاڑیاں صفر کاربن اخراج کے سبب بڑی اہمیت کی حامل ہیں، جو سرسبز اور پائیدار مستقبل کی راہ ہموار کرتی ہیں۔ہندوستان میں بھی اب الیکٹرک گاڑیوں کے اپنانے میں اضافہ کا رجحان تیزی سے نظر آرہا ہے۔وزیر اعظم نریندر مودی نے 2070 تک ملک کو کاربن سے پاک بنانے کا وژن دیا ہے۔اس کے پیش نظر حکومت ملک میں صاف ستھری اور ماحول دوست گاڑیوں کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔حکومت نے ماحولیاتی اور اقتصادی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے ای وی کی صلاحیت کو تسلیم کرتے ہوئے متعدد پالیسیاں اور اقدامات نافذ کیے ہیں جس کا مقصد برقی نقل وحمل اپنانے کو فروغ دینا ہے۔اس میں سے ایک فیم انڈیا اسکیم ہے، یہ اسکیم ہائبرڈ اور الیکٹرک گاڑیوں کو بسرعت اپنانے اور مصنوعات سازی (فیم انڈیا) اسکیم الیکٹرک گاڑیوں کو اپنانے کی حوصلہ افزائی کے لیے مالی مراعات فراہم کرتی ہے۔یہ ای وی کی خریداری پر رعایت دیتی ہے اور چارجنگ انفرااسٹرکچر کی ترقی میں معاونت کرتی ہے۔الیکٹرک گاڑیوں کی پسندیدگی میں کئی عوامل کارفرما ہیں، جس میں ماحولیاتی اثرات شامل ہیں۔روایتی انٹرنل کمبسٹن انجن کی گاڑیاں فضائی آلودگی اور گرین ہاؤس گیس کے اخراجات میں اہم رول ادا کرتی ہیں۔اس کے برعکس الیکٹرک گاڑیاں صفر کاربن اخراج کرتی ہیں، جس سے وہ شہری فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کو کم کرنے میں کلیدی رول ادا کرتی ہیں۔انٹرنل کمبسٹن انجن سے الیکٹرک موٹروں میں تبدیلی نے ڈیزائن میں نئے امکانات کو وسیع کر دیا ہے۔الیکٹرک گاڑیاں زیادہ پرسکون، مزید موثر اور روایتی انجن کے اجزاء پر کم منحصر ہوتی ہیں۔سب سے بڑی بات کفایتی ہونے کے ساتھ الیکٹرک پاور گاڑیاں پٹرول انجن کے مقابلے کم جگہ گھیرتی ہیں، جس سے ڈیزائنروں کو کاروں کی ڈیزائن کے لیے زیادہ جگہ مل جاتی ہے۔تجربات کی آزادی کے ساتھ ڈیزائنر ایروڈائنامکس، پائیداری اور صارف دوست خصوصیات پر توجہ مرکوز کر سکتے ہیں، جو پہلے ناقابل تصور تھے۔الیکٹرک گاڑیوں میں جمالیاتی رجحانات بھی پائے جاتے ہیں، جو صارفین کو زیادہ پسند آتے ہیں۔یہ گاڑیاں خوبصورتی کے لحاظ سے اتنی ہی حسین ہوتی ہیں، جتنی کارکردگی کے لحاظ سے وہ عمدہ ہیں۔کار ڈیزائن کا جمالیاتی پہلو لوگوں کی توجہ کا مرکز ہوتا ہے۔اس میں جمالیات کو فعالیت کے ساتھ ارتباط شامل ہوتا ہے، جس سے یہ بات کو یقینی ہوجاتی ہے کہ گاڑیاں نہ صرف دیکھنے میں دلکش ہوں بلکہ کارکردگی، تحفظ اور ایرگونومکس کے معیارات پر بھی پوری اتریں۔ڈیزائن انجینئر گاڑی کی مجموعی شکل وصورت کو بہتر بنانے پر کام کرتے ہیں، جس میں بیرونی اسٹائل، اندرونی ترتیب اور یوزر انٹرفیس شامل ہوتے ہیں۔ساتھ ہی یہ سب کچھ پائیدار نقل وحمل کے مستقبل میں معاون بھی ہے۔الیکٹرک گاڑیوں کا شعبہ وہ مقام ہے، جہاں فن سائنس سے ملتا ہے، جو مختلف شعبوں میں جدت کے مواقع پیدا کرتا ہے۔تجزیہ کاروں کا اندازہ ہے کہ ہندوستان میں الیکٹرک گاڑیوں کی مارکیٹ 2030 تک 40 فی صد سے زیادہ کی مجموعی سالانہ شرح نمو (سی اے جی آر) سے بڑھے گی، جس میں بیٹری کی طلب 150 گیگا واٹ گھنٹے (جی ڈبلیو ایچ) سالانہ تک پہنچ جائے گی۔بعدازاں، مسافر کاریں اور عوامی نقل وحمل، الیکٹرک گاڑیوں کے مینوفیکچررز اور آٹوموٹو او ای ایم کی بڑھتی ہوئی تعداد الیکٹرک گاڑیوں میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرے گی۔اگر اس کے اقتصادی فوائد کی بات کی جائے تو الیکٹرک گاڑوں پر منتقل ہونے سے درآمد شدہ تیل پر انحصار کم ہوسکتا ہے۔توانائی کی بچت ہوتی ہے اور صاف ستھری توانائی اور جدید مصنوعات سازی کے شعبوں میں نئے اقتصادی مواقع پیدا ہوسکتے ہیں۔

ہندوستان میں میڈیا برادری ابھی تک اے آئی کے خطرات سے پوری طرح آگاہ نہیں

نئی دہلی، 14 جنوری (یو این آئی) نئی دہلی میں جاری ورلڈ بک فیئر 2026 کے دوران، ابوظہبی میں قائم مسلم ایلڈرز کونسل نے 'انسانیت کے لیے مصنوعی ذہانت: اخلاقی اے آئی پر مذہبی نقطۂ نظر' کے عنوان سے ایک پینل مباحثہ کا انعقاد کیا۔اس نشست کی صدارت سابق سفارت کار ڈاکٹر ذکر الرحمٰن نے کی، جو سابق ہندوستانی سفیر برائے سابق فلسطینی اتھارٹی (پی اے) اور ریاض میں سابق قونصل جنرل رہ چکے ہیں۔

اس موقع پر ایڈیٹرز گلڈ آف انڈیا کے صدر اور معروف صحافی سنجے کپور نے رپورٹنگ کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ رپورٹنگ ایک ایسا پیشہ ہے جس میں مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے مقابلے میں سب سے زیادہ طاقت موجود ہے۔انہوں نے میڈیا اداروں پر سخت افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اب زیادہ تر میڈیا ادارے رپورٹنگ پر کم خرچ کر رہے ہیں اور انٹرنیٹ پر زیادہ انحصار کرنے لگے ہیں۔

انہوں نے ایلون مسک کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ مسک کے مطابق مستقبل میں پلمبر کی نوکری محفوظ رہے گی لیکن صحافی کی نہیں-خاص طور پر اگر وہ صرف سوالات پوچھنے تک محدود ہو۔مگر حقیقت یہ ہے کہ اس طرح صحافی خود ہی اے آئی کو مزید مضبوط کر رہا ہے۔

مسٹر کپور نے اے آئی کے خطرات سے بھی خبردار کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان میں میڈیا برادری ابھی تک اے آئی کے خطرات سے پوری طرح آگاہ نہیں ہے۔مثال کے طور پر، چیٹ جی پی ٹی، جو صرف دو سال پرانا ہے، ایک عام صحافی سے بہتر لکھ سکتا ہے۔اس کا نتیجہ یہ ہوسکتا ہے کہ اگر صحافت میں جذباتی وابستگی، زمینی رپورٹنگ اور انسانی تجربہ شامل نہ رہا تو نوکریاں ختم ہو جائیں گی اور اے آئی صحافیوں کی جگہ لے لے گی-اور لوگوں کو پتہ بھی نہیں چلے گا کہ یہ کب اور کیسے ہوا۔

جواہر لعل نہرو یونیورسٹی کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر مدثر قمر نے کہا کہ اے آئی کی ترقی اور اس کا تعلیمی میدان پر اثر ایک بڑی کامیابی بھی ہے اور تشویش کا باعث بھی۔آج ایسے اے آئی ٹولز موجود ہیں جو حوالہ جاتی فہرستوں، لٹریچر ریویو، گرامر چیکنگ سمیت تقریباً سب کچھ کر سکتے ہیں۔بعض طلبہ مکمل طور پر اے آئی پر انحصار کرنے لگے ہیں جس سے تحقیق غیر انسانی اور غیر تخلیقی ہو جاتی ہے۔تاہم اس کے مثبت پہلو بھی ہیں، جیسے زبان کی دشواریوں میں طلبہ کی مدد۔انہوں نے کہا کہ اساتذہ اور طلبہ دونوں کو اے آئی کے استعمال میں احتیاط اور سمجھ بوجھ کے درمیان توازن قائم کرنا ہوگا۔

مصنوعی ذہانت کے امکانات اور خدشات پر روشنی ڈالتے ہوئے سینئر تجزیہ کار اور کالم نگار اسد مرزا نے کہا کہ اے آئی صحافت کے لیے ایک معاون آلہ ہے، متبادل نہیں۔انہوں نے کہا کہ جب صحافت میں مصنوعی ذہانت سامنے آئی تو یہ خدشات پیدا ہوئے کہ یہ خاص طور پر تحریر اور مواد کی تیاری کے شعبے میں ملازمتیں ختم کر دے گی اور یہ خدشات کسی حد تک درست بھی ثابت ہوئے۔

انہوں نے بتایا کہ گزشتہ سال مارچ میں اطالوی اخبار ال فولیو نے پہلی بار چار صفحات پر مشتمل ایک ضمیمہ شائع کیا جو مکمل طور پر مصنوعی ذہانت کے ذریعے تیار کیا گیا تھا-یعنی خبروں کا انتخاب، تدوین اور صفحہ بندی سب کچھ اے آئی نے کیا۔

مسٹر مرزا نے مزید کہا کہ اگلے دن برطانوی اخبار دی گارڈین نے اس ضمیمے کو اپنے اے آئی ٹول کے ذریعے معیار کے لحاظ سے جانچا۔تجزیے کے مطابق خبروں کا انتخاب اچھا تھا، تدوین تیز تھی اور صفحہ بندی بہترین تھی، لیکن خبروں کی پیشکش میں انسانی عنصر موجود نہیں تھا۔ان میں وہ انسانی جذبات شامل نہیں تھے جو خبروں میں نمایاں ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اے آئی مواد کی تیاری میں مدد دے سکتی ہے لیکن اس مواد پر انسانی نگرانی ناگزیر ہے۔انسانی لمس کے بغیر خبر قاری سے جڑ نہیں سکتی اور اس کی توقعات پر پورا نہیں اتر سکتی۔اس لیے مصنوعی ذہانت صحافت میں معاون تو ہو سکتی ہے مگر نہ تو یہ مکمل متبادل ہے اور نہ ہی کم از کم فی الحال صحافت پر مکمل طور پر حاوی ہو سکتی ہے۔انہوں نے قرآنی حوالوں سے وضاحت کی کہ اسلام میں کہیں بھی مصنوعی ذہانت کی مخالفت یا ممانعت کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔بلکہ قرآن لوگوں کو اپنی زندگی بہتر بنانے اور فائدہ اٹھانے کے لیے وسائل کے استعمال کی ترغیب دیتا ہے۔ان کے مطابق اسلام کا مؤقف یہ ہے کہ عبادات کے علاوہ ہر نئی چیز کے استعمال کی اجازت ہے، بشرطیکہ وہ کسی ممنوع دائرے میں نہ آتی ہو۔

وزیر اعظم مودی کل دولتِ مشترکہ اسپیکرز کانفرنس کا افتتاح کریں گے

نئی دہلی، 14 جنوری (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی جمعرات کے روز پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس کے سینٹرل ہال میں دولت مشترکہ ممالک کے اسپیکرز اور اجلاس کی صدارت کرنے والے عہدیداروں کی 28 ویں کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔اس موقع پر وزیر اعظم کانفرنس سے خطاب بھی کریں گے۔کانفرنس کی صدارت لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کریں گے جس میں دنیا کے مختلف حصوں سے دولتِ مشترکہ کے 42 ممالک اور 4 نیم خود مختار پارلیمانوں کے 61 اسپیکرز اور پریذائیڈنگ آفیسر شرکت کریں گے۔یہ کانفرنس کئی عصری پارلیمانی امور پر غور وخوض کرے گی جن میں مضبوط جمہوری اداروں کو برقرار رکھنے میں اسپیکرز اور پریذائیڈنگ آفیسر کا کردار، پارلیمانی کارروائی میں مصنوعی ذہانت (آرٹیفیشل انٹیلی جنس) کا استعمال، اراکینِ پارلیمنٹ پر سوشل میڈیا کا اثر، پارلیمنٹ کے بارے میں عوامی سمجھ بوجھ میں اضافہ کرنے کے لیے نئی حکمتِ عملیاں اور ووٹنگ سے الگ شہریوں کی شمولیت جیسے موضوعات شامل ہیں۔

تاریخ میں آج کا دن

نئی دہلی، 14 جنوری (یو این آئی) ہندستان اور عالمی تاریخ میں 15 جنوری کے اہم واقعات درج ذیل ہیں:

1784۔جسٹس اور ماہر لسانیت سر ولیم جونس اور سر وارین ہیسٹنگز نے کلکتہ میں بنگال ایشیاٹک سوسائٹی قائم کی۔

1915۔جاپان نے چین کا اقتصادی کنٹرول اپنے ہاتھوں میں لینے کا دعویٰ کیا۔

1934۔بہار اور نیپال کے کچھ حصوں میں آئے زبردست زلزلہ سے 20 ہزار افراد اسی روز جاں بحق ہوئے اور تاریخی شہر منگیر شہر پوری طرح تباہ ہوگیا۔

1934۔امریکی محکمۂ دفاع کی عمارت پنٹاگن کی تعمیر کا کام مکمل ہوا۔

1949۔کے ایم کریپا ہندوستانی بری فوج کے پہلے کمانڈران چیف بنے۔اس کے بعد سے 15 جنوری کو یوم فوج کے طور پر منایا جاتا ہے۔

1958۔تمل زبان کو مدراس کی سرکاری زبان کا درجہ دیا گیا۔

1965۔فوڈ کارپوریشن اف انڈیا کا قیام عمل میں آیا۔

1971۔میسو کا آسوان باندھ کھولا گیا۔

1975۔پرتگال نے انگولا کی آزادی کے سمجھوتے پر دستخط کیے۔

1977۔اردو کے مشہور ادیب رشید احمد صدیقی کا انتقال ہوا۔

1978۔صدر جمہوریہ نے ایک آرڈی نینس جاری کر کے ایک ہزار روپے اور اس سے زیادہ قیمت کے نوٹوں کے چلائے جانے پر پابندی لگادی۔

1986۔جنرل کریپا (ریٹائرڈ) کو تاحیات فیلڈ مارشل بنایا گیا۔

1986۔پہلی بار انڈین ایئر لائنس نے مسافر بردار ایک طیارہ میں عملہ کے اراکین کے طور پر صرف خواتین کو رکھا۔

1990۔بلغاریہ کی پارلیمنٹ نے اقتدار پر کمیونسٹ پارٹی کی اجارہ داری کو ختم کر کے ملک میں کثیر جماعتی جمہوریت کا راستہ صاف کیا۔

1998۔یوروپی کمیشن نے سلوانیہ اور کروشیا کی آزادی کو منظوری دی۔

1998۔ہندوستان کے سابق قائم مقام وزیر اعظم گلزاری لال نندا کا انتقال ہوگیا۔

2001۔وکیپیڈیا کا آغاز ہوا۔

2006۔برطانوی ہائی کورٹ نے کواتروچی کے دو بینک اکاؤنٹس سے پابندی اٹھانے کا حکم دیا۔کواتروچی پر بوفورس گھپلے کا الزام تھا۔

2009۔دادا صاحب پھالکے ایوارڈ حاصل کرنے والے معروف فلم ساز تپن سنہا کا انتقال ہوگیا۔

2010۔صدی کا طویل ترین سورج گرہن ہوا، جو تین گھنٹے سے زیادہ جاری رہا۔ہندوستان میں، یہ صبح 11:06 پر شروع ہوا اور 3:05 پر ختم ہوا۔

2013۔شام میں حلب یونیورسٹی پر راکٹ حملے میں 83 افراد ہلاک اور 150 زخمی ہوئے۔

2016۔مغربی افریقہ کے شہر برکینا فاسو کے شہر اواگا ڈوگو میں ایک ہوٹل پر دہشت گردانہ حملے میں 28 افراد ہلاک اور 56 دیگر زخمی ہوئے۔

☆☆☆

1977۔اردو کے مشہور ادیب رشید احمد صدیقی کا انتقال ہوا۔

ایرانی کرنسی بری طرح کریش، ریال صفر ڈالر کے برابر ہوگیا

تہران، 14 جنوری (یو این آئی) ایران میں مہنگائی اور معاشی مشکلات کے خلاف مظاہرے جاری ہیں، ایسے میں ایرانی ریال کی قدر بری طرح گرگئی ہے اور ریال تاریخی کم ترین سطح پر پہنچ گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرانی ریال کی قدر صفر ڈالر کے برابر ہوگئی ہے جب کہ یورو کے مقابلے میں بھی ایرانی ریال کی قیمت صفر ہوگئی ہے، اور پاکستانی کرنسی کے مقابلے میں ایرانی ریال محض 26 پیسے کا ہوگیا ہے۔ ایران اس وقت شدید معاشی بحران کے ساتھ ساتھ بڑھتی ہوئی سیاسی بے چینی کا بھی سامنا کر رہا ہے۔ ایک بڑے دھچکے کے طور پر ایرانی کرنسی ریال نے یورپ میں عملی طور پر اپنی قدر کھو دی ہے اور یورو کے مقابلے میں اس کی قیمت صفر ہو چکی ہے۔ قدر ختم ہونے کے باعث ایرانی ریال کو اب یورپی ممالک میں تبدیل (ایکسچینج) نہیں کیا جا سکتا، جس سے ایران عالمی مالیاتی نظام سے مزید الگ تھلگ ہوگیا ہے۔ ملک کے اندر صورت حال انتہائی خراب ہو چکی ہے، جہاں عام شہری بنیادی ضروریات پوری کرنے سے بھی قاصر نظر آتے ہیں۔ 1979 کے ایرانی انقلاب کے وقت ڈالر کی تجارت تقریباً 70 ریال تھی۔ چار دہائیوں سے زیادہ کے بعد اب شرح مبادلہ 1.4 ملین سے بھی زیادہ ہو چکا ہے، یعنی ریال اپنی قدر تقریباً 20,000 گنا کم کر چکا ہے۔ اس سنگین معاشی انہدام نے پورے ایران میں وسیع پیمانے پر احتجاج کو جنم دیا ہے، جہاں مظاہرین اب کھلے عام نظام حکومت میں تبدیلی کا مطالبہ کرر ہے ہیں۔ یہ احتجاج 28 دسمبر کو شروع ہوئے، جن کی ابتدا تاجروں اور کاروباری افراد نے کی، جو تیزی سے کمزور ہوتی معیشت، بڑھتی ہوئی مہنگائی اور ریال کی قدر میں شدید گراوٹ کے خلاف سڑکوں پر نکل آئے۔ ایرانی کرنسی کی یہ گراوٹ غیر معمولی ہے، بھارتی روپے کے مقابلے میں ریال کی قدر اب صرف 0.000091 پیسے رہ گئی ہے، جب کہ امریکی ڈالر کے مقابلے میں یہ تقریباً 0.0000010 سینٹ تک گر چکی ہے۔ سب سے زیادہ تشویش ناک بات یہ ہے کہ یورو کے مقابلے میں ریال کی قدر صفر ہوگئی ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ

اب یورپی یونین کے تمام 27 ممالک میں ریال نہ تو قابل قبول ہے اور نہ ہی قابل تبادلہ۔ اگرچہ بعض رپورٹس میں دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ ریال "مکمل طور پر تباہ" ہو چکا ہے، تاہم ماہرین وضاحت کرتے ہیں کہ جب تک کوئی ملک فعال ہے، اس کی کرنسی حقیقتاً صفر نہیں ہو سکتی۔ موجودہ صورت حال دراصل قوت خرید میں شدید کمی، غیر معمولی قدر میں گراوٹ اور ممکنہ طور پر کرنسی کی از سر نو قدر بندی (ری ڈینومینیشن) کی عکاس ہے۔ اکتوبر 2025 میں ایرانی پارلیمان نے ایک منصوبے کی منظوری دی تھی، جس کے تحت ریال سے چار صفر ختم کیے جائیں گے۔ اس منصوبے کے لیے دو سالہ تیاری اور تین سالہ منتقلی کا عرصہ مقرر کیا گیا ہے اور اس دوران پرانے اور نئے نوٹ بیک وقت گردش میں رہیں گے۔ تجزیہ کاروں کے مطابق یہ اقدام کاغذی سطح پر کرنسی کو قابلِ استعمال بنانے کے لیے ایک عارضی "ری سیٹ" ہے، تاہم یہ بنیادی معاشی مسائل جیسے کہ مہنگائی، کمزور اقتصادی نمو اور غیر ملکی کرنسی تک محدود رسائی کا حل نہیں ہے۔ امریکی اور بین الاقوامی پابندیاں: برآمدات، خصوصاً تیل سے حاصل ہونے والے ڈالر تک رسائی محدود ہونے کے باعث ریال پر دباؤ میں اضافہ ہوا ہے۔ شدید مہنگائی: دسمبر 2025 میں صارفین کی قیمتوں میں 42.5 فی صد اضافہ ہوا، جس کے باعث شہری نقد رقم رکھنے کی بجائے غیر ملکی کرنسی، سونا یا ضروری اشیا خریدنے پر مجبور ہوگئے۔ کمزور معاشی نمو: 2025 میں ایران کی مجموعی قومی پیداوار (GDP) میں 1.7 فی صد کمی ہوئی، جب کہ 2026 میں مزید سکڑاؤ کی پیش گوئی کی جا رہی ہے، جس سے سرکاری آمدنی اور مالی استحکام متاثر ہوا ہے۔ پالیسی میں تبدیلیاں: حالیہ اصلاحات کے تحت درآمد کنندگان کو کھلی منڈی کی شرح پر غیر ملکی کرنسی خریدنے کا پابند بنایا گیا، جس سے اچانک ڈالر کی طلب میں اضافہ ہوا۔ سیاسی بے چینی: مذہبی قیادت اور معاشی بدانتظامی کے خلاف جاری احتجاج نے ایک اضافی "رسک پریمیم" پیدا کر دی ہے، جس سے کرنسی کی قدر میں گراوٹ مزید تیز ہوگئی ہے۔

شہزادی لیونور 150 سال بعد اسپین کی پہلی ملکہ بننے کیلئے تیار

میڈرڈ، 14 جنوری (یو این آئی) اسپین کے بادشاہ فیلیپے ششم اور ملکہ لیٹیزیا کی 20 بڑی بیٹی شہزادی لیونور ملک کی آئندہ ملکہ بننے کے لیے تیار ہیں۔ ان کی تخت نشینی کے بعد اسپین کو 150 سال بعد پہلی بار ایک بااختیار ملکہ ملے گی۔ اس سے قبل آخری خاتون حکمراں ملکہ ازابیلا دوم تھیں، جن کی حکومت 1868 میں ختم ہوئی۔ شہزادی لیونور 2005ء میں پیدا ہوئیں اور اس وقت اسپین کی ولی عہد ہیں۔ ہسپانوی شاہی خاندان میں بادشاہت کا سلسلہ بوربن خاندان کے پاس ہے جو 18ویں صدی سے اقتدار میں ہے۔ 2014ء میں بادشاہ خوان کارلوس اول کے دستبردار ہونے کے بعد فیلیپے ششم بادشاہ بنے اور اب ان کے بعد لیونور تخت کی وارث ہیں۔ ہسپانوی قانون کے مطابق ولی عہد کے لیے فوجی تربیت لازمی ہے، شہزادی لیونور نے ویلز کے یو ڈبلیو سی اٹلانٹک کالج سے انٹرنیشنل بکلوریٹ مکمل کیا جس کے بعد انہوں نے فوجی تربیت کا آغاز کیا۔ وہ ہسپانوی، کاتالان، انگریزی، فرانسیسی، عربی اور مینڈرن زبانوں پر عبور رکھتی ہیں۔ اگست 2023ء میں انہوں نے زرگوزا میں آرمی ٹریننگ شروع کی۔ 2024ء میں انہوں نے بحریہ کی تربیت حاصل کی اور تربیتی جہاز خوان سباستیان دے الکانو پر 140 دن کا 17 ہزار میل کا سمندری سفر کیا جس میں وہ عملے کے رکن کے طور پر شامل رہیں۔ بعدازاں انہوں نے جنگی جہاز بلاس دے لیزو پر بھی خدمات انجام دیں۔ دسمبر 2025ء میں شہزادی لیونور نے پائلٹس پی سی 21- طیارے میں اپنی پہلی تنہا پرواز مکمل کی جس کے بعد وہ ہسپانوی شاہی خاندان کی پہلی خاتون بن گئی ہیں جنہوں نے یہ اعزاز حاصل کیا۔ ایئرفورس کی تربیت کے دوران انہیں خطے کا اعلیٰ ترین اعزاز، گولڈ میڈل آف ریجن آف مرسیا، دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ یہ ان کے مستقبل کے کردار بطور اسپین کی مسلح افواج کی کمانڈر انچیف کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا جا رہا ہے۔

☆☆☆

تھائی لینڈ میں مسافر ٹرین کو حادثہ، 22 افراد ہلاک

بنکاک، 14 جنوری (یو این آئی) تھائی لینڈ میں ایک تعمیراتی کرین مسافر ٹرین پر گرنے سے 22 افراد ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حادثے میں 50 سے زائد افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ زخمیوں کو اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ یہ حادثہ صوبہ ناکھون رتچاسیما کے ضلع سکھیو میں پیش آیا۔ ٹرین تھائی لینڈ کے دارالحکومت بنکاک سے اوبن رتچاتھانی صوبے کی طرف جا رہی تھی۔ رپورٹس کے مطابق ٹرین ٹریک پر گرنے والی کرین سے جا ٹکرائی جس کے باعث کئی بوگیاں پٹری سے اتر گئیں۔ مقامی میڈیا کے مطابق حادثے کے بعد ٹرین میں آگ بھی لگ گئی تھی۔

مظاہرین کو پھانسی دینے کی صورت میں بہت سخت کارروائی کریں گے: ٹرمپ کی وارننگ

واشنگٹن، 14 جنوری (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے مظاہرین کو پھانسی دینے کی صورت میں ایران کو سخت کارروائی سے خبردار کر دیا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی میڈیا کو انٹرویو کے دوران کہا کہ انہیں پھانسیوں کے بارے میں کوئی رپورٹ موصول نہیں ہوئی لیکن انہوں نے ساتھ ہی خبردار کیا کہ اگر ایران میں گرفتار مظاہرین کو پھانسی دی جاتی ہے تو امریکہ بہت سخت کارروائی کرے گا۔ صدر ٹرمپ نے مزید کہا کہ ہم نہیں چاہتے کہ ایران میں جو کچھ ہو رہا ہے، وہ ایسا ہی جاری ہے لیکن جب ہزاروں لوگوں کو قتل کیا جائے اور پھانسی کی بات ہو تو پھر ان سب کا نتیجہ ایران کے لیے بالکل اچھا نہیں ہوگا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل امریکی صدر نے ایران میں حکومت کے خلاف پُرتشدد مظاہرے کرنے والوں کو بغاوت پر اُکساتے ہوئے کہا کہ ایرانی اداروں کا کنٹرول سنبھال لیں، امریکی مدد جلد پہنچنے والی ہے۔ امریکی صدر نے اپنے شہریوں اور اتحادیوں کو ایران سے نکلنے کی بھی ہدایت کی۔

سینیٹرز نے ٹرمپ کی فوجی طاقت کو محدود کرنے کے لیے بل پیش کیا، گرین لینڈ پر حملے کے لیے فنڈ نہیں

واشنگٹن، 14 جنوری (یو این آئی) امریکی سینیٹرز نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو گرین لینڈ سمیت نیٹو کے کسی بھی رکن ملک یا خطے پر حملہ کرنے یا قبضہ کرنے سے روکنے کے لیے ایک بل پیش کیا ہے۔ منگل کو متعارف کرایا گیا "نیٹو یونٹی پروٹیکشن ایکٹ"، "محکمہ دفاع اور محکمہ خارجہ کو کسی بھی نیٹو رکن ملک کے علاقے کی 'ناکہ بندی، قبضہ، الحاق، یا کنٹرول قائم کرنے' کے لیے فنڈز کے استعمال پر روک لگانے کا التزام کرتا ہے۔ اس کے علاوہ ریپبلکن سینیٹر ڈان بیکن نے ڈیموکریٹک سینیٹرز کے ساتھ مل کر ایک ایسا بل پیش کیا ہے، جو صدر کو گرین لینڈ پر قبضہ کرنے کے لئے فوجی طاقت کا استعمال کرنے سے پہلے ہی روکنے کی کوشش کرتا ہے۔ مسٹر بیکن نے ایک بیان میں لکھا، "پیر کو پیش کیا گیا 'نو فنڈز فار نیٹو انویژن ایکٹ' بل نیٹو کے کسی بھی رکن ملک یا نیٹو کے محفوظ علاقے پر حملے کے لیے وفاقی فنڈز کے استعمال کو ممنوع قرار دے گا۔ سینیٹرز نے 80 سالہ نیٹو اتحاد کو "امریکہ اور یورپی اتحادیوں کے درمیان امن وتعاون کی بنیاد" قرار دیا اور کہا کہ اس سے اقتصادی مواقع بڑھے ہیں، سلامتی بہتر ہوئی ہے اور اتحادیوں کے ساتھ امن قائم ہوا ہے۔ سینیٹرز نے ایک بیان میں کہا، "ہمیں اشتعال انگیز بیان بازی بند کرنا چاہیے، اپنے مشترکہ مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ ان لوگوں کی طرف سے لاحق حقیقی خطرات کا مقابلہ کرنا چاہیے جو ہماری اقدار کا اشتراک نہیں کرتے ہیں۔ بل کیٹنگ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا، "آج شام، میں نے دو طرفہ 'نو فنڈز فار نیٹو انویژن ایکٹ' پیش کیا ہے، جو ٹرمپ انتظامیہ کو کسی بھی نیٹو اتحادی کے علاقوں پر حملہ کرنے سے روکتا ہے۔ نیٹو تقریباً 80 سالوں سے امریکہ اور یورپ کے درمیان امن کی بنیاد رہا ہے اور اس نے امریکیوں کو محفوظ رکھا ہے۔ ہمیں نقصان پہنچانے والوں کے خلاف ہمارے دفاع کو مضبوط کیا ہے۔ میں اپنے ساتھیوں کی حمایت کی ستائش کرتا ہوں، کیونکہ ہم اس بل کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ مسٹر کیٹنگ نے کہا، "یہ ہمارے مشترکہ اہداف اور ہماری سلامتی کے بارے میں ہے، نہ صرف یورپ بلکہ خود امریکہ میں بھی۔" مسٹر کیٹنگ، ریٹائرڈ سینیٹرز ڈان بیکن، سٹینی ہوئر، اور بریندن بوئل کے ساتھ اس بل کی قیادت کر رہے ہیں۔ مسٹر کیٹنگ نے کہا کہ قانون سازوں نے پیر کی رات سے ہی اس کے لئے حمایت اکٹھی کرنا شروع کر دیا ہے اور امید ہے کہ مزید ریپبلکن اس کوشش میں شامل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ان کا خیال ہے کہ فنڈنگ روکنا انتظامیہ پر دباؤ ڈالنے کا زیادہ موثر طریقہ ہے۔ مسٹر کیٹنگ نے کہا، "جنگی طاقتیں اہم ہیں، لیکن ہم نے ڈیموکریٹک اور ریپبلکن دونوں صدور کے ساتھ دیکھا ہے کہ وہ اتنے موثر نہیں ہیں۔ فنڈ کی کمی یا اہلکاروں کو اس کی اجازت نہ دینا ایسی رکاوٹ ہے، جس پر قابو پانا مشکل ہے۔" یہ نئی قانون سازی اس وقت سامنے آئی ہے جب ڈیموکریٹک پارٹی کے ارکان وینزویلا کے صدر نکولس مادورو کی معزولی کے بعد ٹرمپ انتظامیہ کی فوجی کارروائی کو محدود کرنے کے طریقے تلاش کر رہے ہیں۔ سینیٹ اس ہفتے کے آخر میں وینزویلا کے خلاف "جنگی طاقتوں کے اقدام" کی منظوری دے سکتی ہے، حالانکہ ایوان نمائندگان میں اس کا مستقبل غیر یقینی ہے۔ ٹرمپ انتظامیہ کے اہلکار ڈنمارک کے علاقے گرین لینڈ پر قبضہ کرنے کے لیے عسکری طاقت سمیت مختلف آپشنز پر کھلے طور پر غور کر رہے ہیں۔ اس طرح کی کارروائی نیٹو کے 'آرٹیکل 5' کی خلاف ورزی ہوگی، جس میں کہا گیا ہے کہ ایک رکن پر حملہ سب پر حملہ تصور کیا جاتا ہے۔

ملائیشیا کا عالمی صمود فلوٹیلا میں براہِ راست شرکت کا اعلان

کوالالمپور، 14 جنوری (یو این آئی) ملائیشیا کے وزیرِ اعظم انور ابراہیم کی جانب سے یہ اعلان سامنے آیا ہے کہ ان کی حکومت غزہ کے لیے روانہ ہونے والے عالمی انسانی امدادی مشن گلوبل صمود فلوٹیلا 2.0 میں براہِ راست شرکت کرے گی۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق ملائیشیا کے وزیرِ اعظم انور ابراہیم نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم فیس بک پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ یہ مشن 80 سے زائد ممالک کی شمولیت سے منعقد کیا جا رہا ہے اور ملائیشیا کی براہِ راست شرکت فلسطینی عوام کے حقوق کے دفاع اور انسانی انصاف کے قیام کے لیے عالمی اخلاقی جدوجہد کا تسلسل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرحد، نسل یا مذہب سے بالاتر ہو کر انسانی حقوق اور انصاف کے لیے آواز اٹھانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ملائیشیا کے وزیرِ اعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملائیشیا فلسطینی عوام کی مدد اور ان کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات اُٹھائے گا کیونکہ ایک باوقار اور آزاد فلسطین کے قیام کے لیے انصاف میں مزید تاخیر نہیں کی جا سکتی۔ واضح رہے کہ ماضی میں اسرائیل نے غزہ جانے والے کئی امدادی بحری جہازوں پر حملے کیے، ان کا سامان ضبط کیا اور جہازوں پر موجود کارکنوں کو گرفتار کر کے ڈی پورٹ کر دیا۔ اسرائیلی بحریہ نے گزشتہ اکتوبر میں غزہ کے لیے روانہ ہونے والی عالمی صمود فلوٹیلا کے 40 سے زائد کشتیوں پر حملہ کر کے انہیں قبضے میں لے لیا تھا، جبکہ 450 سے زائد کارکنوں کو گرفتار کر لیا تھا۔

ایران میں کرنسی گراوٹ، مہنگائی اور مظاہروں کے باوجود حکومت گرنے کے آثار نہیں: برطانوی میڈیا

لندن، 14 جنوری (یو این آئی) برطانوی میڈیا کا کہنا ہے کہ ایران میں کرنسی کی قدر میں گراوٹ، مہنگائی اور مظاہروں کے باوجود حکومت گرنے کے آثار نہیں۔ برطانوی میڈیا نے ایران میں پچھلے ہفتے جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار کے واقعات میں ملوث فسادیوں اور نقصانات کی نئی ویڈیو جاری کی ہیں۔ برطانوی میڈیا نے ایرانی سرکاری میڈیا کے کلپس نشر کیے۔ برطانوی میڈیا کے مطابق ایران میں انٹرنیٹ بندش کے سبب یہ ویڈیوز پہلے سامنے نہیں آسکی تھیں جب کہ ایران نے امریکہ اور اسرائیل کو فسادات میں ملوث قرار دیا ہے۔ برطانوی میڈیا کا کہنا ہے کہ ایران میں کرنسی کی قدر میں گراوٹ، مہنگائی اور مظاہروں کے باوجود حکومت گرنے کے آثار نہیں، ایران کی اعلیٰ ترین سکیورٹی اسٹیبلشمنٹ میں بھی دراڑوں کے کوئی آثار نہیں۔

ایران میں دو ہفتوں سے جاری پُرتشدد مظاہروں کا سلسلہ رک گیا

تہران، 14 جنوری (یو این آئی) ایران میں دو ہفتوں سے جاری پُرتشدد مظاہروں کا سلسلہ رک گیا، حالات معمول پر آنے لگے، انٹرنیشنل کالز بحال، انٹرنیٹ سروس ابھی بند ہے۔ وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا ہے کہ امریکا نے ملٹری آپریشن کی کوشش کی تو ایران تیار ہے، نہیں سمجھتے کہ امریکہ منصفانہ مذاکرات کے لیے تیار ہے۔ عباس عراقچی نے جرمن چانسلر کے بیان پر ردعمل میں کہا کہ برلن انسانی حقوق کے لیکچر کے لیے سب سے بدترین مقام ہے۔ انہوں نے کہا کہ جرمن چانسلر وینزویلا کے صدر کے اغوا پر مسلسل خاموش رہے، غزہ میں 70 ہزار شہادتوں پر خاموش رہنے والے جرمنی کو شرم آنی چاہیے۔ واضح رہے کہ ایران میں فسادات کے خاتمے اور حالات معمول پر آنے کے بعد امریکی صدر ٹرمپ نے ایرانیوں کو دوبارہ احتجاج کرنے کی ترغیب، ایران میں فساد برپا کرنے والوں کی کھلم کھلا پشت پناہی، کہا مظاہرین ایرانی اداروں کا کنٹرول سنبھال لیں، امریکی مدد جلد پہنچنے والی ہے، مظاہرین کو پھانسی دی تو انتہائی سخت ردعمل ہوگا۔

حماس قیادت کون سنبھالے گا، انتخابی عمل شروع

غزہ، 14 جنوری (یو این آئی) قیادت کے انتخاب کے لیے فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس میں انتخابی عمل کا آغاز ہو چکا ہے، حماس ذرائع کا کہنا ممکنہ طور پر رواں ماہ کے اختتام تک انتخابی مرحلہ مکمل ہو جائے گا۔ عرب میڈیا کے مطابق حماس کی قیادت 16 اکتوبر 2024ء کے روز قائد یحییٰ سنوار کی شہادت کے بعد سے بغیر لیڈر کے محض مشترکہ مشاورتی نظام کے تحت چل رہی تھی، تاہم اب تنظیم میں باقاعدہ قیادت کے انتخاب کے سلسلے کا آغاز ہو چکا ہے۔ بین الاقوامی خبر ایجنسی نے بتایا ہے کہ حماس کی جانب سے اس امر کی تصدیق کی گئی ہے کہ اس مہینے کے اختتام تک حماس کی قیادت کے انتخاب کا مرحلہ مکمل ہو جائے گا۔ حماس کی قیادت کے حوالے سے خلیل الحیا اور خالد مشعل کے نام کافی عرصے سے توجہ کا مرکز ہیں ممکنہ طور پر ان میں سے کوئی ایک شخص مستقبل میں گروپ کی قیادت سنبھالے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ انتخاب کے عمل میں شوریٰ کے 50 ارکان حصہ لیں گے اور یہ عمل خفیہ رائے شماری کے ذریعے مکمل کیا جائے گا۔

ایلون مسک نے ایران میں مفت اسٹارلنک انٹرنیٹ سروس فراہم کردی

ٹیکساس، 14 جنوری (یو این آئی) دنیا کے امیر ترین آدمی ایلون مسک نے ایران میں مفت اسٹار لنک انٹرنیٹ سروس فراہم کر دی۔ امریکی میڈیا کے مطابق ایلون مسک کی کمپنی اسپیس ایکس اب ایران میں صارفین کو اسٹار لنک سیٹلائٹ سروس کے ذریعے مفت انٹرنیٹ فراہم کر رہی ہے، کیوں کہ ایران میں کئی روز سے انٹرنیٹ بند ہے۔ ایران میں پہلے سے غیر فعال اسٹار لنک اکاؤنٹس اب فعال ہوگئے ہیں اور ان کے سبسکرپشن فیس بھی معاف کر دی گئی ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق ایرانی حکومت کی جانب سے کئی مقامات پر جیمرز لگائے گئے ہیں تاکہ مفت انٹرنیٹ فراہمی کو روکا جا سکے، تاہم بیشتر علاقوں میں انٹرنیٹ سروس بحال ہے۔

نیویارک کے میئر زہران ممدانی اہلیہ کے ہمراہ نئے گھر میں منتقل

نیویارک، 14 جنوری (یو این آئی) نیویارک سٹی کے نومنتخب میئر زہران ممدانی اور ان کی اہلیہ راما دواجی باضابطہ طور پر میئر کی سرکاری رہائش گاہ گریسی مینشن منتقل ہوگئے۔ 34 سالہ میئر زہران ممدانی نے اپنی زندگی کے اس نئے مرحلے کا اعلان اپنے سرکاری انسٹاگرام اکاؤنٹ پر کیا، جہاں انہوں نے گریسی مینشن کو 'عوام کا گھر' قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ عمارت ہمیشہ نیویارک کے عوام سے تعلق رکھے گی۔ اپنی پوسٹ میں ممدانی نے لکھا کہ راما اور میں خود کو خوش نصیب سمجھتے ہیں کہ ہم بھی دیگر نیویارکرز کی طرح شہر کے ایک نئے حصے میں منتقل ہو رہے ہیں، ہم اپر ایسٹ سائیڈ میں ملنے والی خوش آمدید پر شکر گزار ہیں اور گریسی مینشن کے مکین بننے پر عاجزی محسوس کرتے ہیں، جو دراصل عوام کا گھر ہے۔ اس موقع پر انہوں نے اہلیہ کے ہمراہ گریسی مینشن میں داخل ہوتے ہوئے تصاویر بھی شیئر کیں، جس میں ان کا سامان بھی نئی رہائش گاہ میں منتقل کیا جا رہا تھا۔ زہران ممدانی نے گزشتہ دسمبر میں تصدیق کی تھی کہ وہ اور ان کی اہلیہ سرکاری میئر رہائش گاہ میں منتقل ہوں گے۔ اس سے قبل وہ گزشتہ پانچ برس سے کوئنز میں واقع ایک رینٹ اسٹیبلائزڈ اپارٹمنٹ میں رہائش پذیر تھے، جہاں وہ ماہانہ 2300 ڈالر کرایہ ادا کر رہے تھے۔ میئر رہائش گاہ منتقل ہونے کے فیصلے پر بات کرتے ہوئے زہران ممدانی نے کہا کہ یہ فیصلہ بنیادی طور پر خاندان کی سکیورٹی کو مدنظر کیا گیا ہے، تاہم انہوں نے اس بات کا بھی اعتراف کیا کہ وہ اپنے سابقہ اپارٹمنٹ کی کئی باتوں کو یاد کریں گے۔ ان کے مطابق ہمیں اپنے کچن میں ساتھ کھانا پکانا، شام کے وقت پڑوسیوں کے ساتھ لفٹ کا سفر اور دیواروں کے پار سے موسیقی اور قہقہوں کی آوازیں سننا یاد آئے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ فیصلہ نیویارک کے شہریوں کی جانب سے دیے گئے افورڈیبلٹی ایجنڈے پر مکمل توجہ دینے کے لیے بھی ضروری تھا۔ اس کے برعکس گریسی مینشن ایک مکمل عملے کے ساتھ چلنے والی 11 ہزار اسکوائر فٹ پر مشتمل شاندار رہائش گاہ ہے، جو دریا کنارے اپر ایسٹ سائیڈ میں واقع ہے، یہ عمارت 1942 سے نیویارک سٹی کے میئرز کی سرکاری رہائش گاہ چلی آ رہی ہے اور اس میں ہر میئر نے قیام کیا، سوائے ارب پتی سابق میئر مائیکل بلومبرگ کے، جو اپنے ذاتی گھروں میں زیادہ تر مقیم رہے۔

☆☆☆

اگر ٹیرف کے خلاف فیصلہ آیا تو سیکڑوں ارب ڈالر واپس کرنا پڑیں گے: صدر ٹرمپ

واشنگٹن، 14 جنوری (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ٹیرف کے معاملے پر سپریم کورٹ کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر فیصلہ ٹیرف کے خلاف آیا تو سیکڑوں ارب ڈالر واپس کرنا پڑیں گے۔ ٹرمپ نے کہا کہ عدالتی فیصلے پر امریکہ کے لیے ادائیگیاں تقریباً ناممکن ہو جائیں گی، اتنی بڑی رقم کا حساب لگانے میں بھی برسوں لگ سکتے ہیں، جو کہے کہ یہ مسئلہ آسانی سے حل ہو سکتا ہے وہ غلط فہمی کا شکار ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ اگر امریکی سپریم کورٹ ان کے عالمی تجارتی ٹیرف (محصولات) کو کالعدم قرار دیتی ہے تو یہ صورت حال "مکمل افراتفری" بن جائے گی۔ قومی سلامتی سے جڑے معاملے میں فیصلہ خلاف آیا تو شدید بحران کا شکار ہو جائیں گے۔ سوشل میڈیا پر ایک طویل پوسٹ میں امریکی صدر نے کہا کہ ٹیرف کے خلاف فیصلے پر "ہم بری طرح پھنس جائیں گے"۔ خیال رہے کہ اس فیصلے کی توقع آج بدھ کے روز کی جا رہی ہے۔ یہ ٹرمپ کی متنازع معاشی حکمت عملی اور اختیارات کے حوالے سے ایک نہایت اہم قانونی امتحان بتایا جا رہا ہے۔ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ فیصلے کے بعد ٹیرف کو واپس لینا مشکل ہو جائے گا کیوں کہ کاروباری ادارے اور ممالک رقوم کی واپسی (ریفنڈ) کا دعویٰ کر سکتے ہیں۔ ان کے بقول "یہ جاننے میں کئی سال لگ جائیں گے کہ ہم کس رقم کی بات کر رہے ہیں اور حتیٰ کہ یہ بھی کہ کس کو، کب اور کہاں ادائیگی کرنی ہے۔" نومبر میں سپریم کورٹ نے ٹرمپ انتظامیہ کے وسیع عالمی ٹیرف نظام کی قانونی بنیاد پر شکوک و شبہات کا اظہار کیا تھا، ججوں نے صدر کے ان محصولات عائد کرنے کے اختیار پر سوال اٹھائے۔ وہ وسیع عالمی ٹیرف، جن کا اعلان پہلی بار گزشتہ سال اپریل میں ٹرمپ نے کیا تھا، کو چھوٹے کاروباری اداروں اور امریکا کی 12 ریاستوں نے چیلنج کیا ہے۔ ان کا موقف ہے کہ صدر نے ملک میں درآمد ہونے والی اشیا پر نئے محصولات عائد کر کے اپنے اختیارات سے تجاوز کیا۔

امریکیوں کو دھوکہ دینا اب تارکین وطن کو مہنگا پڑے گا: ٹرمپ کا نیا اعلان

ڈیٹرائٹ، 14 جنوری (یو این آئی) ڈونلڈ ٹرمپ نے تارکین وطن کو ڈرانے کے لیے ایک اور اعلان کر دیا ہے، جس کے مطابق امریکیوں کو دھوکہ دینے والے تارکین کی شہریت منسوخ ہوگی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی صدر نے کہا کہ ان لوگوں کے خلاف کارروائی کرنے جا رہے ہیں جنہوں نے ہمارے شہریوں کو دھوکہ دیا ہو اور اس میں انہیں سزا ہوئی ہو، ایسے لوگوں کی شہریت منسوخ کر دی جائے گی۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے منگل کے روز ڈیٹرائٹ اکنامک کلب میں ایک تقریر میں کہا کہ اُن کی انتظامیہ صومالیہ یا کسی بھی دوسرے ملک سے تعلق رکھنے والے ایسے تارکین وطن کی شہریت منسوخ کرنے جا رہی ہے، جنہوں نے 'ہمارے کسی شہری کو دھوکا دیا ہو۔' انہوں نے کہا 'اگر آپ امریکیوں کو لوٹنے کے لیے امریکہ آتے ہیں، تو ہم آپ کو جیل میں ڈال دیں گے، اور ہم آپ کو اس جگہ واپس بھیج دیں گے جہاں سے آپ آئے تھے۔ ہاں ہم آپ کو بالکل جیل میں ڈالیں گے۔' یہ بیانات منیسوٹا کے شہر منیاپولس میں صومالی نژاد امریکی کمیونٹی پر تازہ ترین حملے کی عکاسی کرتے ہیں، جہاں ٹرمپ نے اپنی ملک بدری (ڈی پورٹیشن) مہم کو تیز کر دیا ہے۔ منیاپولس امریکہ کے وسط مغربی خطے کا ایک شہر ہے جہاں صومالی برادری کی بڑی تعداد آباد ہے۔ یہ کریک ڈاؤن اس وقت سامنے آیا جب ایک دائیں بازو کے سوشل میڈیا اثر و رسوخ رکھنے والے شخص (رائٹ ونگ انفلوئنسر) نے بغیر کسی ثبوت کے یہ دعویٰ کیا کہ منیاپولس میں رہنے والے صومالی باشندے سرکاری طور پر سبسڈی یافتہ ڈے کیئر مراکز سے متعلق بڑے پیمانے پر دھوکا دہی میں ملوث ہیں۔ ان الزامات کی تحقیقات ابھی جاری ہیں، تاہم اس کے باوجود ٹرمپ نے ڈیموکریٹک قیادت والی پانچ ریاستوں کو وفاقی سطح پر بچوں کی نگہداشت کی ادائیگیاں روک دی ہیں۔ کیلیفورنیا، کولوراڈو، الینوائے، منیسوٹا اور نیویارک کی ریاستوں نے اس کے خلاف مقدمہ دائر کیا، جس پر گزشتہ جمعے کو ایک وفاقی جج نے ٹرمپ کے اس حکم نامے پر عارضی پابندی عائد کرنے کا حکم دیا۔

ماسکو میں رواں ماہ 146 سالہ ریکارڈ کی پانچویں سخت برف باری

ماسکو، 14 جنوری (یو این آئی) روس کے دارالحکومت میں برفباری کے ریکارڈ ٹوٹ گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ان دنوں ماسکو شدید سردی کی زد میں ہے جہاں کئی فٹ برفباری ریکارڈ کی جا رہی ہے۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ ماسکو میں رواں ماہ 146 سالہ ریکارڈ کی پانچویں سخت برف باری ہوئی اور ویک اینڈ پر ایک ملین کیوبک میٹرز برف صاف کی گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شدید سردی کی وجہ سے ٹرانسپورٹ کے نظام کے ساتھ ساتھ شہریوں کو دیگر معمولات زندگی میں بھی دشواری کا سامنا ہے۔ ماسکو میں آج درجہ حرارت منفی 9 ڈگری ریکارڈ کیا گیا جب کہ مزید برفباری کا امکان بھی ظاہر کیا جا رہا ہے۔

ٹرمپ کے ایران سے متعلق بیان پر چین کا سخت ردعمل

واشنگٹن، 14 جنوری (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ایران سے متعلق بیان پر چین کا ردعمل سامنے آگیا۔ ترجمان چینی وزارت خارجہ ماؤ ننگ کا کہنا ہے کہ وہ کسی بھی ملک کے داخلی معاملات میں بیرونی مداخلت کی مخالفت کرتے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ چین بین الاقوامی تعلقات میں طاقت کے استعمال یا خطرے کو تسلیم نہیں کرتا۔ قبل ازیں امریکی صدر ٹرمپ نے مشی گن کے شہر ڈیٹرائٹ میں میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ اگر ایران مظاہرین کو پھانسی دیتا ہے تو ہم بہت سخت کارروائی کریں گے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ ایران کی صورتحال بہت خراب ہے ایران میں قتل عام اُن کے علم میں ہے، ایران میں ہلاکتوں کی صحیح تعداد جلد معلوم کر لیں گے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایرانی مظاہرین کے لیے یہ پیغام بھی دیا تھا کہ وہ احتجاج جاری رکھیں جلد مدد آرہی ہے۔

بی سی سی ایل میں غیر قانونی کان کنی کے دوران زمین دھنسنے سے 2 کی موت 4 کو بچالیا گیا 2 لاپتہ

آسنسول: 14/ جنوری، (عوامی نیوز سروس): کلٹی تھانہ علاقے کے بودرا علاقے میں اس وقت خوف و ہراس پھیل گیا جب بی سی سی ایل کی اوپن کاسٹ کان میں کوئلے کی غیر قانونی کان کنی کے دوران اچانک زمین دھنس گئی حادثے میں دو مزدوروں کی موت ہوگئی، جب کہ متعدد افراد کے پھنسے ہونے کا خدشہ ہے عینی شاہدین اور مقامی ذرائع کے مطابق صبح کے وقت کچھ لوگ کان کے اندر غیر قانونی طور پر کوئلہ نکال رہے تھے اس دوران کان کی کمزور دیوار اور اس کے اوپر کی مٹی اچانک ڈھل گئی چند ہی لمحوں میں گرد و غبار کا بادل چاروں طرف پھیل گیا۔ چیخ و پکار سنکر آس پاس کے لوگوں نے فوری طور پر ریسکیو آپریشن شروع کرنے کی کوشش کی اور پولیس کو اطلاع دی حادثے کے بعد کان سے چار افراد کو بچالیا گیا ہے ان میں سے دو کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے اور انہیں اسپتال لے جایا گیا ہیانہیں فوری طور پر اسپتال میں داخل کرایا گیا۔ دو دیگر افراد کی ہلاکت کا خدشہ ہے۔ مرنے والوں میں سے بتایا جاتا ہے کہ ایک خاتون بھی شامل ہے۔ تاہم انتظامیہ نے ابھی تک سرکاری طور پر ہلاکتوں کی تصدیق نہیں کی ہے مٹی اور ملبہ ہٹانے کے لیے بھاری مشینری بالخصوص پوکلین مشین کا استعمال کیا جارہا ہے تاکہ دبے ہوئے لوگوں تک پہنچ سکیجاں بحق اور زخمیوں کے اہل خانہ سوگوار ہیں۔ صورتحال پر قابو پانے کے لیے کلٹی پولیس اسٹیشن کے ساتھ سی آئی ایس ایف کی بھاری نفری کو موقع پر تعینات کیا گیا ہے مقامی لوگوں کا الزام ہے کہ بودرہ اور آس پاس کے علاقوں میں طویل عرصے سے غیر قانونی کانکنی جاری ہے۔ کمزور حفاظتی انتظامات اور کانوں کی خستہ حالی کے باوجود لوگ جان جوکھم میں ڈال کر کوئلہ نکالنے پر مجبور ہیں۔

بی سی سی ایل بودرہ او سی پی کے ڈینجر زون کی طرف جانے والوں کے خلاف کاروائی، پولس کی سخت وارننگ

آسنسول: 14/ جنوری، (عوامی نیوز سروس): کلٹی اسمبلی حلقے کے بودرہ علاقے میں بی سی سی ایل اوپن کاسٹ کولیری واقع ہے اس کولیری میں حلقے واطراف کے لوگ غیر قانونی طور پر کوئلہ نکالنے کے لئے جاتے ہیں جس سے ہمہ وقت خطرے کا اندیشہ ہوتا ہے گذشتہ دن ایک بڑا حادثہ اس او سی پی میں رونما ہوا جسمیں دو ہلاک دو گھائل اور کئی کے لاپتہ ہونے کی خبر ہے اس حادثے کے بعد آج اس کولیری علاقے میں سی آئی ایس ایف، کلٹی تھانہ کی پولیس کے ساتھ دیگر افسران بھی پہنچے اور بیداری مہم چلائی مقامی لوگوں کو سختی سے متنبہ کیا کے بی سی سی ایل کی او سی پی کولیری کی طرف کوئی بھی فرد نہیں جائے اس کولری میں ڈینجر زون بن گیا ہے زمین دھنس جاتی ہے تو وہ گرجاتا ہے جسکے نیچے لوگ دب جاتے ہیں جس سے بڑے حادثے ہوتے ہیں اور لوگ زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہی پولیس افسر نے کہا جو لوگ غیر قانونی طور پر کوئلہ نکالنے جاتے ہیں وہ باز آجائیں اس سے جان کو خطرہ لاحق ہوتا ہے ایک کی جان جاتی ہے پوری فیملی متاثر ہوتی ہے پولیس افسر نے کہا کہ دیکھا جاتا ہے کہ پولیس اور سیکیوریٹی کی موجودگی میں چھپ چھپا کر کوئلہ برامد کی جاتی ہیاور پھر سائیکل اور موٹر سائیکل کے زریعے غیر قانونی کوئلے سپلائی کی جاتی ہے پولیس افسر نے کہا کسی بھی فرد کو کوئلہ لیجاتے ہوئے یا کولیری کی طرف موجود پائے جانے پر گرفتار کر لیا جائے گا اور سخت کاروائی بھی ہوگی کہا گیا کہ کئی بار لوگوں کو مائیک کے زریعے انتباہ کیا گیا ہے کہ کوئلہ چوری سے باز اجائیں اسکے باجود جان جوکھم میں ڈال کر یہ کام کرتے ہیں پولیس افسر نے کہا کہ دوسرا کام کریں دیگر روزگار کریں جہاں عزت بھی ہوگی اور زندگی بھی محفوظ ہوگی کسی طرح کا خطرہ بھی نہیں ہوگا۔

ریت مافیا نے دامودر ندی کے بھاؤ میں رکاوٹیں کھڑی کر رکھی ھیں

آسنسول: 14/ جنوری، (عوامی نیوز سروس): رانی گنج شہر دامودر ندی کے کنارے واقع ہے مرکزی گھاٹ بالمیکی گھاٹ ہیرانی گنج اور آس پاس کے علاقوں کے لوگ مختلف تہواروں کے دوران ندی میں نہاتے ہیں اس کے لیے انہیں رانی گنج کے بلھ پور گھاٹ جانا پڑتا ہے کیونکہ یہ علاقے کا سب سے بڑا ندی گھاٹ ہے اسے مچھیا گھاٹ کے نام سے جانا جاتا ہے یہاں ندی جنوری تک بلا روک ٹوک بہتا تھا تاہم اس ندی کا بہاؤ اب تالاب جیسی شکل میں تبدیل ہو چکا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ریت کی کان کنی کرنے والی کمپنی نے ندی پر ایک ڈیم بنایا ہے تاکہ وہ ٹرک دریا سے ریت کو لوڈ اور اٹھا سکیں نتیجے کے طور پر ندی کا بہاؤ اب مکمل طور پر دوسری طرف منتقل ہو گیا ہے۔ مچھیا رانی گنج میں بلھ پور کے دامودر ندی کے گھاٹ اس علاقے کا سب سے بڑا شمشان گھاٹ ہیں جس میں دور دور سے لوگ آتے ہیں لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہیاس کے علاوہ، ہندو مختلف تہواروں بشمول مکر سنکرانتی کے دوران نہانے کے لیے بڑی تعداد میں جمع ہوتے ہیں اس طرح ریت کی کان کنی کرنے والی کمپنی ہندو مذہب کے خلاف ورزی کر رہی ہے۔ روایتی طور پر، ہندو لاشوں کو ندی کے کنارے پر ہی شمشان میں جلاتے ہیں آخری رسومات کے بعد، راکھ کو ندی میں ڈبو دیا جاتا ہے، پھر میت کے تمام کپڑے اب اگر زیادہ تر ٹرک ریت سے بھرے ہوتے ہیں اور انتظامیہ کے نوٹس میں آنے کے بعد بھی انتظامات نہیں کیے جاتے ہیں رانی گنج علاقہ کے باشندے دامودر ندی میں نہانا چاہتے ہیں یا بلھ پور شمشان میں آخری رسومات ادا کرنا چاہتے ہیں تو انہیں کافی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے رانی گنج کے بلھ پور شمشان گھاٹ میں اب ندی کا بہاؤ نہیں ہے کیونکہ ریت کے زیادہ جذب ہونے کی وجہ سے ندی جمود کی حالت میں ہے ندی تالاب میں تبدیل ہو چکا ہے رانی گنج علاقے کی دامودر ندی مکمل طور پر تباہ ہے تاہم، رانی گنج کے بلھ پور شمشان گھاٹ میں ندی کا بہاؤ نہیں ہے بلھ پور گھاٹ پر ایک کالی مندر ہے اور قریب ہی تھر اچنڈی مندر ہے جہاں علاقے کے لوگ اکثر پوجا کے لیے آتے ہیں اس میں نیشنل ہائی وے 60 کے ذریعے اس مندر تک جانے والے عقیدت مندوں کو کافی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے کیونکہ سڑک جل چکی تھی اور ڈرائیونگ نامناسب ہے روزانہ سینکڑوں ٹرک ریت سے بھرے ہوتے ہیں۔ شمشان گھاٹ میں گڑھے میں آخری رسومات دی جا رہی ہیں یہ انتہائی تشویشناک بات ہے انتظامیہ اس معاملے پر غور کرے اور سخت کارروائی کرے۔

اچ ایل جی موڑ کے پاس بائیک میں بھیانک آتشزدگی

آسنسول:14/جنوری، (عوامی نیوز سروس): آسنسول شمال اچ ایل جی موڑ کے پاس کھڑی ایک بائیک میں اچانک بھیانک آگ لگ گئی دیکھتے دیکھتے پوری بائیک آگ کی لپیٹ میں آگئی مقامی لوگوں نے اپنے طور پر آگ بجھانے کی پوری کوشش کی جبکہ بائیک آگ کے شعلے کی زد میں آگئی اطلاع پا کر فائر بریگیڈ ٹیم پہنچی جب تک موٹر سائیکل جل چکی تھی اور دھواں اٹھ رہا تھا لوگوں کا کہنا ہے کہ آگ کیسے لگی کسی کو معلوم نہیں ہے اس جگہ پر آگ کیسے آئی سب لوگ حیران ہیں اس موقع سے سڑک پر افراتفری مچ گئی لوگوں کی بھیڑ جمع ہو گئی۔

نوکری سے برخاستگی کے خلاف احتجاج

آسنسول:14/جنوری، (عوامی نیوز سروس): نوکری سے برخاست کیے جانے کے الزام میں درگاپور کے بامونڈا انڈسٹریل ایریا میں واقع ایک پرائیویٹ فیکٹری کا گیٹ بند کر کے احتجاج کیا گیا بی جے پی کارکنوں اور حامیوں نے بدھ کی صبح فیکٹری کے سامنے دھرنا شروع کر دیا احتجاج سے علاقے میں کشیدگی پھیل گئی بی جے پی نے الزام لگایا کہ فیکٹری کے ملازم رابندر ناتھ گھوش کو سیاسی وابستگیوں کی وجہ سے نوکری سے نکال دیا گیا تھا۔ بی جے پی کے دعوے کے مطابق رابندر ناتھ گھوش کو برطرف کیا گیا کیونکہ وہ پارٹی کے بوتھ صدر اور بی جے پی کے سرگرم کارکن ہیں بی جے پی نے کہا کہ یہ واقعہ ریاست میں اپوزیشن پارٹی کارکنوں کے خلاف جاری سیاسی انتقام کی ایک مثال ہے انہوں نے فیکٹری حکام کے خلاف نعرے لگائے اور رابندر ناتھ گھوش کی فوری بحالی کا مطالبہ کیا انہوں نے الزام لگایا کہ برطرفی ترنمول کانگریس کے دباؤ میں کی گئی ہے دوسری طرف ترنمول کانگریس نے اس الزام کو یکسر مسترد کیا ہے مقامی ترنمول کانگریس کی قیادت کا دعویٰ ہے کہ رابندر ناتھ گھوش ایک کنٹراکٹ مزدور کے طور پر کام کرتے تھے اور فیکٹری میں کام کی موجودہ کمی کی وجہ سے انہیں عارضی طور پر فارغ کر دیا گیا ہے وہ واضح طور پر دعویٰ کرتے ہیں کہ ان کا کوئی سیاسی تعلق نہیں ہے پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر صورتحال پر قابو پالیا تاہم ابھی تک کسی ناخوشگوار واقعے کی اطلاع نہیں ملی ہے۔ تاہم سیاسی دباؤ کے باعث صنعتی علاقے میں کشیدگی ایک بار پھر بڑھ گئی ہے جو کہ انتظامیہ کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔

ڈی وی سی، ایم ٹی پی ایس کے ذریعے کم عمری کی شادی روکنے کیلئے آگاہی پروگرام

آسنسول:14/جنوری، (عوامی نیوز سروس): دامودر ویلی کارپوریشن (DVC)، میجیا تھرمل پاور اسٹیشن (MTPS) نے اپنے کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (CSR) پہل کے تحت، People'sfor AssociationBhavna) BAPU Upliftment) کے تعاون سے، قریبی گاؤں کے لوگوں کے لیے بچپن کی شادی سے متعلق آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا اس پروگرام کا مقصد لڑکیوں اور کمزور طبقوں کے حقوق کے تحفظ پر خصوصی توجہ کے ساتھ، بچپن کی شادی کے نقصان دہ سماجی، صحت اور قانونی نتائج کے بارے میں کمیونٹیز کو آگاہ کرنا تھا۔ پروگرام میں ڈپٹی جنرل منیجر (CSR) اشوک کمار تیواری نے شرکت کی ET (CSR/ HR) بھارتندو کوشال، BAPU NGO کی ترجمان سونالی، اور دیگر موجود تھے۔ انٹرایکٹو سیشن، کونسلنگ، اور کمیونٹی ڈسکشنز کا انعقاد کیا گیا اس مہم کے ذریعے گاؤں والوں کو تعلیم کی اہمیت، شادی کی قانونی عمر اور لڑکیوں کے لیے مساوی مواقع سے آگاہ کیا گیا اس اقدام نے والدین اور کمیونٹی کی طرف سے بے پناہ حمایت حاصل کی ہے۔ کم عمری کی شادی کو روکنے اور لڑکیوں کی تعلیم کی حمایت میں فعال شراکت دار بننے کے لیے قیادت کی حوصلہ افزائی کی۔ منتظمین نے وضاحت کی کہ یہ آگاہی مہم مقامی دیہات کی لڑکیوں کو خود اعتمادی پیدا کرنے، تعلیم تک ان کی رسائی کو بہتر بنانے اور ان کی صحت اور مستقبل کی امنگوں کے تحفظ کے ذریعے بااختیار بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ سماجی بدنامی اور غلط معلومات کو دور کر کے، یہ پروگرام کمزور بچوں کی حفاظت اور ایک زیادہ منصفانہ اور ترقی پسند معاشرے کو فروغ دینے کے لیے کمیونٹی کے عزم کو مضبوط کرتا ہے۔

میٹرو ٹکٹ کتاب میلے کے احاطے سے دستیاب

کولکاتا ،14 رجنوری: (عوامی نیوز سروس) میٹرو ٹکٹ کتاب میلے کے احاطے سے دستیاب ہوں گے۔ واضح ہو کہ 49 واں بین الاقوامی کولکاتا کتاب میلہ 22 جنوری سے سالٹ لیک سنٹرل پارک کے بک فیئر پریسنٹ میں شروع ہو رہا ہے۔ پبلشرز اینڈ بک سیلرز گلڈ کے زیر اہتمام ایک پریس کانفرنس میں نئی خدمات کے ایک گروپ کا اعلان کیا گیا، جن میں سب سے دلچسپ میلے کے احاطے میں میٹرو کا خصوصی ٹکٹ بوتھ ہے۔ گلڈ کے صدر سدھانشو شیکھر ڈے نے کہا کہ سینٹرل پارک میں کتاب میلے کے گیٹ 1 اور 2 کے درمیان دو خصوصی میٹرو بوتھ ہوں گے۔ اسٹیشن پر لمبی قطاروں سے بچنے کے لیے زائرین میلے سے براہ راست میٹرو ٹکٹ حاصل کر سکیں گے۔ جدید ٹیکنالوجی کے مطابق یہاں UPI کے ذریعے ٹکٹ کی ادائیگی کی سہولت بھی فراہم کی جا رہی ہے۔ اس سال کے کتاب میلے کی ایک خاصیت گرین لائن کا مکمل رابطہ ہے۔ ہوڑہ اور سیالدہ سے میٹرو خدمات شروع ہونے سے مضافاتی علاقوں کے قارئین کے لیے میلے تک پہنچنا بہت آسان ہو جائے گا۔

آسنسول وارڈ 44 میں 200 ضرورتمندوں کے درمیان کمبل تقسیم

آسنسول:14/ جنوری، (عوامی نیوز سروس): آسنسول میونسپل کارپوریشن کے چیئرمین امرناتھ چٹرجی کی قیادت میں آسنسول وارڈ 44 بازار علاقے میں سرکاری کنویں کے قریب کمبل تقسیم کرنے کا پروگرام منعقد کیا گیا جہاں تقریباً 200 ضرورت مندوں میں کمبل تقسیم کیے گئے وارڈ نمبر 44 ٹی ایم سی صدر مکیش شرما، ولی جالان، امتیاز خان، اور بڑی تعداد میں ٹی ایم سی کارکنان موجود تھے آج کے کمبل تقسیم پروگرام کے دوران 200 ضرورت مندوں کو کمبل فراہم کیے گئے اس موقع پر بات کرتے ہوئے امرناتھ چٹرجی نے کہا کہ ٹی ایم سی ممتا بنرجی اور ابھیشیک بنرجی کی ہدایت کے مطابق عوام کے ساتھ کھڑی ہیاسی بات کو مدنظر رکھتے ہوئے آج شدید سردی کے پیش نظر کمبل تقسیم کرنے کا پروگرام منعقد کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ یہ صرف کمبل کی تقسیم کے بارے میں نہیں ہے بلکہ ابھیشیک بنرجی کی طرف سے مغربی بنگال کے لوگوں کو پریشان کرنے کے لیے مرکزی حکومت اور الیکشن کمیشن کے ذریعہ SIR کے نفاذ کی مخالفت کے بارے میں بھی ہے اس بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے یہ پروگرام منعقد کیا گیا ہے۔

شہر واطراف کے BLO ذہنی اذیتوں سے دوچار: تسلیم سبحانی

آسنسول: 14/ جنوری، (عوامی نیوز سروس): کالے ہیرے کا شہر شمار ہونے والا رانی گنج پارٹ 107 کے BLO محمد تسلیم سبحانی جو SIR کے کام کاج کو دن رات انتھک محنت کرتے ہوئے بخوبی انجام دیے فارم کو جمع کرایا لیکن فارم جمع کرانے کے بعد یک بعد دیگر SIR فارم کے تعلق سے کام بڑھ رہے ہیں جسمیں سب سے مشکل سماعت (Hearing) کا مسئلہ درپیش ہے مذکورہ تناظر میں رانی گنج کے فعال شخصیت قوم وملت کے درد رکھنے والے بی ایل او پارٹ 107 محمد تسلیم سبحانی نے ایک آپ بیتی اور درد بھرا بیان شہر واطراف کے ووٹرس ذمہ داران، سماجی سیاسی ملی رہنماؤں کی خدمت میں پیش کیا ہے محمد تسلیم سبحانی نے درد بھری باتیں قوم وملت کی فکر میں پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ "میرے تمام معزز عوام اور ووٹر بھائیوں کو آداب۔ میں محمد تسلیم سبحانی BLO پارٹ 107 رانی گنج آپ کے سامنے اپنا درد اور اپنی 'آپ بیتی' رکھنا چاہتا ہوں ہم تمام بی ایل اوز نے دن رات ایک کر کے، گھر گھر جا جا کر آپ کے ووٹر کارڈ کی تصدیق (Verification) کی، تاکہ لسٹ پاک اور شفاف رہے۔ ہم نے پوری ذمہ داری کے ساتھ 'انڈر ٹیکنگ سرٹیفکیٹ' بھی جمع کیا کہ ہمارا کام مکمل ہو۔ لیکن آج صورتحال یہ ہے کہ ہم پر کام کا ایسا بوجھ لاد دیا گیا ہے جس کی کوئی حد نہیں میرے اکیلے کے پارٹ میں 323 سماعت (ہیرنگز) آ گئی ہیں ایک ایک ووٹر کو دوبارہ بلانا، ان کی فائلیں تیار کرنا اور اس شدید دباؤ میں کام کرنا اب ہم بی ایل اوز کے لیے ذہنی اذیت بنتا جا رہا ہے۔؟ عوام کو یہ جاننا ضروری ہے کہ جب ہم اپنی ڈیوٹی پوری کرلیتے ہیں تو سسٹم کی تکنیکی خامیوں کی وجہ سے ہمیں بار بار وہی کام کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے اس سے نہ صرف ہمیں پریشانی ہو رہی ہے بلکہ آپ (عوام) کو بھی بار بار پریشان ہونا پڑتا ہے۔؟ ہم الیکشن کمیشن سے صرف یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ کیا ایک بی ایل او کی محنت کی کوئی قیمت نہیں؟ اگر ہم نے ایک بار زمین پر جا کر تصدیق کر دی ہے تو پھر کمپیوٹر کی لسٹوں کے نام پر ہمیں اور عوام کو کیوں ہراساں کیا جا رہا ہے؟۔ ہم چاہتے ہیں کہ ووٹر لسٹ درست ہو لیکن اس کا طریقہ کار انسانی ہونا چاہیے مشین کی طرح نہیں۔ فقط، ایک پریشان حال بی ایل او امحمد تسلیم سبحانی رانی گنج۔

یاد رہے کہ آسنسول نارتھ علاقوں کے بیشتر بی ایل اوز نے یہی ملتی جلتی اپنی دکھ بھری داستاں سناء ہیں خبر ہے کہ AI کے ذریعہ الیکشن کمیشن پر شدہ فارم کی جانچ کرا رہا ہے جس کے سبب جہاں بی ایل او پریشان ہیں وہیں ووٹرس بھی پریشان ہیں اور انہیں ہیرنگ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہیالیکشن کمیشن کے طریقہ کار کے پیش نظر یہ کہا جا رہا ہے کہ ووٹر لسٹ کیفائنل ڈرافٹ کے منظر عام پر آنے کے بعد ہی پتہ چل سکے گا کون خوش نصیب اور کون بدنصیب ووٹر بن پائے گا بی ایل او جیسے بتا رہے ہیں ان کی باتوں سے اندازہ یہی ہو رہا ہے کہ بڑا ہی سخت دن سامنے آ رہے ہیں۔ لہذا اب ذمہ داری ان رہنماؤں کی ہے جو مسلم حلقے سے اپنے رہنماؤں کو جیت دلانے میں پریشان نظر آتے رہتے ہیں ابھی سے وہ چاق و چوبند ہو جائیں تاکہ ووٹر لسٹ میں سبھی ووٹروں کا نام آ سکے بی ایل او سے ملنے کی ضرورت ہے انہیں کہاں پریشانیاں درپیش ہیں اس کی معلومات لے کر اپنےسینیئر رہنماؤں کو ان مسئلوں سیواقف کرائیں تاکہ مسئلے کا کوئی حل نکل سکے اور شہریوں کو راحت اور اطمینان مل سکے۔

خصوصی طور پر اقلیت کے وہ رہنما جو اپنے سینیئر رہنماؤں تک رسائی رکھتے ہیں وہ انکو جا کر بتائیں کہ جو صورتحال اور جو منطقی رویہ الیکشن کمیشن نے اختیار کیا ہے اس سے شہری بیحد پریشان ہیں تاکہ شہریوں کو راحت مل سکے اور انکے نام ووٹر لسٹ میں شامل ہو سکے ورنہ بہت سارے اقلیتی شہریوں کے نام کے خارج ہونے کا خطرہ لاحق ہے اقلیتی ووٹرس کے نام اگر ووٹر لسٹ سے خارج ہونگے تو سیکولر پارٹی کے رہنماؤں کو نقصان ہوگا یہ لمحہ فکریہ ہے اس جانب توجہ مبذول کرنے کی اشد ضرورت ہے۔

آسنسول نارتھ ٹریفک گارڈ کی بیداری مہم

آسنسول:14/ جنوری، (عوامی نیوز سروس): حال ہی میں علی راجہ نے آسنسول نارتھ ٹریفک گارڈ کے انچارج کی حیثیت سے ذمہ داری سنبھالی ہے اور یہ ذمہ داری سنبھالتے ہی انہوں نے اس علاقے میں ٹریفک کے نظام کو محفوظ اور قواعد کے مطابق بنانے کے لیے مہم شروع کی ہیآج نارتھ ٹریفک گارڈ انچارج علی راجہ کی قیادت میں آسنسول کے شیتلہ اور موجوڑی موڑ میں بیداری مہم چلائی گئی۔ اس موقع پر این ایس او ایل نارتھ ٹریفک گوان اوایل درگاپور پولیس کیمشنران کے ساتھ آسنسول نارتھ ٹریفک گارڈ کے متعدد افسران اور شہری رضا کار بھی تھے علی راجہ نے عوام سے ٹریفک قوانین کے بارے میں بات کی انہوں نے انہیں آگاہ کیا اور ان پر زور دیا کہ وہ گاڑی چلاتے ہوئے یا سڑک پر چلتے وقت ٹریفک کے تمام قوانین پر عمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہر انسان کی جان قیمتی ہے زندگی قیمتی ہے، اور اگر کوئی حادثے میں مرجاتا ہے یا مستقل طور پر زخمی ہو جاتا ہے، تو اس کا براہ راست اثر ان کے پورے خاندان پر پڑتا ہے لہذا، یہ بہت ضروری ہے کہ ہر شخص ٹریفک قوانین کی پیروی کرے، محفوظ رہے، دوسروں کو محفوظ رکھے، اور اپنے خاندان کو خوش رکھےلوگوں نے علی راجہ کی قیادت میں نارتھ ٹریفک گارڈ کے اس اقدام کو سراہا ہے۔

طلبہ کی سینٹ اپ ٹیسٹ فیس کے خلاف سڑک بلاک

آسنسول:14/جنوری، (عوامی نیوز سروس): آسنسول میں شتابدی پارک کے بالمقابل ایک پرائیویٹ اسکول کے طلباء نے سڑک کو بلاک کر دیا اور اسکول انتظامیہ پر امتحان کے نام پر ہر طالب علم سے 5000 روپئے کا زبردستی مطالبہ کرنے کا الزام لگایا۔ طلباء کا کہنا ہے کہ وہ سب اس سال 12 ویں جماعت کے امتحانات دیں گے تاہم، اسکول انتظامیہ اس بات پر اصرار کر رہی ہے کہ انہیں پہلے ٹیسٹ امتحان دینا ہوگا، جس کے لیے انہیں 5,000 ادا کرنے ہوں گے۔ طلباء کا کہنا ہے کہ وہ اتنی رقم ادا کرنے کے متحمل نہیں ہیں، اور ریاستی حکومت نے ایک اصول بنایا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ یہ امتحان دینا لازمی نہیں ہے۔ طلباء کا الزام ہے کہ اسکول انتظامیہ انہیں کہہ رہی ہے کہ اگر وہ یہ امتحان نہیں دیتے ہیں تو انہیں 12 ویں جماعت کے امتحان کے لیے ایڈمٹ کارڈ جاری نہیں کیا جائے گا۔ تاہم، اسکول میں ایک کامرس ٹیچر سے بات کرتے ہوئےجب ان سے پوچھا گیا تو انہوں نے ایسے کسی دباؤ سے انکار کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ سب طلباء کے فائدے کے لیے کیا جا رہا ہے۔

ڈی-بی-دیودھر: دی گرینڈ اولڈ مین آف انڈین کرکٹ

یوم پیدائش 14 جنوری پر خاص

نئی دہلی، 14 جنوری (یو این آئی) پروفیسر دنکر بلونت دیودھر جنہیں 'دی گرینڈ اولڈ مین آف انڈین کرکٹ' کے نام سے جانا جاتا ہے، ان بہترین کرکٹرز میں سے ایک تھے جنہوں نے کبھی ہندوستانی ٹیم کے لیے کرکٹ نہیں کھیلا۔ انہوں نے 37 برس تک ڈومیسٹک کرکٹ کھیلی لیکن ہندوستان کے لیے کھیلنے کی جب ان کی باری آئی تو انہیں بوڑھا قرار دے دیا گیا۔ دیودھر 100 سال تک زندہ رہنے والے ہندوستان کے پہلے فرسٹ کلاس کرکٹر کے طور پر بھی جانے جاتے ہیں۔ آج انہیں کے نام پر ہندوستان کا انتہائی باوقار ٹورنامنٹ دیودھر ٹرافی کھیلا جاتا ہے۔ دیودھر 14 جنوری 1892 کو پونے میں پیدا ہوئے تھے اور ان کی موت پونے میں ہی ہوئی۔ ڈی بی دیودھر کا پورا نام دنکر بلونت دیودھر ہے۔

ڈی بی دیودھر کو ہندوستانی کرکٹ کی بنیاد مضبوط کرنے والی شخصیات میں شمار کیا جاتا ہے۔ ڈی بی دیودھر ایک معروف ہندوستانی کرکٹ کھلاڑی اور منتظم تھے۔ ڈی بی دیودھر نے ہندوستان میں فرسٹ کلاس کرکٹ کے ابتدائی دور میں نمایاں کارکردگی دکھائی۔ وہ اپنی شاندار بلے بازی تکنیک اور مستقل مزاجی کے لیے جانے جاتے تھے۔ انہوں نے مختلف علاقائی ٹیموں کی نمائندگی کی اور کئی یادگار اننگز کھیلیں۔ ڈی بی دیودھر ہندوستانی کرکٹ کی تاریخ کی ایک نہایت اہم اور باوقار شخصیت تھے۔ وہ نہ صرف ایک عظیم بلے باز بلکہ ایک کامیاب کرکٹ منتظم اور سلیکٹر بھی رہے۔ انہوں نے رنجی ٹرافی کے ابتدائی سیزنز میں اپنی مہارت کا لوہا منوایا۔ اپنی مستقل مزاج بیٹنگ اور مضبوط دفاع کے باعث انہیں اپنے دور کے بہترین بلے بازوں میں شمار کیا جاتا تھا۔

سال 38-1937 رانجی ٹرافی فائنل میں انہوں نے رنز کے لحاظ سے دو شاندار سنچریاں اسکور کیں جو ایک تاریخی کارنامہ سمجھا جاتا ہے۔ وہ رنجی فائنل میں دو سنچریاں بنانے والے پہلے کھلاڑی تھے۔ اس کارکردگی نے انہیں ہمیشہ کے لیے ہندوستانی کرکٹ تاریخ میں امر کر دیا۔ انہوں نے ہندوستانی کرکٹ میں نظم و ضبط، میرٹ اور نوجوان ٹیلنٹ کے فروغ پر زور دیا۔ کئی نوجوان کھلاڑیوں کی رہنمائی کی، جن میں بعد کے عظیم کھلاڑی بھی شامل ہیں۔ ان کا شمار ان افراد میں ہوتا ہے جنہوں نے ہندوستانی کرکٹ کی مضبوط بنیاد رکھی۔ شاندار تکنیک، بھرپور تحمل سے بیٹنگ کرنے کے غیر معمولی فن نے کھلاڑیوں اور منتظم دونوں حیثیتوں میں مثالی کردار ادا کرنے والے ڈی بی دیودھر کو ہندوستانی کرکٹ کا معمار بھی کہا جاتا ہے۔ انہوں نے ایسے وقت میں کرکٹ کی خدمت کی جب ہندوستان میں یہ کھیل ابتدائی مراحل میں تھا۔ ان کی خدمات آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ بنیں۔

دیودھر نے فرگوسن کالج، پنے سے سنسکرت میں گریجویشن کیا۔ جسے بال گنگادھر تلک نے قائم کیا تھا۔ اس کے بعد وہ ایس پی کالج میں سنسکرت ڈپارٹمنٹ میں اسسٹنٹ پروفیسر کے عہدے پر فائز ہوئے۔ ان کے بارے میں ایک بات یہ بھی مشہور ہوئی کہ جب وہ کرکٹ نہیں کھیل رہے ہوتے تھے، تو اپنا وقت مطالعہ میں گذارتے تھے۔

انہیں ہندوستان میں ٹیسٹ کرکٹرز کی پہلی نسل نے باپ کی حیثیت سے بھی دیکھا جاتا ہے۔ دیودھر نے سال 1911 میں بمبئی ٹرائنگولر سیریز کے ساتھ اپنا فرسٹ کلاس ڈیبیو کیا۔ فرسٹ کلاس کرکٹر کے طور پر دیودھر کا کیریئر 35 سال سے زیادہ چلا۔ جب ہندوستان نے 1932 میں اپنا پہلا ٹیسٹ کھیلا تو وہ ملک کے بہترین بلے بازوں میں سے ایک تھے لیکن انہیں اس لیے ٹیم میں منتخب نہیں کیا گیا کیونکہ انہیں وقت کے لحاظ اور دیگر ٹیم ممبران کے سامنے 40 برس کا بوڑھا سمجھا جانے لگا۔ سال 1910 سے وہ کرکٹ سے وابستہ تھے اور ان چند کھلاڑیوں میں سے ایک تھے جو ہندوستانی کرکٹ کی پہچان تھے۔ ان

فرسٹ کلاس کرکٹ میں مہاراشٹر کی ٹیم قائم کی۔ ان کے زمانے تک ایک روزہ میچ شروع نہیں ہوئے تھے۔ اس لیے حقیقت میں ان کا ون ڈے کرکٹ سے کوئی تعلق نہیں رہا۔ ان کا نام ہندوستان کے ٹیسٹ کرکٹرز کی فہرست میں بھی نہیں ہے۔ اس کے باوجود بورڈ نے نہ صرف قومی چیمپئن شپ بلکہ ایک روزہ کرکٹ کی ٹرافی ان کے نام سے منسوب کی۔

دیودھر، جسے ہندوستانی کرکٹ کے عظیم اولڈ مین کے طور پر جانا جاتا ہے، ایک جارحانہ دائیں ہاتھ کے بلے باز اور لیگ بریک گیند باز تھے۔ انہوں نے 1939 سے 1941 تک رنجی ٹرافی میچوں میں مہاراشٹر کی کپتانی کی۔ بل ایش ڈاون کی طرح، دیودھر بھی ان چند لوگوں میں سے ایک ہیں جنہوں نے پہلی جنگ عظیم سے پہلے اور دوسری جنگ عظیم کے بعد فرسٹ کلاس کرکٹ کھیلی ہے، 1911 میں بمبئی ٹرائنگولر اور 1946 میں رنجی ٹرافی کھیلی تھی۔ 1944 کے رنجی ٹرافی کے ایک کھیل میں نوانگر کے خلاف، انہوں نے دونوں اننگز میں سنچریاں اسکور کیں اور اپنی ٹیم کو فتح سے ہمکنار کیا۔ قابل ذکر ہے کہ اس وقت ان کی عمر 53 سال تھی۔

دیودھر بے شک اپنی عمر کے لحاظ سے اس وقت دوسرے کرکٹرز سے زیادہ تھے لیکن ان کی وجہ سے ہی مہاراشٹر کی ٹیم 1930 کی دہائی میں اپنے عروج پر آئی اور 40-1939 اور 41-1940 میں رنجی ٹرافی جیتی۔

دیودھر نے 1911 سے 1948 تک فرسٹ کلاس کرکٹ کھیلی۔ وہ ایک جارحانہ دائیں ہاتھ کے بلے باز کے طور پر پہچانے جاتے تھے جو لیگ اسپن بھی کرتے تھے۔ 37 سالہ فرسٹ کلاس کیریئر میں انہوں نے 81 میچ کھیلے جس میں انہوں نے 39.32 کی اوسط سے 4,522 رنز بنائے اور 246 رنز ان کا بہترین اسکور تھا۔ اس دوران دیودھر نے 9 سنچریاں اور 27 نصف سنچریاں بنائیں اور 11 وکٹیں بھی حاصل کیں۔ 1939 سے 1941 تک، انہوں نے رنجی ٹرافی میچوں میں مہاراشٹر کی کپتانی کی اور اس دوران انہوں نے میں بھرپور صلاحیت موجود تھی۔ دن کے اختتام پر بھی وہ صبح کی طرح تازہ دم رہتے تھے۔ دیودھر فٹنس کے معاملے میں نوجوان کھلاڑیوں کو بعض اوقات شرمندہ کر دیا کرتے تھے۔ ان کی بلے بازی قدامت پرستی نہیں تھی اور وہ آف سائیڈ پر خاصے مضبوط تھے۔ ان کی کلائیاں مضبوط تھیں، اسی وجہ سے وہ کریز پر ان کی پرفیکٹ ٹائمنگ رہا کرتی تھی۔ ان کے اسٹروک بھی جاندار ہوا کرتے تھے۔ دیودھر ایک بہترین کپتان ثابت ہوئے۔ ان میں نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو پہچاننے کی خوبی تھی۔ دیودھر نے کرکٹ کی رپورٹنگ بھی کی۔ انہیں بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا کا نائب صدر، مہاراشٹر کرکٹ ایسوسی ایشن کے صدر اور قومی ٹیم کے سلیکٹر بھی منتخب کیا گیا۔ دیودھر ٹرافی، 1973 سے ہندوستان میں کھیلا جانے والا ایک محدود اوورز کا بین علاقائی کرکٹ ٹورنامنٹ، ان کے نام پر رکھا گیا ہے۔ سال 1996 میں دیودھر کے اعزاز میں انڈین پوسٹ نے ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ بھی جاری کیا۔ پونے میں 'کرکٹر ڈی بی دیودھر مارگ' ان کے نام پر رکھا گیا ہے۔ 74-1973 میں، بورڈ نے ان کے اعزاز میں ایک

روزہ میچوں کی ٹرافی کا نام دیودھر ٹرافی رکھا۔ سال 2012 میں، پنے کے سہارا کرکٹ اسٹیڈیم میں دیودھر کے مجسمے کی نقاب کشائی کی گئی۔ انہیں 1965 میں پدم شری ایوارڈ اور 1991 میں حکومت ہند کی طرف سے پدم بھوشن سے نوازا گیا۔ ڈی بی دیودھر 24 اگست 1993 کو 101 برس کی عمر میں اس دنیا سے رخصت ہوگئے۔ وہ 100 سال کی عمر تک زندہ رہنے والے پہلے ہندوستانی فرسٹ کلاس کرکٹر تھے۔

نئی نسل بمقابلہ جوکووچ: کیا جوکووچ اپنا ریکارڈ ساز 25 واں گرینڈ سلیم جیت پائیں گے؟ پیٹ کیش کا انتباہ

ملبورن، 14 جنوری (یو این آئی) آسٹریلیا کے سابق ٹینس اسٹار اور ومبلڈن چیمپئن پیٹ کیش نے دعویٰ کیا ہے کہ سربین اسٹار نوواک جوکووچ کے لیے اپنے کیریئر کا 25 واں گرینڈ سلیم ٹائٹل جیتنا اب ایک کٹھن چیلنج بن چکا ہے۔ ان کا ماننا ہے کہ بڑھتی ہوئی عمر اور نوجوان کھلاڑیوں کی جارحانہ فارم جوکووچ کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہے۔ پیٹ کیش کے مطابق ٹینس کی دنیا اب بدل رہی ہے۔ اٹلی کے جینک سنر اور اسپین کے کارلوس الکاراز جیسے نوجوان کھلاڑیوں نے کھیل کی رفتار اور طاقت کو ایک نئے درجے پر پہنچا دیا ہے۔ نوجوان کھلاڑی پانچ سیٹس کے طویل میچ کے بعد تیزی سے اگلے مقابلے کے لیے تیار ہو جاتے ہیں، جبکہ جوکووچ کے لیے اس عمر میں لگاتار سخت مقابلے کھیلنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ پیٹ کیش کا کہنا ہے کہ اب جوکووچ کو خطاب جیتنے کے لیے صرف اپنی مہارت پر نہیں بلکہ اس بات پر بھی انحصار کرنا ہوگا کہ بڑے حریف (سنر اور الکاراز) کہیں غلطی کریں یا جلد باہر ہو جائیں۔ کیش کے خیال میں جوکووچ کے لیے 2026 میں بڑی کامیابی یہی ہوگی کہ وہ چاروں بڑے ٹورنامنٹس کے سیمی فائنل تک پہنچیں، جیسا کہ انہوں نے پچھلے سال کیا۔ "مجھے نہیں لگتا کہ وہ الکاراز اور سنر جیسے کھلاڑیوں کو لگاتار پانچ سیٹ کے میچوں میں شکست دینے کی ہمت رکھتے ہیں۔ اگرچہ پیٹ کیش نے خدشات کا اظہار کیا ہے، لیکن نوواک جوکووچ کا آسٹریلین اوپن میں ریکارڈ کسی معجزے سے کم نہیں۔ وہ یہاں ریکارڈ 10 مرتبہ چیمپئن رہ چکے ہیں۔ عالمی درجہ بندی میں چوتھے نمبر پر ہونے کے باوجود وہ اب بھی خطاب کے مضبوط ترین دعویدار ہیں۔ گزشتہ دو برسوں (2024 اور 2025) میں بھی وہ سیمی فائنل تک رسائی حاصل کرنے میں کامیاب رہے تھے۔ ٹینس شائقین کی نظریں اب 15 جنوری پر جمی ہیں، جب آسٹریلین اوپن کے آفیشل ڈراز کا اعلان ہوگا۔ اس ڈرا سے واضح ہوگا کہ جوکووچ کا ابتدائی راؤنڈز میں کس سے سامنا ہوگا اور فائنل تک پہنچنے کے لیے انہیں کن پہاڑوں کو سر کرنا پڑے گا۔

ڈبلیو پی ایل میں ہرمن پریت کور کے ایک ہزار رنز مکمل

نوی ممبئی، 14 جنوری (یو این آئی) ممبئی انڈینز ویمن ٹیم کی کپتان ہرمن پریت کور نے ویمنز پریمیئر لیگ (ڈبلیو پی ایل) میں ایک ہزار رنز مکمل کر کے ایک اہم سنگِ میل عبور کر لیا ہے۔ ہرمن پریت کور نے منگل کو گجرات جائنٹس کے خلاف ڈبلیو پی ایل میچ میں ناقابلِ شکست 71 رنز کی شاندار اننگز کھیل کر یہ کارنامہ انجام دیا۔ پلیئر آف دی میچ قرار پانے والی ہرمن نے 43 گیندوں پر مشتمل اپنی اننگز میں سات چوکے اور دو چھکے لگائے۔ وہ ڈبلیو پی ایل کی تاریخ میں ایک ہزار رنز مکمل کرنے والی دوسری بلے باز بن گئی ہیں۔ اس سے قبل ان کی ٹیم ساتھی نیٹ سیور برنٹ یہ اعزاز حاصل کر چکی ہیں۔ برنٹ نے 31 میچوں میں 1101 رنز اسکور کیے ہیں، جبکہ ہرمن پریت کور نے 30 میچوں میں 1016 رنز بنائے ہیں۔ یہ ہرمن پریت کور کی ڈبلیو پی ایل میں دسویں نصف سنچری تھی، جس کے ساتھ ہی وہ لیگ میں سب سے زیادہ نصف سنچریاں بنانے والی بلے باز بن گئی ہیں۔ نیٹ سیور برنٹ اور میگ لیننگ نو، نو نصف سنچریوں کے ساتھ مشترکہ طور پر دوسرے نمبر پر ہیں۔

آخری گیند پر چھکا: پارل رائلز کی ڈرامائی فتح، پوائنٹس ٹیبل پر دوسری پوزیشن حاصل کر لی

پارل، 14 جنوری (یو این آئی) روبن ہرمن اور ڈین لارنس کی شاندار نصف سنچریوں کی بدولت پارل رائلز نے ڈربن سپر جائنٹس کو آخری گیند پر چھ وکٹوں سے شکست دے کر پوائنٹس ٹیبل میں دوسرا مقام حاصل کر لیا۔ 187 رنز کے ہدف کے تعاقب میں ہرمن اور لارنس نے تیسری وکٹ کے لیے 61 گیندوں پر 106 رنز کی اہم شراکت قائم کی۔ ہرمن نے ناقابلِ شکست 65 اور لارنس نے 63 رنز اسکور کیے۔ اس سے قبل کپتان ایڈن مارکرم کی 66 رنز کی اننگز اور آخری اوورز میں ہینرک کلاسن اور لیام لیونگسٹون کی تیز بیٹنگ کی بدولت ڈربن سپر جائنٹس نے 5 وکٹوں پر 186 رنز بنائے۔ جواب میں پارل رائلز نے ابتدائی وکٹیں جلد گنوائیں، جب آخری اوور میں 6 رنز درکار تھے، تو زمبابوین اسٹار سکندر رضا نے آخری گیند پر چھکا لگا کر میچ کا ڈرامائی اختتام کیا۔ انہوں نے 13 گیندوں پر ناقابلِ شکست 27 رنز بنائے۔ مجیب الرحمان پارل رائلز کی جانب سے سب سے کامیاب بالر رہے جنہوں نے 22 رنز دے کر 2 وکٹیں حاصل کیں۔

آسٹریلیا کا دورہ پاکستان: ٹی ٹوئنٹی سیریز کا شیڈول جاری، تمام میچز لاہور میں ہوں گے

لاہور، 14 جنوری (یو این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے رواں ماہ کے آخر میں آسٹریلیائی کرکٹ ٹیم کے دورہ پاکستان کی باضابطہ تصدیق کر دی ہے۔ دونوں ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹوئنٹی میچز پر مشتمل سیریز کا میلہ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں سجے گا۔ آسٹریلوی ٹیم بدھ 28 جنوری کو لاہور پہنچے گی، جس کے فوراً بعد ایکشن سے بھرپور مقابلوں کا آغاز ہوگا۔ پہلا ٹی ٹوئنٹی 29 جنوری قذافی اسٹیڈیم، لاہور میں، دوسرا ٹی ٹوئنٹی 31 جنوری قذافی اسٹیڈیم، لاہور میں تیسرا ٹی ٹوئنٹی یکم فروری قذافی اسٹیڈیم، لاہور شام 6:00 بجے سے پاکستانی وقت کے مطابق کھیلیں جائیں گے۔ یہ سیریز آئندہ ماہ شروع ہونے والے آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 کی تیاریوں کے لیے دونوں ٹیموں کے پاس آخری اور سنہری موقع ہے۔ پاکستان عالمی کپ کے گروپ اے میں شامل ہے۔ آسٹریلیا عالمی کپ کے گروپ بی کا حصہ ہے۔ مارچ 2022 کے بعد یہ آسٹریلیا کا پاکستان کا تیسرا دورہ ہے۔ اس سے قبل کینگروز نے 2022 میں پاکستان آ کر ٹیسٹ، ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی سیریز کھیلی تھی، جس نے دونوں ممالک کے درمیان کرکٹ کے تعلقات کو مزید استحکام بخشا تھا۔ یو این آئی۔ م ا ع

کیز ایڈیلیڈ کوارٹر فائنل میں، مبوکو سے مقابلہ

ایڈیلیڈ، 14 جنوری (یو این آئی) امریکی ٹینس اسٹار میڈیسن کیز نے دوسرے راؤنڈ میں تیریزا ویلنتووا کو 4-6، 1-6 سے شکست دے کر مسلسل دوسرے سال ایڈیلیڈ ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں جگہ بنا لی۔ اگرچہ دفاعی چیمپئن کیز ابتدا میں اپنی بہترین فارم میں نظر نہیں آئیں اور سات ڈبل فالٹس کر بیٹھیں، تاہم انہوں نے اہم بریک پوائنٹس بچاتے ہوئے مقابلہ اپنے نام کیا۔ دوسرے سیٹ میں انہوں نے ویلنتووا کی کمزور دوسری سروس کا بھرپور فائدہ اٹھایا۔ اس کامیابی کے ساتھ کیز آخری آٹھ کھلاڑیوں میں پہنچ گئی ہیں، جہاں ان کا مقابلہ اب نوجوان ابھرتی ہوئی اسٹار وکٹوریہ مبوکو سے ہوگا۔ یہ ڈبلیو ٹی اے ٹور پر دونوں کے درمیان پہلا مقابلہ ہوگا۔ دوسری جانب رومانیہ کی جیکولین کرسچین نے داریا کساٹکینا کو 4-6، 0-6 سے شکست دے کر پہلی بار ان پر فتح حاصل کی۔ کرسچین نے ایک سخت پہلے سیٹ کے بعد دوسرے سیٹ میں مکمل غلبہ دکھایا اور میچ 1 گھنٹہ 31 منٹ میں ختم کیا۔

خطرناک فضائی آلودگی: دنیا کے نمبر 3 بیڈمنٹن کھلاڑی اینڈرز اینٹونسن نے انڈیا اوپن سے نام واپس لیا

نئی دہلی، 14 جنوری (یو این آئی) ڈنمارک سے تعلق رکھنے والے دنیا کے تیسرے نمبر کے بہترین بیڈمنٹن کھلاڑی اینڈرز اینٹونسن (Anders Antonsen) نے نئی دہلی میں "خطرناک فضائی آلودگی" کو جواز بنا کر مسلسل تیسرے سال انڈیا اوپن سے نام واپس لے لیا ہے۔ اینٹونسن نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری کے ذریعے مداحوں کو اس فیصلے سے آگاہ کیا۔ انہوں نے دہلی کی ہوا کے معیار (AQI) کا ایک اسکرین شاٹ بھی شیئر کیا، جس میں انڈیکس 348 دکھایا گیا تھا، جو انسانی صحت کے لیے انتہائی مضر ہے۔ اینٹونسن نے کہا "دہلی میں اس وقت آلودگی کی جو صورتحال ہے، میرے خیال میں یہ بیڈمنٹن ٹورنامنٹ منعقد کرنے کے لیے موزوں جگہ نہیں ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ گرمیوں تک حالات بہتر ہو جائیں گے تب اسی شہر میں ورلڈ چیمپئن شپ کا انعقاد ہونا ہے۔ اینٹونسن نے انکشاف کیا کہ بیڈمنٹن ورلڈ فیڈریشن (BWF) نے ایونٹ سے دستبردار ہونے پر ان پر 5,000 امریکی ڈالر کا جرمانہ عائد کیا ہے۔ اس پر اینڈرز اینٹونسن نے کہا کہ صحت سے متعلق سنگین خدشات کے باوجود مجھے جرمانے کی صورت میں سزا دی گئی ہے، جو کہ افسوسناک ہے۔ اینڈرز اینٹونسن جیسے بڑے کھلاڑی کے دستبردار ہونے سے BWF سپر 750 ٹورنامنٹ کی چمک مدھم پڑنے کا خدشہ ہے۔ دہلی میں فضائی آلودگی ایک طویل عرصے سے بین الاقوامی کھلاڑیوں کے لیے پریشانی کا باعث بنی ہوئی ہے، اور اب یہ بڑے ٹورنامنٹس کے انعقاد پر بھی سوالیہ نشان کھڑے کر رہی ہے۔

انڈر 19 ورلڈ کپ: پاکستان کی وارم اپ میچ میں فتح، امریکہ کو دبوچا

بلاوایو، 14 جنوری (یو این آئی) آئی سی سی انڈر 19 ورلڈ کپ کی تیاریوں کے سلسلے میں کھیلے گئے ایک دوستانہ میچ میں پاکستان انڈر 19 ٹیم نے امریکہ کو با آسانی 69 رنز سے شکست دے کر اپنی تیاریوں کا مثبت پیغام دے دیا ہے۔ بلاوایو اتھلیٹک کلب میں کھیلے گئے اس میچ میں پاکستان نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور مقررہ 50 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 294 رنز کا پہاڑ جیسا اسکور کھڑا کیا۔

پاکستانی اوپنر سمیر منہاس نے بہترین فارم کا مظاہرہ کرتے ہوئے 74 رنز بنائے (وہ دیگر بلے بازوں کو موقع دینے کے لیے ریٹائرڈ آؤٹ ہوئے)۔ احمد حسین نے 43 رنز کی ذمہ دارانہ اننگز کھیل کر مجموعے کو مستحکم کیا۔ امریکہ کی جانب سے کپتان انکرش سریواستو نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔ 295 رنز کے بڑے ہدف کے تعاقب میں امریکی ٹیم دباؤ کا شکار نظر آئی اور پوری ٹیم 43.5 اوورز میں 225 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئی۔ امریکی ٹیم کی جانب سے ساحل گرگ نے بھرپور مزاحمت کی اور 75 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی، تاہم وہ اپنی ٹیم کو جتانے میں ناکام رہے۔ پاکستان کی جانب سے نپی تلی بالنگ کا مظاہرہ کیا گیا۔ احمد حسین، مومن قمر اور عبدالصبحان نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کر کے حریف ٹیم کی کمر توڑ دی۔ وارم اپ میچ میں اس شاندار فتح کے بعد پاکستانی جونیئر ٹیم کے حوصلے بلند ہیں۔ پاکستان انڈر 19 ٹیم ورلڈ کپ میں اپنی مہم کا باقاعدہ آغاز 16 جنوری کو انگلینڈ کے خلاف بڑے مقابلے سے کرے گی۔

چیمپئنز لیگ فاتح پی ایس جی کو سب سے زیادہ انعامی رقم، یوئیفا کی فہرست جاری

جنیوا، 13 جنوری (یو این آئی) یوئیفا چیمپئنز لیگ کے فاتح پیرس سینٹ جرمین (پی ایس جی) کو گزشتہ سیزن میں سب سے زیادہ انعامی رقم ملی، جو 144.4 ملین یورو (تقریباً 168 ملین ڈالر) رہی۔ یہ اعداد و شمار یوئیفا کی جانب سے 25-2024 سیزن کے لیے جاری کردہ مالیاتی رپورٹ میں تصدیق کے ساتھ سامنے آئے ہیں۔

رپورٹ کے مطابق، چیمپئنز لیگ کے نئے اور توسیع شدہ فارمیٹ کے تحت یورپ کے 36 ایلیٹ کلبوں میں مجموعی طور پر 2.47 ارب یورو تقسیم کیے گئے، جو پچھلے سیزن کے مقابلے میں تقریباً 400 ملین یورو زیادہ ہیں۔ فائنل میں شکست کھانے والی انٹر میلان انعامی رقم کی فہرست میں دوسرے نمبر پر رہی، جسے 136.6 ملین یورو (159 ملین ڈالر) حاصل ہوئے۔ اس سیزن میں سات کلبوں کو کم از کم 100 ملین یورو انعامی رقم ملی، جبکہ اس سے قبل صرف پانچ کلب اس حد تک پہنچ پائے تھے۔

آسٹن ولا واحد کوارٹر فائنلسٹ تھا جسے 100 ملین یورو سے کم رقم ملی۔ اسے 83.7 ملین یورو دیے گئے، جس کی ایک وجہ 41 سال بعد یورپی مقابلے میں واپسی پر اس کی کم یوئیفا رینکنگ بتائی گئی ہے۔ ریئل میڈرڈ کو آرسنل کے ہاتھوں کوارٹر فائنل میں شکست کے باعث تقریباً 102 ملین یورو ملے، جو 2024 میں خطاب جیتنے کے مقابلے میں 37 ملین یورو کم ہیں۔ تاہم، یوئیفا سپر کپ جیتنے پر ریئل میڈرڈ کو اضافی 5 ملین یورو ملے، جبکہ اٹلانٹا کو 4 ملین یورو دیے گئے۔ انگلش کلب مانچسٹر سٹی چار انگلش ٹیموں میں سب سے کم کمانے والا رہا۔ ریئل میڈرڈ کے خلاف ناک آؤٹ پلے آف میں اخراج کے بعد سٹی کو 76 ملین یورو ملے۔ سب سے کم رقم سلووان براتسلاوا کو ملی، جسے 22 ملین یورو سے بھی کم ادا کیے گئے، کیونکہ سلوواکیہ کی چیمپئن ٹیم لیگ مرحلے کے تمام آٹھ میچ ہار گئی تھی۔ یوروپا لیگ میں چیمپئن بننے والی ٹوٹنہم کو 41 ملین یورو ملے، جبکہ رنر اپ مانچسٹر یونائیٹڈ کو 36 ملین یورو ادا کیے گئے۔ کانفرنس لیگ میں ٹائٹل جیتنے پر چیلسی کو 21.8 ملین یورو ملے، اور اب وہ دوبارہ چیمپئنز لیگ میں شامل ہو چکی ہے۔ ادھر یوئیفا کی رپورٹ کے مطابق ادارے کے صدر الیگزینڈر چیفرن نے گزشتہ سیزن میں کوئی تنخواہ اضافہ نہیں لیا۔ انہیں 32 لاکھ 50 ہزار سوئس فرانک (تقریباً 40 لاکھ ڈالر) بطور معاوضہ ادا کیا گیا۔ جبکہ جنرل سیکریٹری تھیوڈور تھیوڈوریڈس کی تنخواہ اور بونس میں اضافہ ہوا، جس کے بعد ان کی مجموعی آمدن 20 لاکھ 50 ہزار سوئس فرینک تک پہنچ گئی۔

ابہا میں الاتحاد کے پوائنٹس ضائع، الفتح کی لگاتار پانچویں فتح

ریاض، 14 جنوری (یو این آئی) سعودی پرو لیگ کے میچ ڈے 15 میں دفاعی چیمپئن الاتحاد کو ابہا میں دمک کے خلاف 1-1 کے ڈرا پر اکتفا کرنا پڑا، جس کے ساتھ عرب کپ کے بعد ان کی مسلسل فتوحات کا سلسلہ ختم ہوگیا۔ الاتحاد، جو گزشتہ سال 8 نومبر سے مسلسل فتوحات سمیٹ رہی تھی، اس بار دمک کی مضبوط دفاعی حکمتِ عملی کے سامنے بے بس نظر آئی۔ پرنس سلطان بن عبدالعزیز اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں دمک نے 37 ویں منٹ میں عبداللہ القحطانی کے گول سے برتری حاصل کی، تاہم آٹھ منٹ بعد الاتحاد نے موسیٰ دیابی اور مہند الشنقیطی کی مدد سے اسکور برابر کر دیا۔ دوسرے ہاف میں کریم بینزیما انجری کے باعث باہر ہوگئے، جبکہ اختتامی لمحات میں فابینھو کو ریڈ کارڈ دکھایا گیا۔ دوسری جانب الفتح نے الریاض کو 1-3 سے شکست دے کر مسلسل پانچویں کامیابی حاصل کی اور پوائنٹس ٹیبل پر اپنی پوزیشن مستحکم کر لی۔ نجران میں الاخدود نے الخلود کو 1-0 سے ہرایا۔ میچ ڈے 15 کا اختتام بدھ کو القادسیہ بمقابلہ الفیحا اور الاہلی بمقابلہ التعاون کے اہم مقابلوں سے ہوگا۔

آئی سی سی انڈر 19 ورلڈ کپ: گروپ میچز کے لیے میچ آفیشلز کا اعلان

لاہور، 14 جنوری (یو این آئی) آئی سی سی نے انڈر 19 مینز کرکٹ ورلڈ کپ 2026 کے گروپ مرحلے کے میچ آفیشلز کا اعلان کر دیا ہے۔ ایونٹ 15 جنوری سے زمبابوے اور نمیبیا میں شروع ہوگا، جس میں نوجوان کھلاڑی عالمی سطح پر اپنی صلاحیتیں دکھائیں گے۔ افتتاحی دن امریکہ اور ہندوستان کے درمیان میچ میں رسل وارن اور زاہد بسارتھ آن فیلڈ امپائر ہوں گے، لوبابالو گکوماٹی وی امپائر اور احمد شاہ درانی چوتھے امپائر جبکہ ڈین کاسکر میچ ریفری کے فرائض انجام دیں گے۔ افتتاحی دن مجموعی طور پر تین میچز کھیلے جائیں گے۔ زمبابوے اور اسکاٹ لینڈ کے درمیان مقابلے میں مسعود رکول اور ایڈن سیور آن فیلڈ امپائر ہوں گے، جبکہ تنزانیہ اور ویسٹ انڈیز کے تاریخی میچ میں آئنو چابی اور کوری بلیک امپائرنگ کے فرائض انجام دیں گے۔ یہ مقابلہ تنزانیہ کی کسی بھی آئی سی سی عالمی ایونٹ میں پہلی شرکت ہوگی۔ آئنو چابی، جو امارات آئی سی سی انٹرنیشنل پینل آف امپائرز میں شامل دو زمبابوین امپائرز میں سے ایک ہیں، اس ایونٹ میں نمایاں کردار ادا کریں گے۔ ان کے ساتھ فورسٹر موٹیزوا بھی شامل ہیں جو آسٹریلیا اور آئرلینڈ کے درمیان میچ میں پہلی مرتبہ آن فیلڈ امپائر ہوں گے۔ جاپان کے پہلے میچ میں، جو سری لنکا کے خلاف ہوگا، گراہم لائیڈ اپنے والد ڈیوڈ لائیڈ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے نیتن باتھی کے ساتھ آن فیلڈ امپائر ہوں گے۔ ٹورنامنٹ کے دوران مجموعی طور پر 17 امپائرز اور چار میچ ریفریز فرائض انجام دیں گے۔

دبئی انویٹیشنل: ریس ٹو دبئی کے لیڈر جیڈن شیپر مسلسل تیسری فتح کے تعاقب میں

دبئی، 14 جنوری (یو این آئی) جنوبی افریقہ کے 24 سالہ ابھرتے ہوئے گولفر جیڈن شیپر اپنی شاندار فارم کے ساتھ 15 سے 18 جنوری تک دبئی کریک ریزورٹ میں شیڈول دبئی انویٹیشنل 2026 میں شرکت کے لیے تیار ہیں۔ شیپر اس وقت 2026 کی عالمی رینکنگ میں سرفہرست ہیں اور ان کی نظریں فتوحات کی ہیٹ ٹرک پر جمی ہیں۔ شیپر کے مقابلے میں مضبوط کھلاڑی شامل ہیں جیسے ٹومی فلیٹ ووڈ، روری میکلرائے اور دیگر سابق اوپن چیمپئنز۔ جیڈن شیپر کے لیے 2025 کا اختتام اور نئے سیزن کا آغاز کسی خواب سے کم نہیں رہا۔ انہوں نے جنوبی افریقہ میں ہونے والی الفریڈ ڈن ہل چیمپئن شپ میں اپنے کیریئر کا پہلا ڈی پی ورلڈ ٹور ٹائٹل جیتا۔ اس کے محض ایک ہفتے بعد، انہوں نے ماریشس اوپن میں پلے آف کے دوران ایگل ہول کر کے مسلسل دوسرا ٹائٹل اپنے نام کیا۔ اوپننگ سوئنگ کے دوران 3 مقابلوں میں 2 فتوحات اور ایک بار دوسرے نمبر پر رہنے کی بدولت انہوں نے 1,348 پوائنٹس حاصل کیے، جس سے انہیں 2 لاکھ ڈالر کا بونس بھی ملا۔

Aawami news Kolkata
Also published from Ranchi & Patna
Thursday, 15th January, 2026

روزنامہ عوامی نیوز کولکاتا
جمعرات،۱۵/جنوری ۲۰۲۶ء

SPORTS
کھیل کی دنیا

کوہلی نے آئی سی سی ون ڈے رینکنگ میں دوبارہ پہلی پوزیشن حاصل کرلی

دبئی، 14 جنوری (یو این آئی) ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے اسٹار بلے باز ویراٹ کوہلی اپنی شاندار فارم کی بدولت آئی سی سی ون ڈے رینکنگ میں ایک بار پھر دنیا کے نمبرون بلے باز بن گئے ہیں۔ 37 سالہ کوہلی نے جولائی 2021 کے بعد پہلی بار یہ اعزاز دوبارہ اپنے نام کیا ہے۔ نیوزی لینڈ کے خلاف پہلے ون ڈے میچ میں کوہلی نے 91 گیندوں پر 93 رنز کی شاندار اننگز کھیلی، جس کی بدولت ہندوستان نے کامیابی حاصل کی۔ اس اننگز کے بعد ان کے رینکنگ پوائنٹس 785 ہو گئے ہیں۔ ویراٹ کوہلی اب تک مجموعی طور پر 825 دن رینکنگ میں ٹاپ پر رہ چکے ہیں، جو کسی بھی ہندوستانی کھلاڑی کا سب سے طویل مدت ہے۔ یہ ان کے کیریئر کا 11 واں موقع ہے جب وہ پہلی پوزیشن پر براجمان ہوئے ہیں۔ نیوزی لینڈ کے ڈیرل مچل صرف ایک پوائنٹ کے فرق سے دوسرے نمبر پر ہیں، جبکہ شریاس ایئر 10 ویں نمبر پر موجود ہیں۔) محمد سراج ون ڈے بالنگ رینکنگ میں 5 درجے ترقی کے ساتھ 15 ویں نمبر پر آ گئے ہیں۔ ایشز سیریز کے خاتمے کے بعد آسٹریلیا کے ٹریوس ہیڈ دوسرے اور اسٹیو اسمتھ تیسرے نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔ بھارتی ٹیسٹ بیٹرز: یشسوی جیسوال 8 ویں اور شبھمن گل 10 ویں نمبر پر موجود ہیں۔ تاریخی سنگِ میل اس حالیہ اننگز کے ساتھ ہی ویراٹ کوہلی بین الاقوامی کرکٹ میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑیوں کی فہرست میں سچن تندولکر کے بعد دوسرے نمبر پر آ گئے ہیں۔ ان کی گزشتہ پانچ اننگز کا تسلسل (74*, 135, 102, 65*, 93) ان کی غیر معمولی فارم کی عکاسی کرتا ہے۔ پوزیشن، کھلاڑی، ملک، رینگنگ پوائنٹس

.1 ویراٹ کوہلی، ہندوستان 785,
.2 ڈیرل مچل، نیوزی لینڈ 784, .3 روہت شرما، ہندوستان 775,

شاداب خان بگ بیش لیگ سے دستبردار، ورلڈکپ کی تیاریوں پر توجہ مرکوز

لاہور، 14 جنوری (یو این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز آل راؤنڈر شاداب خان نے آسٹریلیا کی مشہور ٹی 20 لیگ 'بگ بیش' کے جاری 15 ویں سیزن کے بقیہ میچز نہ کھیلنے کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ شاداب خان اس سیزن میں سڈنی تھنڈر کی نمائندگی کر رہے تھے۔ شاداب خان اس وقت پاکستان ٹیم کے ساتھ سری لنکا کے خلاف ٹی 20 سیریز میں مصروف ہیں۔ ذرائع کے مطابق انہوں نے بگ بیش لیگ میں واپس نہ جانے کا فیصلہ آئی سی سی ٹی 20 ورلڈکپ 2026ء کی بھرپور تیاریوں اور اپنے ورک لوڈ کو مینیج کرنے کے لیے کیا ہے۔ شاداب خان نے سوشل میڈیا پر اپنی پوسٹ کے ذریعے سڈنی تھنڈر کی انتظامیہ، کھلاڑیوں اور سپورٹ اسٹاف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا "ٹیم کے ساتھ وقت گزار کر بہت خوشی ہوئی، اگرچہ اس بار ہم فائنل تک رسائی حاصل نہ کر سکے لیکن سڈنی تھنڈر کی نمائندگی کرنا ہمیشہ ایک اچھا تجربہ رہتا ہے۔" رواں سیزن میں شاداب خان نے اپنی ٹیم کے لیے کل 6 میچز کھیلے تھے۔ شاداب خان اب اپنی تمام تر توجہ قومی ٹیم کی فتوحات اور آئندہ برس ہونے والے عالمی کپ کے لیے اپنی فارم اور فٹنس کو بہتر بنانے پر مرکوز کریں گے۔

GRAND WINTER SEASON OFFER — UPTO 20% LESS THAN MARKET PRICE
SHYAMBAZAR FIVE PIONT CROSSING
SHYAMBAZAR HARALALKA (P) LTD.
222/A, A.P.C. ROAD, KOLKATA-700 004,
Phone: 2555-9386
KOLKATA'S ONLY RAINY WINTER SEASON'S SHOP
JOCKEY • LUX • RUPA • MONTE CARLO
BOMBAY DYEING • RAYMOND • OWM
SWEATER, CARDIGAN, SCHOOL, SWEATER, BLAZER, WIND CHEATER, JACKET, JAWAHER COAT, TRACK SUIT, PANCHU, CASHMILON & WOOLYCOT BLOUSE, WOOLEN & KASHMIRI CHADAR BLANKET & BLANKET COVER: WOOLYCOT GANJEE, MUFFLER, WOOLLEN CAP HAND GLOVER, NECK GUARD, SOCKS, TOOSH, MALIDA, LADIES & GENTS KASHMIRI SHAWL : COTTON SAREE, BENARSI, SYNTHETIC SAREE, CARPET, BEDSHEET, BEDCOVER, JEANS PANT, SHIRT PANT PSC, STARANJEE, UMBRELLA, RAINCOAT, AIR PILLOW, HOT WATER BAG, COTSOLE SHIRT & PUNJABI, MAHENDRA DUTTA, K.C.PAUL, DUCK BACK.
We are manufacturers & Suppliers of Summer Wear, Winter & Safety equipments to industries, factories, offices and Others.

انڈر 19 ورلڈکپ: دفاعی چمپئن ہندوستان اور ابھرتی ہوئی امریکی ٹیم کے درمیان مقابلہ

بلاوایو، 14 جنوری (یو این آئی) آئی سی سی انڈر 19 ورلڈکپ 2026 کا میلہ سج چکا ہے، جہاں کرکٹ کی دنیا کی روایتی طاقت ہندوستان جمعرات کو امریکہ کے خلاف اپنے اعزاز کے دفاع کا آغاز کرے گی۔ کوئینز اسپورٹس کلب میں ہونے والے اس میچ میں ہندوستانی ٹیم کو واضح طور پر فیورٹ قرار دیا جا رہا ہے۔ انڈر 19 ورلڈکپ کی تاریخ کی کامیاب ترین ٹیم انڈیا، زمبابوے میں اپنے مکمل تسلط کے ساتھ پہنچی ہے۔ ہندوستانی ٹیم کی حالیہ کارکردگی غیر معمولی رہی ہے، ہندوستان نے اپنے گزشتہ 10 میں سے 9 میچوں میں کامیابی حاصل کی ہے۔ بیٹنگ لائن میں ویبھو سوریہ ونشی مرکزِ نگاہ ہیں، جنہیں ٹورنامنٹ کا ابھرتا ہوا ستارہ مانا جا رہا ہے۔ کپتان آیوش مہاترے کی کوشش ہوگی کہ پہلے ہی میچ میں بڑی جیت حاصل کر کے دیگر ٹیموں کو خطرے کا پیغام بھیجیں۔ دوسری جانب اتکرش سریواستو کی قیادت میں امریکی ٹیم ہے، جو اگرچہ تجربے میں کم ہے لیکن بڑے اسٹیج پر خود کو ثابت کرنے کے لیے پرجوش ہے۔ پاکستان کے خلاف وارم اپ میچ میں شکست کے بعد امریکہ کے لیے ہندوستان جیسی مضبوط ٹیم کا سامنا کرنا ایک کڑا امتحان ہوگا۔ اوپنرز امریندر گل اور ساحل گرگ پر ذمہ داری ہوگی کہ وہ ہندوستانی بالرز کے ابتدائی دباؤ کو کم کر سکیں اور ایک باعزت اسکور کی بنیاد رکھیں۔ کوئینز اسپورٹس کلب کی پچ حالیہ سیزن میں بلے بازوں کے لیے سازگار ثابت ہوئی ہے۔ یہاں بڑا اسکور بننے کے قوی امکانات ہیں، جوان ٹیموں کے لیے فائدہ مند ہے جن کی بیٹنگ میں گہرائی موجود ہے۔ تاریخ بتاتی ہے کہ اس گراؤنڈ پر پہلے بیٹنگ کرنے والی ٹیم کو برتری حاصل ہوتی ہے، اس لیے ٹاس جیتنے والی ٹیم پہلے بیٹنگ کو ترجیح دے گی۔ یہ مقابلہ ایک طرف قائم شدہ عالمی معیار اور دوسری طرف ابھرتی ہوئی ہمت کے درمیان ہے۔ جہاں ہندوستانی ٹیم ایک اور ٹائٹل کی تلاش میں ہے، وہیں امریکہ اس موقع کو اپنی پہچان بنانے کے لیے استعمال کرنا چاہتا ہے۔ چاہے نتیجہ کچھ بھی ہو، یہ میچ ٹورنامنٹ کی سمت متعین کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

کے ایل راہل کی ناقابلِ شکست سنچری، نیوزی لینڈ کا زبردست جواب

راجکوٹ، 14 جنوری (یو این آئی) انڈیا کے 284 رن کے جواب میں نیوزی لینڈ نے 34 اوور میں 2 وکٹوں کے نقصان پر 178 رن اسکور کر لئے اور ایسا لگ رہا ہے کہ دوسرا میچ نیوزی لینڈ جیت کر اسکور 1-1 سے برابر کردیگا۔ اس میچ میں نیوزی لینڈ کے ینگ نے 68 اور میچل نے 78 رن بنا کر 100 سے زیادہ رنوں کی پارٹنرشپ کر لی ہے اور اپنی ٹیم کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے قریب ہے۔ اسٹار بلے باز کے ایل راہل کی شاندار سنچری اور کپتان شبھمن گل کی نصف سنچری کی بدولت ہندوستان نے نیوزی لینڈ کے خلاف دوسرے ون ڈے میچ میں مقررہ 50 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 284 رنز بنا لیے ہیں۔ ہندوستانی اننگز کی خاص بات کے ایل راہل کی ذمہ دارانہ بیٹنگ رہی۔ انہوں نے پانچویں نمبر پر بیٹنگ کرتے ہوئے صرف 92 گیندوں پر 112 رنز کی ناقابلِ شکست اننگز کھیلی۔ ان کی اننگز میں 11 دلکش چوکے اور ایک بلند و بالا چھکا شامل تھا۔ یہ راہل کی ون ڈے کرکٹ میں آٹھواں سنچری ہے۔ انہوں نے رویندر جڈیجہ کے ساتھ 88 گیندوں میں 73 رنز، نتیش کمار ریڈی کے ساتھ 49 گیندوں میں 57 رنز اور محمد سراج کے ساتھ 16 گیندوں میں 28 رنز کی شراکت داری کر کے ہندوستان کے اسکور کو استحکام بخشا۔ میچ کے آغاز میں نیوزی لینڈ نے ٹاس جیت کر پہلے بولنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ بیٹنگ کے لیے آنے والے شبھمن گل اور روہت شرما نے شاندار شروعات کی اور پہلے وکٹ کے لیے 70 رنز جوڑے۔ 13 ویں اوور میں کریسٹین کلارک نے روہت شرما کو آؤٹ کر کے نیوزی لینڈ کو پہلی کامیابی دلائی۔ روہت نے 38 گیندوں میں 24 رنز بنائے۔ 17 ویں اوور میں کائل جیمیسن نے شبھمن گل کو آؤٹ کر کے ہندوستان کو بڑا دھچکا دیا۔ شبھمن گل نے 53 گیندوں میں 9 چوکے اور ایک چھکا لگا کر 56 رنز کی اننگز کھیلی۔ اس کے بعد شریاس ایئر اور ویراٹ کوہلی کو بھی کلارک نے آؤٹ کیا۔ ویراٹ نے 29 گیندوں میں 23 رنز بنائے جبکہ ایئر 17 گیندوں میں 8 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ دو وکٹیں جلدی گرنے کے بعد ہندوستانی ٹیم کو کے ایل راہل اور رویندر جڈیجہ کی جوڑی نے سہارا دیا۔ دونوں نے پانچویں وکٹ کے لیے 73 رنز کی شراکت داری کی۔ 39 ویں اوور میں مائیکل بریسویل نے جڈیجہ کو آؤٹ کر کے اس شراکت کا اختتام کیا۔ جڈیجہ نے 44 گیندوں میں 27 رنز بنائے۔ نتیش کمار ریڈی نے 21 گیندوں میں 20 رنز بنائے اور ہرشیت رانا 2 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ ہندوستان نے مقررہ 50 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 284 رنز بنائے۔ نیوزی لینڈ کے لیے کریسٹین کلارک نے 3 وکٹیں حاصل کیں، جبکہ کائل جیمیسن، جکیری فاکس، جیڈن لینوکس اور مائیکل بریسویل نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ (آخری خبر آنے تک) رپورٹ نامکمل!

Congratulations to
Kolkata Public English School
From HRH Prince Dr. M. A. Ali
Director : World Meet Thailand Indonesia UK

گٹھیا کے درد میں؟
کسی بھی قسم کے درد، چوٹ موچ، گٹھیا، جلنے، کٹنے اور بچوں کی مالش میں بہت مفید ہے
زعفرانی تیل ®
ZAFRANI TEL

گیسٹک کے درد میں بدہضمی
بھوک کی کمی، درد جگر
قبض، سینے کی جلن اور
پیٹ کے امراض میں بے حد مفید ہے
گیسٹک کے درد میں
GASTRIC KE DARD MEIN?
QADRI QABZTROZIN
قادری قبض ٹروجن

قادری دواخانہ
Qadri Dawakhana ™
LARGEST UNANI G.M.P. CERTIFIED COMPANY
An ISO 9001:2015 Certified Company
Head Office : B-35/1, Iron Gate Road, Kolkata - 700 024, Ph : 033-2469-3173

Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor-Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804
پرنٹرو پبلیشر شری پریم شنکر کے ذریعہ 30 رچترنجن ایوینو، چوتھی منزل، کولکاتا۔ 12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیوٹ لمیٹڈ۔ 789، چوبھاگا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتہ۔ 105 سے شائع۔ ایڈیٹر: پریم شنکر، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی۔ (پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ) RNI WBURD/2014/56804